وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ

حکیم مطلق وشافی برحق کا احسان ہے کہ اندنون یہ نسخہ نادر قانون معالجہ جانوران مقبول ہر قاصی ودانی عنی

دوا البہائم والطیور

موسوم بہ

علاج احسانی

مصنفہ جالینوس زمان بقراط دوران حکیم احسان علیخان وکیل مرحوم

بیت الشفای مطبع منشی نولکشور میں مرزا [illegible] طبع جلا بخش دیدۂ اہل جہان ہوا

اطلاع

اس مطبع مین ہر علم و فن کی کتب موجود ہین شائقین کو فہرست مطول سی جو علیحدہ موجود ہی اور بدرخواست کرنے سے مل سکتی ہے اور معلوم ہو سکتا ہے کہ قیمت اس سال مین نہایت ارزان و غیر ہوئی ہے ہم صرف چند کتب طب اردو و فارسی کی درج ذیل کرتے ہین ـ

کتب طب اردو

زبدۃ الحکمت تصنیف مولوی قمر علی صاحب ساکن مستقر [illegible]
اسمین فصول اربعہ کی روزمرہ چیزونکی کھانی کا بیان خوب ہے

مفید الاجسام مع فوائد عجیبہ میر فضل علی دہلوی حال ساکن
لکھنؤ کی تصنیفات سی ہی ہر قسم کے امراض کی نسخجات مجرب مندرج ہین

طب احسانی حکیم احسان علی صاحب وکیل فتحپور کی تالیفات سے ہے
مشہور ہی اور معالجات امراض بترتیب اعضا کیا گیا ہی مطبوعہ عمدہ

علاج الغربا باہتمامی مالک مطبع ہذا فارسی سی ترجمہ ہوا اور
ہی تصنیف مطبع کوڑیونکی دوا قیمتی کام کرتی ہے

مخزن الادویہ اردو دو جلد باہتمامی مالک مطبع مولوی
محمد نور کریم مرحوم کی ترجمہ فرمایا اب از سر نو صحت کر کے ہر ایک طبع ہوئی

زینت الخیل منظوم فن معالجہ گھوڑونمین مع تصاویر رنگین
عمدہ طبع ہوئی ہی تصنیف منشی تقی صاحب کتاب بے مثل ہی

ایضاً
مع رنگ

ترجمہ طب اکبر اردو یہ ترجمہ تمام خوبی سی ہوا ہی ہر ایک مطلب
دقیق کو ساتھہ محاورہ کے زبانکی تحریر کیا ہی بعد فروخت کل مطبوعہ
از سر نو باصلاح فہرست مفصلہ بحسن اہتمام چھپا ہی

قانون عشرت مصنفہ حکیم عشرت حسین صاحب اعلی کتب طب سی
استخراج کر کے نسخجات مجربہ کو یکجا جمع کیا ہے

تحفۃ الاطبا تصنیف حکیم مشرف حسین صاحب خیرآبادی نہایت عمدہ ہے

قرابادین شفائی فن حکمت مین نہایت عمدہ اور بے مثل ترجمہ ہوا ہے

قرابادین کافی فارسی سی اردو مین نہایت عمدہ ترجمہ ہوا ہے

مجربات اکبری اردو یہ کتاب طب مین بہت عمدہ ہے

طب نبوی - کہ جسکا ہر نسخہ مریضونکی لیے نوشدارو ہی تصنیف
فاضل اکمل حافظ اکرام الدین صاحب مرحوم کا ہے

رموز الحکمت تصنیف حکیم رجب علی صاحب فن طب مین نہایت عمدہ ہے

معالجات احسانی یہ عجیب غریب فن طب کی اردو کتاب ہی مصنفہ
جناب فلاطون زمان حکیم احسان علی صاحب وکیل عدالت فتحپور

ترجمہ اردو علاج الامراض مشہور و معروف جامع فن طب کی
کتاب کا ترجمہ مالک مطبع کی ایما سی حکیم حاذق طبیب کامل حکیم محمد ہادی حسن
صاحب طبیب مرادآبادی کیا گیا اور بفضل خدا بخوبی مروج ہوا

مرکبات احسانی - یہ کتاب مثل قرابادین احسانی کی نافع و
جامع تصنیفات جناب حکیم احسان علی مرحوم وکیل عدالت فتحپور
حال باندہ سی ہی جسنے تجربہ کیا تمامی نسخجات کو مجرب پایا

وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ

حکیم مطلق و شافی برحق کا احسان کہ اندنون یہ نسخہ نادر قانون معالجہ جانوران مقبول ہر قاصی و دانی

دوا البہائم و الطیور

موسوم بہ

علاج احسانی

مصنفہ جالینوس زمان بقراط دوران حکیم احسان علیخان وکیل گورنمنٹ

الشفای کو نولکشور مزا پا اثر الجہان ہوا
بیت مطبع منشی مین ج طبع جلا بخش دیدہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد حمد بحید خالق جل وعلی ونعت بی غایت خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے
جاننا چاہیئے کہ ایزد کبریا نے نعمتین بے انتہا انسان ضعیف البنیان کو عطا فرمایا ان مین سے
یہ بھی نعمت عظمی ہے کہ دواب وطیور پر ایسا اقتدار ملکیت وحکومت کا دیا کہ ہر امیر وفقیر علی قدر
حال اونپر اپنا تسلط رکھ سکتا ہے وانواع صیانت جسمانی وراحت روحانی پاتا ہے سواری
سے عزت ارابہ کشی سے سبکدوشی وفرحت ماکولات سے لذت وطاقت خوش الحانی سے
حظ سماعت دیکھنے سے لطف بصارت تجارت سے بشرط عقل منفعت حاصل کرتا ہی مگر وہی مملوک
غیر ناطق کبھی بے پروائی انسانون سے کبھی تغیر آب وہوا وتخالف غذا سے مبتلائی زحمت علالت
ہو جاتے ہین اس لئے مزید عنایات الٰہی یہ ہی کہ انسانونکو قوت ادراک اونکے بچوری وتدابیر دفع
بیماری کے عنایت کیا ہے وہر آئنہ مدادا ایسے حیوانات غیر ناطق کا جو اپنے آلام وعلل مین بھی
فرمان برداری مالک مجازی سے قاصر نہین رہتے اقسام حسنات سے متصور ہے واعانت اس
امر پر خالی از ثواب نہین لہذا یہ رسالہ مختصر دوار البہائم والطیور موسوم بہ **علاج احسانی**
لکھا جاتا ہے اللہ تعالی قدردانونکو پسند وحاجت مندونکو سودمند فرماوے آمین ثم آمین

مقدمہ اس کتاب مین ع علامت لفظ علاج کی و ص نشان لفظ صنعتہ یعنے تدبیر بنانے دواکی اور دو خط محرف اس شکل کے ،، بجای لفظ ایضاً کے لکھا جایگا فائدہ خوراک روزانہ جس چیز کی لکھی جایگی وہ جانور متوسط کی ہے معالجہ کرنیوالے کو لازم ہے کہ بڑے یا چھوٹے جانور کی خوراک بقدر مناسب تجویز کرلیوے فائدہ اس رسالہ مین نام امراض کی بالفاظ مشہورہ لکھے جاینگے جس زبان مین کہ ہون اس لیئے کہ جب ماہیت مرض کی لکھی جائیگی تو عدم تعرف زبان سے کچھہ ہرج متصور نہین ہے

باب اول بیان اسپ ادویات و معالجات مین کہ واسطے دوا کرنے گھوڑون وغیرہ کی کارآمد و موثر مفید ہین

فصل اول دلائل تشخیص کیفیت تغیر مزاج اصلی مین آب جاننا چاہیئے کہ مزاج کل قسم کی بہائم مین تین کیفیت بخوبی متاثر ہوتی ہین سردی و گرمی و بادی اور تشخیص و تجویز ان تینون کے چھہ طرح پر ہوتی ہے ایک رنگ بطانہ یعنی گوشہای آنکھون سے کہ رنگ اصلی اون کا متغیر بسرخی ہونا دلیل حرارت و بسفیدی دلیل برودت و بزردی دلیل بادی ہے دوسرے تغیر رنگ و مقدار بول سے کہ سرخی و قلت دلیل گرمی و سفیدی و کثرت دلیل سردی و زردی دلیل بادی کی ہے مگر مثل بول انسان کے قارورہ مین نہین دیکھا جاتا وقت اورار کے امتیاز کیا جاتا ہے۔ تیسرے تغیر براز سے کہ پتلا و رقیق ہونا اوس کا اگر علامات گرمی کے ساتھہ ہوئے تو گرمی سے اور اگر علامات سردی کے ساتھہ ہوئے تو سردی سے ورنہ صرف بدہضمی سے و خشکی دلیل گرمی کی ہے۔ چوتھی دونون کان کی جڑ مین ایک ایک شریان جہندہ ہے تفحص سے اکثر محسوس ہوتی ہے سرعت حرکت اوسکی دلیل حرارت کی و سستی دلیل برودت و بادی کی ہے پانچوین لمس کا نو نکا کہ حرارت اوسکی گرمی سے و برودت سردی سے ہے چھٹوین تغیر حالات عادت سے مثلاً عدم رغبت غذا کی دلیل بدہضمی و پریشانی صورت و اوٹھنا بیٹھنا زیادہ دلیل درد پیٹ کی و سکوت زائد دلیل سر کی ہو و اضطراب و سوء تنفس دلیل گرمی کی ہے فائدہ اس قدر تشخیص ضرور ہے کہ مرض موجود گرمی سے ہو یا سردی سے یا بادی سے اور تمام بدن مین ہے یا کسی عضو خاص مین ہے +-

فصل ۲ — بیان متعلقات فصد مین — واضح ہو کہ اکثر بیماریان دواب کی خصوص گھوڑے کی فصد سے دفع ہو جاتی ہین مگر فصد کرنا محض کتاب دیکھنے سے نہین آسکتا جبتک

اوسکے قواعد دریافت نہون و مشتاق بہم نہ پہونچے الا الغرض تعرف اسقدر لکھنا مناسب ہے کہ
عروق مفصودہ اکیس ۲۱ عدد بتفصیل ذیل ہین لیکن گھوڑون کی فصد ان سب رگونسے بوقت مناسب
لیجاتی ہین و اور جانورونکی فصد صرف بعض بعض رگونسے بضرورت قوی لیجاتی ہی دو رگ صفدع کہ زبانکے
نیچے دونون طرف مقابل سامنے کی دانتون کے ہین فصد اونکی دافع امراض دہن وورم اندرون گلوکی
ہی دو رگ منخر کہ ایک ایک دونون نتھنون مین ہین فصد اونکی دافع امراض آنکھ وناک وکان ومنہ کے ہین دو
رگ دواج کہ ایک ایک دو کانون کے نیچے سے بطرف گردن کے ہین فصد اونکی امراض کان وخارش و
بال گرنے واورام دماغ کو مفید ہی دو رگ آخرش ایک ایک دونون مونڈھے پر بطرف پشت کے گئی ہین فصد
اونکی واسطے امراض پشت وکمر صعوبت نشست وبرخاست وتشنج اطراف کے مفید ہے دو رگ مازر
کہ ایک ایک دونون پہلو پر اگلے شانون سے طرف پیٹ کے گئی ہی واسطے دفع بدحواسی وجنون وسر ٹپکنے
وسر ہلانے کے مفید ہے دو رگ ذراع کہ ایک ایک دونون طرف سینہ سے بطرف دماغ کی گئی ہین
فصد اونکی واسطے امراض سینہ واگلے پیرون کے مفید ہے چار رگ صافنات کہ ایک ایک چارون
پاؤن مین اندر طرف گھٹنون کے نیچے ہین فصد اونکی واسطے دفع سستی رفتار وامراض پیرون کے
مفید ہے جس پاؤن مین مرض ہو اوسے کھولنا چاہیے چار رگ وحشیات کہ ایک ایک چارون پاؤنکے
باہر طرف گھٹنون کے نیچے ہین فصد اونکی واسطے امراض پاؤن وحرارت مفرط کے مفید ہے ایک
رگ ذنب کہ دم کے نیچے ہے فصد اوسکی قریب مبرز سے واسطے امراض خصیہ کے مفید ہے **فائدہ**
بعضی رگین بندش سے اور بعض بلا بندش کے نمودار ہوتی ہین و عروق کم نمود کی فصد بعد دفع
کرنے بالون کے کرتے ہین یہ امورات معالج کی رائے پر منحصر ہین **فائدہ** بعد اخراج خون کے بندش
کھولنے وسرد پانی ڈالنے خواہ کپڑا سرد پانی مین ترکر کے باندھنے سے جیسا موقع ہو خون بند ہوتا جاتا ہی
اگر بند نہووے تو خاکستر کپڑے خواہ کاغذ کے بھرنے سے یا گوند ببول ودم الاخوین یا مصطگی رومی
سفوف کرکے بھر دینے سے خون بند ہو جاتا ہے ✤

فصل ۳ — قواعد کلیہ مین — **قاعدہ** جب دواب مین کوئی بیماری خاص ظاہر نہووے
وحالت صحت اوسکے متغیر معلوم ہو تب اوسکو فاقہ کرانا مناسب ہی خواہ راتب بند کیا جاوے صرف
تھوڑا علف دیا جاوے اوس سے صحت ہو جاتی ہے **قاعدہ** نر و مادہ کی دوا یکسان کرنا چاہیئے کچھ

تفاوت درکار نہین ہے **قاعدہ** دواب غلہ خور کو دوسے آٹے کے ساتھہ کھلانا چاہیئے ایام و امراض
گرم مین آرد جو یا آرد نخود کے ساتھہ و ایام و امراض سرد مین آرد موٹھہ یا مسور یا باجری کے
ساتھہ **قاعدہ** اگر دوا نکھا سکے تو بدون ملائے کسی قسم آٹے کے دوا رقیق کرکے نال سے پلانا
چاہیئے نال یہ ہے کہ بانس کا چونگا جس کا مونھہ قلم تراش ہوئے اوسمین دوا بھر کے اندر
حلق جانور کے چھوڑنا **قاعدہ** آرد گندم و آرد جوار کھلانا قطعاً ممنوع ہے کہ موجب درد شکم و دیگر
امراض بادی کا ہوتا ہے **قاعدہ** دوای مسہلہ بدون ملانے آٹے کے رقیق کرکے نال سے
پلانا چاہیئے **قاعدہ** ایام و امراض گرم مین دواب کو یہ اجزا کھلانا پلانا مفید ہے ص ہلیلہ
زرد و ہلیلہ آملہ زیرہ سفید سفوف کرکے چار پہر پانی مین تر کرکے ״ کشنیز خشک و کتیرا سفوف کرکے
کیلہ کی جڑ کے پانی مین تر کرکے ״ زیرہ سفید آملہ سونف تخم کاسنی سفوف کرکے باضافہ شکر
سفید پانی مین سان کر کھلانا چاہیئے و علف ہای سرد مثل برگ خرفہ و کاسنی و پالک و کشنیز و
غلہ نخود و جو دینا چاہیئے **قاعدہ** امراض و ایام سرد مین کھلانا پلانا ان چیزون کا مناسب ہے
ص زنجبیل یا مرچ سیاہ پیپل سفوف کرکے نمک سانبھر یا نمک لاہوری ملاکے ״ اجوائن
دیسی کنگی اجمود ہر یا ہر بہر نگ سفوف کرکے قند سیاہ مین ملاکے ״ رائی گھوڑ بچ کنگی سونٹھہ
کسی نمک کے ساتھہ ״ لہسن مرچ سیاہ پیاز اجوائن قند سیاہ کے ساتھہ ״ زنجبیل و ہلیلہ
زرد نا گرموتھہ و ہلدی دوار ہلد بوزن مساوی جوشاندہ کرکے پلانا ״ ہلدی و پیپل و ہلیلہ زرد
و ہلیلہ سیاہ مساوی قند سیاہ مین ملاکر کھلانا و علف ہای گرم مثل برگ سوبہ و میتھی و سلسون
و شلجم و غلہ موٹھہ و عدس و باجرا کھلانا چاہیئے ❊

فصل ۴ — امراض آنکھہ مین — اگر آنکھہ سے پانی بہتا ہو اور کنارے آنکھہ کے
سفید خواہ سرخ ہوگئے ہون اور کبھی اس عارضہ مین برونی کے بال بھی گرجاتے ہین **ع**
ہلیلہ بلیلہ آملہ بوزن مساوی پانی مین تر کر رکھین وہی پانی آنکھہ پر ڈالا کرین اگر اس سے دفع
نہوئے تو انھین چیزون مین رسوت و آنبہ ہلدی و لودھ و پھٹکری ملاکے جوش کر رکھین اوسکو
سرد کرکے آنکھہ پر ڈالا کرین اگر آنکھہ مین جالا یا پھلی یا ناخنہ ہو جاوے **ع** آب سرد مین نمک
گھولکر تھار مونھہ مین لیکر اوس پانی سے آنکھہ پر پھونکین ״ آدمی کا بول تازہ

آنکھہ پر چھڑکنا ،، نمک سنگ کو شہد مین گھس کر لگانا ،، کانچ کی چوڑی کو سرمہ کرکے آنکھہ
مین لگانا ،، ٹھیکری خواہ سیندور خواہ چینی کا ٹکڑا جس کا برتن ہوتا ہے خواہ پرانی اینٹ کو
سرمہ کرکے لگانا ،، ہاتھی کا ناخن اور پھٹکری بریان پانی مین گھس کر لگانا ،، گیرو تین حصہ
قلمی شورہ ایک حصہ سرمہ کرکے لگانا ،، برنج ساٹھی کو مدار کے دودھ مین تر کرکے خشک کرین
اور گل حکمت کرکے اتنی آنچ مین رکھین کہ کویلا ہو جائے اوسکے ہموزن تخم سرس و تخم ریٹھہ
و نمک سنگ ملاکے بطور سرمہ بناکے لگایا کرین ،، پوست بیضہ مرغ کو گل حکمت کرکی جلادین
اور ہموزن اوسکے گندھک آنولہ سار و توتیاے ہارونی بول آدمی مین کھرل کرکی گولیان
باندھ رکھین اور بروقت لگانے کے گولی کو بول آدمی مین صلایہ کرکے لگایا کرین ،، مرغ
یا کبوتر کا بیٹ تازہ لگانا اگر آنکھہ پر صدمہ چوٹ کا پہونچا ہو ع برگ مکوے تازہ و برگ
سنبھالو پیسکر کپڑے کی پوٹلی مین رکھہ کر نیم گرم سینکین ،، آنبہ ہلدی چاکسو یعنے ہالون
سفوف کرکے دو دو تولہ و مائدہ گندم تین تولہ مع تھوڑی پیاز کچل کر باہم ملادین اور سبکو
روغن زرد و پانی مین سانکر دو پوٹلی بنادین او نیم گرم سینکین ،، ترپھلا پانی مین تر کرکے
اوس پانی مین آنکھہ دھووین ،، کف دریا کو چاول کی پیچہ مین صلایہ کرکے اوسمین
تھوڑا شہد ملادین ÷-

فصل ۵ - خارش مین - اگر خشک خارش ہووے ع ہرتال و نمک سانبھر بوزن
مساوی سفوف کرکے گاے کے گھی مین ملاکے دو تین روز لگانا اور جانور کو تھوڑی دیر تک
دھوپ مین رکھنا ،، گندھک نینا دو جزو پارہ ایک جزو مغز بادام تلخ تین جزو خوب گھس کے
روغن گاو مین ملاکر لگانا ،، سرکہ و شراب ہموزن مالش کرنا اور اگر خارش تر ہووے یعنے
چمڑا پھٹ پھٹ کر رطوبت نکلتی ہووے ع صابون و سیندور و خردل بوزن مساوی
سرکہ مین پیسکر مہی یعنے چھاچھہ ملاکر لگانا ،، پارہ ایک جزو پھٹکری دو جزو خاکستر چوب
انگور تین جزو سرکہ مین پیسکر روغن گاو شستہ مین ملاکر لگانا ،، صابون و نمک روغن گاو
شستہ مین ملاکر لگانا فائدہ یہ دوائین دو قسم کی خارش کو دفع کرتی ہین ص حقہ کے
پانی سے تمام بدن دھونا ،، تینا کو خشک کو چار پہر پانی مین تر کرکے تلکر

اوس پانی کو تمام بدن پر ملنا اور جب خشک ہو جاوے تب سرد پانی سے غسل کرانا ۔۔ پا و بھر دال ماش پانی مین تر کرکے چھٹانک بھر مرچ سرخ ملا کر پانی مین پیسکر لگانا اور جب خشک ہو جاوے تب سرد پانی سے دھونا ۔۔ باروت کو دہی مین گھولکر لگانا ۔۔ آدھ پاؤ صابون اور چھٹانک بھر نمک پانی مین گھولکر لگانا ۔۔ پیپل کے پتے تازہ پانی مین پیسکر خواہ خشک پتے جلا کر سرسون کی تیل مین ملا کر لگانا اور چار گھڑی کے بعد دھونا ۔۔ **فائدہ** صابون کو گرم پانیمین گھولیں اوس سے تمام بدن دھو کر دوا خارش کی لگانا بہت جلد صحت بخشتا ہے ❊۔

فصل ۶ ۔ بال جھڑنے مین کبھی عارضۂ خارش سے یا کسی دوسرے سبب سے دُم کے بال خواہ دوسری جگہ کے جھڑ جاتے ہین **ع** کنجد سیاہ جلا کے پانی مین پیسکر ایک ہفتہ تک لگانے سے بال جم آتے ہین ۔۔ بیگن کو پانی مین پکا کر ملکر لگانا ۔۔ جھینگا مچھلی پانی مین ملکر اوس پانی کو بالون کے مقام پر ملا کرنا ❊۔

فصل ۷ ۔ اورام و صلابت اعضا مین ۔ اگر مواد اندرونی سے کسی عضو مین ہوے **ع** اورام سرد مین پتھر خواہ اینٹ سے سینکنا ۔۔ چونہ کی کلی سے سینکنا ۔۔ باجرا اور رائی نیمکوفتہ سے سینکنا ۔۔ گیرو ونانخواہ پانی مین پیسکر نیمگرم لگانا ۔۔ گیرو و کالی زیری ۔۔ برگ مکوے برگ سنبھالو امربیل درخت روسہ کی ۔۔ سرسون کی کھلی اور سانپ کی بانبی کی مٹی نیمگرم لگانا ۔۔ مغز تخم ارنڈ مغز تخم پنبہ دانہ ایک ایک جزو ایلوا نیم جزو پانی مین پیسکر نیمگرم لگانا و آورام گرم پر گیرو و اسبغول گشنیز و آرد جو پانیمین پیسکر سرکہ ملا کے لگانا و اگر گانٹھو نمین سختی ہو جس سے چلنے مین لنگڑاتے گرے **ع** زنجبیل سرکہ مین پیسکر نیمگرم لگانا او مالش کرنا ۔۔ کچلا سات عدد امربیل درخت روسہ کی گھونگچی و لہسن دو دو پیسہ بھر پانیمین پیسکر سرسون کی تیل مین پکا کر مالش چاہیئے اگر بچھہ گردن لگا یا کسی عضو کا سخت ہو جائے **ع** سانپ کی بانبی کی مٹی اور بھیڑ کی مینگنی بوزن مساوی نازہ گاو کے پیشاب مین پیسکر نیمگرم لگانا اور مالش کرنا ۔۔ گیرو و صابون مساوی سرسون کے تیل مین پکا کے ملنا ❊۔

فصل ۸ ۔ امراض سُم اور کھُری مین ۔ اگر پھٹ کر اوس سے رطوبت نکلتی ہوے کہ اوس سبب سے چلنا دشوار ہووے **ع** چراغ کا تیل ٹپکانا ۔۔ مصطگی رومی و کمیلا بکری کی چربی مین مخلوط کرکے لگانا ۔۔ بکری کے سر کی ہڈی و پوست بیضۂ مرغ جلا کے سفوف کرین اور تھوڑا کشتہ قلعی و زعفران

ملاکے روغن کنجد مین مرہم بناکے لگایا کرین ٭۔

فصل ۹ — اگر کسی جگہہ بدن جانور کا آگ سے جل جاوے جس سے جلد پر آبلہ پڑجاوے یا زخم ہوجاوے ع پیاز کچل کر اوسکا پانی ٹپکانا ؍؍ کیلے کی جڑ کا پانی ٹپکانا ؍؍ چونے کی کلی پانی مین گھولکر اوسکا زلال لیکر السی کے تیل مین گھیپ کر رکھین اور ایک لکڑی مین کپڑا باندھکر اوس سے لگایا کرین ٭۔

فصل ۱۰ — چوٹ چپیٹ مین — اکثر اوقات چوٹ یا ضرب اتفاقی سے یا باہم لڑنے سے یا پاؤن پھسلنے سے جانور کو صدمہ پہونچتا ہے اوس صدمہ سے اگر کسی عضو مین صرف ورم ہوجاے یا کسی عضو کے عصب مین تشنج یا استرخا ہوجاے ع کوٹھ کے چکر کی مٹی و برگ انبلی جوش کرکے اوسکو نیمگرم مالش کرنا مفید ہے ؍؍ آنبہ ہلدی و ہلون و کنجد سیاہ ہموزن پیسکر نیمگرم لگانا ؍؍ ہلدی دو حصہ صابون ایک حصہ پانی مین پیسکر نیمگرم لگانا ؍؍ برگ سنبھالو برگ مکوے برگ انبلی برگ بکاین ہموزن جوش کرکے اوسکے پانی نیمگرم سے مالش کرنا ؍؍ پیاز نیمکوفتہ دو گانٹھہ ہلدی و ہلون نیمکوفتہ دو پیسہ بھر آرد گندم آدھ پاؤ باہم مخلوط کرکے روغن زرد مین تلکر دو پوٹلی بناکے سینک کرنا نہایت مفید ہے **فائدہ** اگر دو چار روز تک درم تحلیل نہو تو بال دفع کرکے جونک لگاکے خون دفع کرنا چاہیئے ورنہ کبھی اوس ورم مین ریم پڑجاتی ہے اور اگر ہڈی پھٹ جاوے یا ٹوٹ جاوے یا جوڑ کھسک جاوے تو دستکاری درکار ہے کہ عضو ورم نکرنے پاوے بہت جلد موقع پر رکھہ کر باندھین اور السی کا تیل ٹپکایا کرین اور سور کی چربی آٹے مین ملاکر کھلایا کرین جب بندش کو کھولین تو سور کی چربی اوسپر لگایا کرین کہ مضبوط ہوجاوے خواہ سور کا براز گرما گرم لیپ کیا کرین کہ اس سے بھی جوڑ مضبوط ہوجاتا ہے ٭۔

فصل ۱۱ — زخمون مین — اگر کسی سبب سے زخم مثل خراش کے ہوجاوے تو کویلا سفوف باریک کرکے چپکا دینے سے خشک ہوجاتا ہے و اگر خون جاری ہووے تو اول اوسکا بند کرنا چاہئے ان تدابیر سے کہ اوسپر کپڑے کی گدی ترکرکے باندھین اور پانی ٹپکایا کرین ؍؍ سہاگہ بریان سفوف کرکے زخم مین بھرنا خواہ چھڑکنا ؍؍ رال سفید سفوف کرکے اور کپڑا جلاکے دونونکو بھرنا خواہ چھڑکنا اور جب خون بند ہوجاوے تو زخم کے پُر کرنے اور خشک کرنے کی فکر چاہیئے ع چونہ کی کلی اور دھوان

باورچی خانہ کا جو مثل خاک کے جابجا جمع ہو جاتا ہے ہموزن ملا کے خشک چپکا دین خواہ روغن
السی مین ملا کر لگایا کرین ؍؍ پاؤ بھر روغن کنجد سفید مین پندرہ عدد بھلانوان کو دو پارہ کرکے
جلاوین اور کوئیلا اوسکا دفع کرکے گندھک و طوطیا چھ۶ چھ ماشہ رال سفید دو تولہ سفوف کرکے
مخلوط کرین و تھوڑی آنچ دیکر رکھ لیوین و ہر روز دو تین بار لگایا کرین ؍؍ ہالون و ہلدی ہموزن
سفوف کرکے پانی مین سان کر کپڑے پر لگا کے چپکا دیا کرین ؍؍ لاکھ و نوسادر مساوی سفوف
کرکے روغن کنجد سفید مین پکا کے لگایا کرین ؍؍ برگ نیب تین تولہ طوطیا مردار سنگ رال سفید ایک
ایک تولہ آدھ پاؤ روغن گاؤ مین پکا کر رگڑ کر مثل مرہم کے کر ڈالین اور لگایا کرین ✤

فصل ۱۲ - پھوڑا تمام جسم سے جہان کہین ہو اولا ایسی دوائین لگانا چاہیے جس مین
تحلیل ہو جاوے ع پوست درخت کچنال پوست درخت سنبھل پانی مین پیسکر نیم گرم لگانا
و اگر موقع ہووے تو باندھنا ؍؍ پوست درخت جامون برگ نیب برگ نکوے گیرو ہموزن پانی
مین پیس کر نیم گرم لگانا ؍؍ تخم یا شاخ و برگ سویہ و کشنیز و گل یا شاخ و برگ بابونہ و ہلدی باہم
پیسکر لگایا کرین ؍؍ پوست درخت نیب و اجوائن دیسی و برگ روسہ پیسکر لگایا کرین اگر تحلیل
نہو تو یہ دوائین پکا کر لگانا چاہیے ص گیہون کا دلیا مہی مین نمک ملا کر پکانا اور لگانا ؍؍ دھان کے
چاول کو مہی مین نمک ڈال کے پکانا و لگانا ؍؍ مین پھل ملہٹی برگ سنبھالو ہموزن پانی
مین پیس کر نیمگرم لگانا اگر پک جاوے و از خود دانہ نہ ٹوٹے تو نشتر لگا کر چیر کر مواد دفع کرین
خواہ یہ دوائین لگا کے توڑین ع بیخال کبوتر بیخال مرغ خردل سفوف کرکے ملاوین اور پکا کر
نیمگرم لگایا کرین ؍؍ گوگل کو شہد مین ملا کر نیم گرم لگا دین ؍؍ اجوائن و قند سیاہ پیسکر نیمگرم لگا دین
اور جب چیرا جاوے یا ٹوٹ جاوے دو تین روز تک نیب کی پتی و نمک پیسکر نیمگرم لگایا کرین
کہ مواد خوب دفع ہو جاوے اوسکے بعد دوائین جو زخم کے پر کرنے و خشک کرنے مین لکھی ہین
اونکو استعمال کرین گے ✤

فصل ۱۳ - تدابیر مشترک مین جو زخم اور پھوڑا دونون مین یکسان ہین اگر کیڑے پڑ جاوین
تو یہ دوائین کیڑے مرنے کی استعمال کیجاوین ع گھوڑ بچ سفوف کرکے زخم مین بھرنا
؍؍ برگ تنباکو سفوف کرکے پر کرنا اور اوپر سے مٹی لیس دینا کہ ہوا نہ پہونچے گھٹ کر

مرجاوینگے ،، شرپفہ کی تازہ پتی پیسکر بھرنا ،، سس مور یہ جو ایک قسم کی گھاس چوڑی پتی کی زمین پر لیٹی ہوئی برسات مین جمتی ہے پیسکر بھرنا **فائدہ** اگر زخم کا مونھہ تنگ ہووے تو دوا دون کا پانی ٹپکانا چاہیے کہ عمق زخم تک پہونچے اگر گوشت نہ بھرتا ہووے ع ایک گرگٹ مارکے اوسکی دم اور پاؤن اور آلائش اندرونی دفع کرکے آدھ پاؤ روغن کنجد مین پکاوین جب سوختگی کے قریب ہو جاے اوٹھا کر رکھین اور ایک لکڑی مین کپڑا باندھ کر تیل مذکور مین ڈبو کر ٹپکایا کرین ،، دو پیسہ بھر چونہ کی ڈلی پاؤ سیر روغن السی مین گھیپ کر اوسی طرح لگانا ،، دس عدد بھلانوین تین چھٹانک روغن کنجد مین جلا کر اوسی طرح لگانا اور اگر زخم دھونا چاہین تو نیب کی پتی پانی مین جوش کرکے اوسی پانی سے دھویا کرین اگر زخم پر کھرنڈ جم جاوے جس سبب سے دوا مقام تک نہ پہونچ سکے تو نمک سفوف کرکے گھی مین ملا کر لگایا کرین جب نرم ہو جاے تو دفع کر دیوین اگر گوشت بھر جاوے مگر خشک نہوتا ہووے تو گدھے کی لید سفوف کرکے چھڑکا کرین ،، پورانی کچ سفوف کرکے خواہ پورانی اینٹ سفوف کرکے چھڑکین ،، اونٹ کی پسلی کی ہڈی جلاکے سفوف کرکے اور اگر زخم خشک ہو جاے مگر بال نہ جمتے ہون ع نیلبری آدمی کے تھوک مین گھسکر لگانا ،، نیلبری اور صابون پانی مین گھسکر لگانا ،، کنجد سیاہ جلاکر اوسکی خاک پانی مین ملاکر لگانا ++

فصل ۴ ا۔ ناصور کے دواؤن مین۔ اگر زخم سے یا پھوڑے سے ناصور ہو جاوے کہ اوس سے پانی وریم قلیل آیا کرے ع روغن زرد آدھ پاؤ گرم کرکے دو پیسہ بھر موم زرد ملا دین جب پگھل جاوے پیسہ بھر سیندور ملاکے بعدہ رال سفید نیلا تھوتہ مردار سنگ پیسہ پیسہ بھر سفوف کرکی مخلوط کرین کہ مثل مرہم کے ہو جاوے اوسکو بتی مین لگاکے ناسور کے اندر پہونچایا کرین ۔ ،، تین چھٹانک روغن سرشف گرم کرین اوسمین تین پیسہ بھر موم جو بتی کے جلنے سے ٹپکا ہووے ملا دین کہ پگھل جاوے زان بعد مردار سنگ سنگ دگلنار و سنگ سرمہ شاخ گوزن سوختہ زرد چوب پھٹکری بریان پیسہ پیسہ بھر سفوف کرکے مرہم بنا رکھین اور بتی مین لگاکے ناسور کے اندر پہونچایا کرین۔

انتباہ یہ معالجات شامل علاج جملہ جانورون کے نہین ہو سکتے۔

باب دوسرا تدبیرات و معالجات مخصوص گھوڑون مین اب جاننا چاہیے کہ یہ

فن موسوم بسالوتر منقسم بدو قسم ہے ایک مثل علم قیافہ جس سے بال بھونری ورنگ کی تاثیرات سے سعد و نحس مین امتیاز ہوتا ہے اور ہر ملک کے گھوڑون کی خوبیان اور برائیان دریافت ہوتی ہین اور دانت وغیرہ سے تعداد و مقدار عمر کی معلوم ہوتی ہے مگر یہ بات متفق علیہ جمہور کے نہین ہے بلکہ اکثرون کے نزدیک بعض اقسام اوسکے محض خیالی اور ظنی ہین دوسری مثل علم طب کے جس سے تدبیر تحفظ صحت و تشخیص امراض و مداوا اونکی ہوتی ہے اور محتاج الیہ کافہ انام کا ہے اور حقیقۃً برآمد کار خلائق کی اوس سے زیادہ ہوتی ہے لہذا راقم تحریر صنف اول سے درگذر کر کی تالیف صنف دوم مین صرف اوقات کرتا ہے ❊

فصل اوّل — تدبیرات حفظ صحت کے جو ہر ایام مین لازم ہے گرما مین دانہ و راتب بقدر چہارم کے کم کر دینا اور پانی بدفعات پلانا اور اکثر غسل کرانا خواہ موتھہ اور آنکھہ اور فوطہ دھو دھو ڈالنا چاہیئے اور دوپہر کو ستو نمکین خواہ شیرین پانی کے ساتھہ پلانا اور گھانس پکا کر کھلانا اور دوپہر کو سوار نہونا اور بروقت سواری کے مشقت پوئی و سرپٹ کی نلینا اور مکان سرد مین رکھنا و ہولے گرم سے حفاظت کرنا چاہیئے ایام سرما مین پانی کم پلانا اور آب شبنیہ سے اعتراز رکھنا و موتھہ کا میہلا خواہ نخود کا دانہ کھلانا چاہیئے و پھٹکری ایک حصہ و ہلدی تین حصہ سفوف کر کے دو چندان قند سیاہ ملا کے ہر روز کھلانا و راتب و مصالحہ ہاے گرم کھلانا و مکان گرم مین رکھنا اور محنت سواری کی لینا ایام برسات مین مکان ہوادار و صاف مین رکھنا اور بسبب اس کے کہ اون ایام مین گھاس خام ہوتی ہے گاہ گاہی رات کو تھوڑی شراب قبل دانہ کے پلانا اور یہ مصالحہ دانہ کے بعد کھلانا جسمین بادی زور نکرے ص پیپل و سونٹھہ پیپلا مور ہلیلہ سیاہ رائی کٹگی بوزن مساوی نیم کوب کر کے گاے کے پیشاب مین تر کر کے خشک کر کے سفوف کرین اور سب کا آٹھوان حصہ نمک سنچی ملا رکھین ہر روز صبح کو چھٹانک بھر سفوف آدھہ پاؤ آرد جو مین ملا کر کھلا کر تھوڑی دیر قایزہ رکھین ؎ اگر ہر فصل یعنے سردی و گرمی و برسات مین ایک ایک ہفتہ پیہم اسپ کلان کو آدھہ پاؤ اور اسپ میانہ کو ڈیڑھ چھٹانک اور اسپ خرد کو ایک چھٹانک دو چندان آرد جو مین ملا کر کھلا دین تو کوئی بیماری بادی و بدہضمی و درد شکم کی نہو ص جوکھار سنچی نمک سانبھر نمک سیاہ نمک سیندھا زنجبیل ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ بلیلہ آملہ زیرہ سیاہ زیرہ سفید زرد چوب مال کنگنی جھنگ دیودار مرچ سیاہ پیپل پیپلا مور اجوائن اجمودھ اسگندھ ناگوری چیتا و خردل ناگرموتھہ سنا پوست درخت عن

تخم سویہ تخم ترب بارہ رنگ سبکو بوزن مساوی پارچہ بیز کر رکھین ؛-

فصل ۲ - تدبیرین فربہی اور زور آوری مین جاننا چاہیے کہ یہ امور دو طرح سے حاصل ہوتے ہین ایک ایسے راتب کھلانا کہ بذات خود اون راتبون سے دونون باتین حاصل ہون مگر کوئی راتب چالیس روز سے کم کھلانا فائدہ نہین دیتا اور راتب مقدار مین جہان تک زیادہ کھا سکے کھلانا چاہیئے مہینہ بیساکھ اور جیٹھ اور اساڑھ مین سرد راتب اور اگھن اور پوس اور ماگھ مین راتب ہاے گرم کھلانا چاہیئے دوسرے ایسے مصالحہ کھلانا کہ راتب کو ہضم کرین جس سے راتب جزو بدن ہوا کرے اور فائدہ اوسکا نمودار ہو مگر مصالحہ کبھی کبھی ناغہ کرکے کھلانا چاہیئے تاکہ طبیعت بھی راتب کے ہضم کرنے پر قادر ہو **ذکر راتب** موٹھ مسلم پکا کر اور خوب کوٹ کر شکر سرخ ملا کر کھلانا ایام گرما مین موٹھ مسلم مہیلے مین السی خواہ کنجد سفید یا سیاہ کی کھلی کو ٹکر ملانا زیادہ تر مفید ہے ،، کھیر کھلانا اس طور پر کہ موٹھ کا آٹا دودھ مین ڈالکر پکانا اور پھر مٹھائی ملا کر سرد کرکے کھلانا ،، دھان کے چاول کی کھیر بھی ایام گرم مین بہت فائدہ دکھلاتی ہے ،، ستو جو و چنے کے شکر و گھی ملا کر کھلانا ،، ایام برسات مین پیاز تراش کر آرد نخود مین ملا کر رات کو روٹی پکا رکھین صبح کو اوسکا مالیدہ گھی خواہ سرسون کا تیل ملا کر کھلانا خوب تیاری و قوت لاتا ہے ،، روٹی مذکور مین گھی اور شکر ملا کر کھلانا ،، برسات مین گیہون کے دلیے مین ساگ چکونڈ کا ملا کر سرسون کا روغن ڈال کر پکا کر مہیلے کی طرح کھلانا ،، مچھلی کا گوشت ماش کا آٹا ہموزن مثل مہیلے کے پکا کر روغن زرد ملا کے کھلانا ،، کلہ پایچہ بکری کا پکا کر چنے کی روٹی مین خواہ موٹھ کے مہیلے مین ملا کر کھلانا **فائدہ** جانور ضعیف کو اور کم طاقت کو اگر ایام سرما مین ایک کلہ سور کا پکا کر اوسی سے سات روز تک ایک ایک حصہ موٹھ کے مہیلے مین ملا کر کھلایا جاوے تو مثل جوان جانور کے طاقت حاصل ہوتی ہے **فائدہ** بچے اور جوان جانور کو گایکا دودھ پلانا بھی نہایت قوت دیتا ہے **فائدہ** جانور کے چارون بند بعمر دو ایک داغ دینا امراض بادی سے محفوظ رکھتا ہے **فائدہ** بعمر دو یک یا چار سال تھوڑا تھوڑا سوہاگہ خام چند روز تک کھلانے سے ہڈا مو تھڑا پیدا نہین ہوتا **ذکر راتب** جنکی کھلانے مین واسطے مددہضم کے مصالحہ کھلانا ضرور نہین ایام سرما مین حلوا ادرک کا کھلانا **ص**

سیر بھر گھی گای کا آگ پر گرم کرین اوس مین ڈیڑھ پاو ہلدی اور ڈیڑھ پاو میتھی سفوف کر کے ملا وین
پھر سیر بھر ادرک پیسکر ملا دین اور چار سیر شکر اور دس سیر دودھ گای کا ڈال کر حلوا پکا کر
ہر روز صبح کو تین چھٹانک کھلایا کرین اور بتدریج ایزادبھی کرین موافق قد و قامت جانور کے فربہ
و توانا کرتا ہے اور رنگ کو آب و تاب دیتا ہے ص روغن گاو روغن کنجد چربی گاو کی مساوی
الوزن آگ پر رکھین جب سب مل جاوے تو ایک جزو کے برابر یعنے سب کا سوم حصہ
سانبھر نمک سفوف کر کے ملا کر اوتار لین و بقدر مناسب آرد نخود مین ملا کر کھلایا کرین ،، کنجد سیاہ
و قند سیاہ کوٹ کر دہی مین سانکر کھلایا کرین مگر تینون چیز ہموزن ہون ،، راتب موسوم
چار دانہ ص ہلدی رائی میتھی کوٹ کر اور ماہون مسلم سب بوزن مساوی بقدر مناسب وقت
صبح کو دودھ خواہ شربت مین تر کر رکھین بعد آٹھ پہر کے دوسری صبح کو کھلا کر خرہ خرہ کیا
کرین بچے و بوڑھے و کمزور کو نہایت مفید ہے ،، جس تدبیر سے راتب چار دانہ کھلایا جاتا ہے
اوسی طرح صرف ہلدی نیم کوفتہ کھلانا بھی بہت مفید ہے ذکر مصالحجات جنکے کھلانے سے
دانہ بخوبی ہضم ہوتا ہے ص زنجبیل مرچ سیاہ تخم سویا رائی کنگی نمک سانبھر نمک لاہوری
نمک سیاہ سبکو بوزن مساوی کوٹ کر پانی مین سانکر بقدر اڑھائی اڑھائی پیسہ کی گولیان بنا
رکھین ایک دو گولی کوٹ کر آٹے مین سانکر کھلایا کرین ،، لہسن ادرک مرچ سرخ رائی پیاز
بوزن مساوی کوٹ کر چہارم حصہ اون سب کا نمک سانبھر ملا کے مہی اس قدر ملا دین کہ
ڈوب جاوے وایک برتن مین رکھا رہے تھوڑا نکال کر آٹے مین سانکر کھلایا کرین اور جب
خشکی نمودار ہو وہی مہی اور ملا دیا کرین ،، گھوڑبچ کنگی مرچ سیاہ کچری ہندال نمک سیاہ بوزن
مساوی سفوف کر رکھین بقدر مناسب آٹے مین ملا کر کھلانا ،، سبزی و رائی و نمک سانبھر
بوزن مساوی سفوف کر کے ،، تماکو کشیدنی کا گل اور پانچوان حصہ اوس کا نمک سانبھر
سفوف کر رکھین چھٹانک بھر سفوف آدھ پاو آٹے مین ملا کر کھلایا کرین +-

فصل ۳ - علاج اون عوارض مین جو سفر سے پیدا ہوتے ہین ماندگی و سستی ع

ہلیلہ بلیلہ آملہ باد برنگ ناگر موتھہ ہموزن سفوف کر رکھین اور ہر روز ایک چھٹانک سفوف
پاو بھر شکر سرخ مین ملا کر کھلایا کرین ،، کڑوا تیل و نا زاد گاے کا پیشاب مساوی ملا کر

شیر گرم ناک مین ٹپکانا مفید ہے ؍؍ بکری کی مینگنی پانی مین سانکر سم پر اندر طرف نیم گرم لگا دین اوسپر سے لوہا گرم کرکے سینکین ؍؍ شکر سرخ سم پر اندر طرف رکھہ کر سینکین ؍؍ روغن زرد نیمگرم سم کے اندر ٹپکا دین و اگر ماندگی سفر سے دانہ چارہ کی خواہش نکرتا ہوئے تو یہ دوا دینا چاہئیے
ص گھوڑبچ اجوائن دیسی سونٹھہ کشنیز زیرہ سفید ہلدی خوردنی ہیتھی ناگر موتھہ پوست بیخ بید انجیر سبکو بوزن مساوی جوکوب کرکے پانیمین جوش کرکے چار روز تک پلایا کرین و اگر ماندگی سفر سے ہانپتا ہوئے اور سانس نادرست لیتا ہوئے تو دونون طرف نتھنون مین نشتر لگا کے تھوڑا خون نکالڈالین ؍؍ بہہ چاشنی تین چار روز تک کھلاوین ص کشنیز خشک و زیرہ سفید دونون بوزن مساوی سفوف کرکے سہ چندان شکر سفید مین ملا کے کھلایا کرین اگر ماندگی سفر سے موتھہ و ناک خشک رہتی ہوئے ص زرد چوبہ تین پیسہ بھر برگ نیب دو پیسہ بھر سفوف کرکے پاؤ بھر شکر سفید مین ملا کر تین روز تک کھلاوین **تا و کھا جانا** علامت اوسکا بدن گرم رہتا ہے و بطانہ چشم زرد ہوتا ہے و کاہلی و سستی مزاج پر غالب رہتی ہے دانہ و راتب رغبت سے نہین کھاتا بتدریج لاغر ہوتا جاتا ہے گا مچیون پر آخر آخر ورم بھی نمودار ہوتا ہے ع سونٹھہ پیپل مرچ سیاہ دانہ الایچی سرخ بھنگ بریان نمک سجی نمک جو اکھار بوزن مساوی سفوف کر رکھین چوب شیشم چوب دیودار ایک ایک چھٹانک نیم کوفتہ کرکے رات کو دو سیر پانی مین تر رکھین صبح کو جوش دیوین جب چہارم رہجاے صاف کرکے تین پیسہ بھر سفوف پانی مذکور مین گھولکر پلادین اور اگر اس سے اسہال آوے تو اندیشہ نہین ہے تین روز یہ تدبیر کرکے سات روز تک آدھ پاؤ برگ نیب آدھ پاؤ خرما تخم بر آوردہ خوب کوٹ کر ڈیڑھ پاؤ آرد جو مین ملا کر کھلایا کرین —

فائدہ اگر مشقت سفر سے اور حالات بھی متغیر ہون کہ بیتاب پڑا رہے دانہ گھاس نہ کھاوے موتھہ سے لعاب جاری رہے آنکھین اولٹین پلٹین لید تپلی گرے تب بھی یہی معالجہ مفید ہے ہچکا کر کا زین نشیب فراز کے اوترنے چڑھنے مین اور کبھی اوٹھنے بیٹھنے مین یہ علت ہو جاتی ہے اوسکی علامت یہ ہے کہ زین رکھنے مین اور سوار کے چڑھنے مین گھوڑا جھجھکتا ہے اور سواری مین کمر جھکا کر چلتا ہے اور اوچھل کود نہین کر سکتا ہے ع بھنورکلی لگاکر اگلی رسی اگاڑی کی مضبوط باندھین و پچھاڑی کھول دیوین اور برنج اور شالی کے پیچ نیم گرم

تاش مین بھر کے گھوڑے کی دُم کے بال اوسلٹے باندھکر اوس بیچ مین دُم کو ڈبو کر چھوڑ دیوین کہ گھوڑا
دُم کو پھٹکارتا اور بدن کو جھٹکتا چل پھر کریگا اس سبب سے کمر کی رگ و پٹھہ اپنی جگہہ پر ہو جاتے
ہین پھر جانا جبکو سینہ بند بھی کہتے ہین بعد سواری کے بدون ٹھنڈھا کرنے کے زمین نشیب
کی طرف مونھہ کرکے کھڑا کرنے سے یا سواری کی گرمی مین بدون ٹہلانے کے ہواے سرد
مین کھڑا کر دینے سے اور چارجامہ اوتار لینے سے خواہ پانی پلا دینے سے یہ عارضہ ہو جاتا ہے
علامت اوسکی یہ ہے کہ چلنے پھرنے مین سست ہو جاتا ہے اور اگر اوسکی پیشانی پر ہاتھہ رکھہ کر
پیچھے کو ہٹاوین تو نہین ہٹ سکتا اور سواری مین چھاتی سے نہین اوبھتا ع انڈکی
کوپل و نمک کھاری بوزن مساوی چل کر آرد نخود مین ملا کر کھلانا ؍؍ پوست تازہ بیخ آگ
یعنے مدار کا بھوبل آگ مین گرم کرکے چہارم حصہ اوسکا گوگل بھینسیا ملا کر پیسین اور دونون کا
چہار چند قند سیاہ ملا کر کھلاوین ؍؍ اونٹ کی مینگنی تازہ پانچ سات عدد موٹھہ کے آٹے مین
ملکر کھلانا ؍؍ آنبہ ہلدی نمک سجی گوگل ہموزن کھلانا ؍؍ تھوڑی اجوائن پوٹلی مین باندھکر پانی مین
جوش کرکے بجاے پانی معمولی کے دہی کا پانی پلایا کرین اور آب سرد و ہواے سرد سے
محفوظ رکھنا ؍؍ دونون طرف چھاتی کے رگون کی فصد لینا مفید ہے ؍؍ تخم حلون
ہلدی مساوی آب لیمون مین گھسکر نیم گرم سینہ پر لگانا ؍؍ مغز پنبہ دانہ و پوست درخت
پیپل پاو پاو بھر گل قند آدھ سیر آدمی کے پیشاب مین پکا کر اسی سے سوم سوم حصہ
تین روز تک کھلانا جکڑ جانا بحالت گرمی راہ چلنے کے پانی سرد پلانے سے یا ہواے
سرد مین کھڑا کر دینے سے اگر تمام بدن جکڑ جاتا ہے اور اعصاب سخت ہو جاتے ہین اور چلنا بلکہ
جنبش کرنا دشوار ہو جاتا ہے ع شکر سرخ و آرد جو مساوی کھلا کر ٹہلانا اور بدفعات ایسا ہی
کرنا ؍؍ گرم پانی سے تمام بدن مل مل کر دھونا و دھوپ مین خواہ مکان گرم مین رکھنا ؍؍
روغن گاو ایک حصہ شراب قندی دو حصہ تھوڑا نمک سفوف کرکے نیم گرم چار دن
پاون مین سُم تک ملنا۔

فصل ۴ امراض دماغ مین — درد سر گھوڑا بیتاب و مضمحل رہتا ہے اور آنکھون
اور مونھہ سے لعاب جاری رہتا ہے دانہ چارہ کی رغبت نہین ہوتی ع سونٹھہ چیتر اپیلا مور

ہموزن سفوف کرکے شراب مین سان کر کھلانا ,, چند روز شراب پلانا **کھن** ار عارضہ ہے
مثل زکام کے ناک سے رطوبت گرتی ہے تھوڑا درد سر جھکائے رہتا ہے اور تھوڑی
کھانسی بھی آتی ہے **ع** ٹاٹ کا ٹکڑا خواہ کاغذ یا نیلے رنگ کا کپڑا جلاکر اوس کا دھوان
ناک مین دینا کہ رطوبت خارج ہوجائے ,, کائپھل سرمہ سا کرکے بطور ناس کے ناک
مین پھونکنا ,, انتیس کو گائے کے دودھ مین پکا کر خشک کرکے اوسکا نصف نمک سنگ
وچوتھائی زعفران سرمہ سا کرکے دو تین رتی ناک مین پھونکنا ,, گھی اور شہد دونون ہموزن
نیم گرم کرکے تھوڑا کائپھل سرمہ سا کرکے ملا کر دونون نتھنون مین ڈالنا ,, مرچ سیاہ پیپر
سونٹھ لہسن ہموزن پیسکر آٹے مین ملاکر کھلانا ,, درخت کٹائی آگ مین جھلس کرکچل کر
آرد جو مین ملاکے کھلانا ,, زنجبیل دو پیسہ بھر کوٹ کر ایک چھٹانک قند سیاہ مین ملاکر کھلانا
,, زنجبیل خردل مرچ سیاہ گوگل پیپلا مورستا وربوزن مساوی سفوف کرکے تھوڑا دونون
ناک مین پھونکنا اور آٹے مین ملاکر کھلانا ,, لہسن مرچ سیاہ بھٹکٹائی ایک ایک چھٹانک قند سیاہ
پاؤ سیر سب کو کوٹ کر آدھا صبح کو آدھا شام کو کھلانا **فائدہ** اس عارضہ مین سرد
پانی پلانا مضر ہے نیم گرم پانی صرف ایک دم دینا چاہیے **سکھرام** اس عارضہ مین
ناک سے ریم گرا کرتی ہے **ع** ٹاٹ کہنہ جلاکر ناک مین دھوان دینا ,, اجوائن سونٹھ
مرچ پیپل گھوڑبچ تخم کرنج مساوی سفوف کرکے تین پیسہ بھر سفوف دو چندان قند سیاہ و قدرے
روغن کنجد مین ملاکر کھلانا ,, مرچ سیاہ ایک ماشہ شنگرف سات ماشہ سرمہ سا کرکے گائے کے
گھی مین ملاکر ناک مین ڈالنا ,, بزرالبنج دس تولہ عقرقرحا تین تولہ کہنہ پاؤ سیر تخم السی آدھ پاؤ سفوف
کرکے تین پاؤ قند سیاہ کہنہ مین ملا رکھین ہر صباح ایک ایک چھٹانک کھلایا کرین ,, اکیس روز تک
تین تین چھٹانک گلقند کھلانے سے یہ عارضہ دفع ہوجاتا ہے۔

فصل ۵ امراض آنکھ مین - اگر نیلگون ہوجائین **ع** بیل کی پتی تازہ کچل کر پانی اوسکا
نچوڑ لیوین اور اوسکے برابر شہد ملاکر کسکٹ کی تھالی مین زرد خرمہرہ سے رگڑین جب گاڑھا ہوجاوے
اوٹھا رکھین اور لگایا کرین اگر سرخ ہوجائین **ع** ہلیلہ بلیلہ آملہ ہموزن جوش کر رکھین
اوسی پانی کا چھینٹا شبانہ روز مین چند بار ڈالا کرین اگر سفید ہوجائین **ع** فلفل دراز

شہد خالص مین گھس کر لگایا کرین اگر اشک جاری رہتے ہون ع کنیر سفید کا پھول و پھٹکری
بریان و شہد خالص ہموزن یک نیم چند روغن سرشف مین دستہ چوب تازہ نیب سے کٹورہ
مسی مین گھس کر رکھین و لگایا کرین اگر آنکھ بند رکھتا ہوے ع روغن سرشف مین
کپڑا تر کرکے آنکھ پر باندھا کرین اگر شب کوری ہوے ع مچھلی کا پتہ شہد مین ملا کر لگایا کرین ؍؍
نیچہ حقہ کی کیٹ پانی مین گھس کے لگایا کرین ؍؍ ریشمی کپڑا کہنہ شراب فشی مین تر کرکے
خشک کرین اور کڑوا تیل چراغ مین ڈال کر اوس کپڑے کی بتی جلاکے کاجل نکالین اور اوس
کاجل کو شہد مین صلایہ کرکے لگایا کرین ؍؍ موصلی سفید سرکہ مین گھس کر لگانا ؍؍ گھونگچی کی
پتی ملکر اوسکا پانی لگانا اگر ناخنہ ہوئے یعنے آنکھ کی سفیدی مین سرخ ریشے نمودار ہون ع
نمک سنگ قلمی شورہ ہموزن نازادہ گاے کے پیشاب مین گھس کر لگایا کرین ؍؍ آدمی کے سر کے
بال جلاکر اور سنگ بصری اور کف دریا اور نبات سفید ہموزن سرمہ کرکے لگانا ؍؍ آدمی کے
کان کا میل شہد مین صلایہ کرکے لگانا اگر سفید پردہ جسکو جالا اور مانڈہ کہتے ہین پڑ جاوے
ع گھونگھے کا چونہ و پھٹکری زرد بریان و کانچ کی چوڑی ہموزن سرمہ کر رکھین اور لگایا کرین
واضح ہو کہ اگر اس مرض کی دوا کرنے مین غفلت ہوتی ہے تو اوس سفیدی مین کیڑے
خرد پیدا ہو جاتے ہین و آنکھ جاتی رہتی ہے اگر پھلی پڑ جاوے ع ناخن فیل پانی
مین گھس کر لگایا کرین ؍؍ آدمی کے سر کی پورانی ہڈی پانی مین گھس کر لگانا ؍؍ صابون
پانی مین گھس کر لگانا **فائدہ** ناخنہ و جالا و پھلی ایسے امراض ہین کہ اگر ایک مرض کی
دوا دوسرے مین کیجاوے تب بھی مفید ہوتی ہے اگر برساتی ہوے یعنے آنکھ کے نیچے ورم
و زخم خون چکان ایام برسات مین پیدا ہوے ع سنگھاڑا عرق لیموں کاغذی مین گھس کر
لگایا کرین ؍؍ گھونگچی و کہنہ گچ و زردچوب ہموزن سفوف باریک کرکے بار بار چھڑکنا
؍؍ روغن نیب لگاکے گچ پورانی سرمہ ساکرکے چھڑکنا ؍؍ روغن بھلاوان و روغن گرگٹ
جو باب اول مین مرقوم ہے لگانا ؍؍ بیٹ مرغ کی بدفعات لگانا ؍؍ سانپ کی کیچل بقدر
تین چار اونگل کے آرد گندم مین ملاکر تین روز تک کھلانا ایک ایک روز درمیان دیکر ؍؍
تخم خربزہ ایک چھٹانک سہاگہ خام بیسہ بھر باہم کچل کر آرد نخود مین ملاکے کھلانا **فائدہ**

سوای آنکھ کے اور اعضا مین بھی اگر یہ عارضہ پیدا ہوے تو یہی دوا لگانا و کھلانا مفید ہے۔

فصل ۶ ۔ امراض گوش و گلو و گردن مین — **کچھوی** ورم ہوتا ہے درمیان دونون کانکے ع کالی زیری و میتھی و تخم سووہ مساوی پیسکر نیم گرم لگانا اگر اس سے رفع نہووے تو ورم پر داغ بشکل چلیپا + دینا **گل سووہ** کان کی جڑ سے حلق تک ورم ہوتا ہے ع پتھر خواہ اینٹ سے بدفعات سینکنا اور اگر اسپے دفع نہووے ورم پر چند مقام مین داغ مدور دینا ایک پھل حنظل کا بھونکر پیسکر آرد جو مین ملاکر ہر روز صبح کو کھلانا ؍؍ ادرک مرچ سیاہ کالی زیری ڈیڑھ ڈیڑھ پیسہ بھر لہسن آدھ پاؤ آرد جو مین ملاکر شام کو کھلانا **خشکہ** دونون جانب گلو کے آماس بشکل آنولہ ہوتا ہے دانہ چارہ چھوٹ جاتا ہے و بعض اوقات لید و پیشاب بھی بند ہو جاتا ہے ع پنبہ دانہ کو نیمکوفتہ کر کے پوٹلیان بنا کے سینکنا ؍؍ پنبہ دانہ کو بول آدمی مین پیسکر نیمگرم ضماد کر کے باندھنا ؍؍ ادرک فلفل سیاہ نمک سینندھا حنظل ڈیڑھ ڈیڑھ پیسہ بھر پیسکر آدھ پاؤ آرد نخود مین ملاکر کھلانا۔

فصل ۷ ۔ امراض حلق اور مونھ مین — **خوبک** ورم اندرون حلق ہوتا ہے علامت پانی پینے کے وقت ناک سے پانی نکل آتا ہے اور جانور چارہ دانہ پر رغبت نہین کرتا اور گاہ گاہ پاؤن پر حلق کو رگڑتا ہے اور حلقوم کو چھونے نہین دیتا اور چھونے سے ورم محسوس ہوتا ہے اور کبھی بیرون حلق کے بھی ورم نمایان ہوتا ہے اور اکثر بعد عارضہ کنار کے پیدا ہوتا ہے ع اولاً کپڑی کی گدی گرم پانی مین تر کر کے باندھنا ؍؍ باجرا نیمکوفتہ و ریٹھہ ہموزن کی پوٹلیان بنا کے سینکنا ؍؍ برگ نیب برگ مکوے پیسکر مغز املتاس ملا کے نیمگرم لگا کے باندھنا اگر اس سے بھی دفع نہووے تو یہ دوا لگانا چاہیئے جس مین ورم پختہ ہو کے خارج مین ٹوٹے کہ علاج اوسکا آسان ہووے اور سب ضمادون کو لگا کے کسی پتی کو نیمگرم رکھکر باندھنا چاہیئے تاکہ دوا گر نجاوے اور جلدی ورم پختہ و شکستہ ہو **ص** پیاز پیسکر قدرے طوطیا ملاکر ؍؍ بھینسے کا گوبر و نمک سانبھر بول آدمی مین پکا کر ؍؍ بین پھل و میتھی و آنبہ ہلدی و مغز گھیگوار ہموزن پیسکر ؍؍ خردل سفوف کر کے بیخال تازہ کبوتر یا مرغ مین ملاکر اور جب ٹوٹ جاوے یہ دوائین لگائی جاوین **ص** برگ تازہ نیب پیسکر نمک سانبھر ملا کے ؍؍ زیرہ سفید زرد چوب نمک سانبھر چھہ چھہ ماشہ آرد گندم

مساوی ورا اگر ان دواؤن سے زخم صاف ہو کے آرام نہو جاوے تو وہی مرہم لگانا چاہیئے جو باب اول کی فصل گیارھوین مین مرقوم ہے **تالوا** جسکو کام بھی کہتے ہین تالو مین آبلہ خواہ ورم ہوتا ہے جسکے سبب سے جانور دانہ گھانس کم کھاتا ہے بلکہ نہین کھاتا و ملول رہتا ہے ع دو تین روز تک پانی نیمگرم پلانا خواہ پانی مین نانخواہ و تخم سویا پیسہ پیسہ بھر جوش کر کے پلانا اگر اس سے دفع نہووے تو موہنھ کھول کر نشتر لگانا و موہنھ جھکا رکھنا و سرد پانی بدفعات موہنھ مین ڈالنا کہ خون و ریم خارج و دفع ہو جاوے پھر دو تین روز تک پانی سرد و گھانس نرم دیجاوے بجای دانہ کے ارد وا دیا جاوے **موہنھان** اندر موہنھ کے دانہ پڑتے ہین اور موہنھ سے لعاب بدبو جاری رہتا ہے دانہ چارہ نہین کھا سکتا ع موہنھ کی فصد لیکر تدبیر تالوا کے مواد کو دفع کرین اور اوسی طرح تیمارداری کرین // سونٹھ پیپر تین تین پیسہ بھر جوکوب کر کے دو سیر پانی مین جوش دیوین جب آدھ سیر باقی رہے صاف و سرد کر کے پلایا کرین تین چار روز تک **پرپھول** ورم ہوتا ہے مابین لب اور نیچے کے دانتون کے اس سبب سے دانہ چارہ پر موہنھ کم ڈالتا ہے ع تخم السی تخم میتھی نمک سانبھر مساوی سفوف کر کے ورم پر لگاوین جب نرم ہو جاوے نشتر لگا کے مواد دفع کرین اور زردچوب تین حصہ نمک سنگ ایک حصہ سفوف کر کے چپکا دیا کرین **انجھر** زبان پر دانہ ہاے خرد نوکیلے ہو جاتے ہین اس سبب سے دانہ و چارہ کھانے مین تکلیف ہوتی ہے ع بانس کی تیلی سے دانتونکو خراش کر کے آبنہ ہلدی کالی زیری مرچ سیاہ مساوی سفوف کر کے پانچ سات دفعہ ہر روز زبان پر اور تمام موہنھ مین ملا کرین **دہن بستگی** دونون جبڑے اوپر و تلے کے سخت ہو جاتے ہین اور دانت بیٹھ جاتے ہین موہنھ سے لعاب جاری رہتا ہے ع کڑوا تیل نیمگرم جبڑون پر خوب مالش کر کے ارنڈ کے پتے پیسکر گاے کے گوبر مین ملا کر نیمگرم باندھا کرین **خموشا** دونون ہونٹھون مین بڑے بڑے بالون کی نیچے چمڑے کے اندر گوشت زائد و سخت خواہ غدود سخت پیدا ہو جاتا ہے جب دانہ گھانس پر موہنھ ڈالتا ہے وہ چبھتے ہین اس سبب سے موہنھ اوٹھا لیا کرتا ہے ع پوزبال سے ہونٹھ پکڑ کر نشتر سے چیر کر اوس جسم زائد کو نکال ڈالین اور زردچوب و کویلہ پوست درخت نیب کا سرمہ سا کر کے بھر دیوین **باچھہ** کبھی لگام کی صدمہ سے یا اور کسی سبب سے باچھین یعنے گوشہاے لب آماس کر جاتے ہین اور پھٹ کر اوس سے

رطوبت نکلتی ہے ع کپڑے کی گدی پانی مین تر کرکے باندھنا اور اوسپر پانی ٹپکانا ،، زرد
چوب و دانہ نخود سوختہ و کتھہ سفید سرمہ سا کرکے چھڑکنا مکھہ یا و موںھہ پر ورم ہوتا ہے
ع نانخواہ جواکھار سرسون خردل تخم سوہ زرد چوب نمک سنگ بوزن مساوی سفوف
کرکے تمر ہندی پختہ کو پانی مین تر کرکے ملکر ثفل اوسکا دفع کرکے سفوف مذکور ملاکے ضماد
کیا کرین اور کپڑے سے باندھ دیا کرین۔

فصل ۸ امراض شش و سینہ مین کھانسی یعنے سعال اکثر بعد عارضہ کنار کے
ہوتی ہے اور ناک و موںھہ سے رطوبت نکلتی ہے ع ہینگ چھہ ماشہ ایک گانٹھہ ادرک خواہ
پیاز مین رکھہ کر آگ مین بھلبھلاکے کچل کر تھوڑے آرد نخود مین ملاکر بعد دانہ کے کھلانا ،،
آدھ پاؤ پیاز قبل پانی پلانے کے کھلانا ،، بانس کی پتی یا روسہ کی زرد پتی خواہ پیا بانسہ کی
پتی کچل کر آرد جو ملاکے کھلانا ،، آدھ سیر نانخواہ بول آدمی مین تر کرکے خشک کر رکھین دو دو
پیسہ بھر دونون وقت بعد دانہ کے کھلایا کرین ،، دو پیسہ بھر گھوڑ بچ سفوف کرکے تھوڑے
قند سیاہ مین ملاکر کھلانا ،، خاک درخت کٹائی و سفوف مرچ سیاہ ادھیلا ادھیلا بھر
قند سیاہ مین ملاکر کھلانا **دھانسی** یعنے سرفہ خشک ع بعد پانی پلانے کے
آدھ پاؤ بالائی کھلانا ،، کتیرا و گوند ببول دو دو پیسہ بھر سفوف کرکے آدھ پاؤ آرد جو مین سانکر
کھلانا ،، برگ روسہ ایک چھٹانک نمک سانبھر دو پیسہ بھر پیسکر آرد جو مین ملاکے کھلانا
،، جواکھار ایک تولہ زنجبیل پانچ تولہ سفوف کرکے سرکہ خالص مین سانکر کھلانا ،،
شراب قندی روغن گاو ایک ایک چھٹانک ملاکے پلانا **ضیق النفس** یعنے
سانکھہ علامت اوسکی ظاہر ہے ع ہلیلہ بلیلہ آملہ ہر سہ تخم دفع کرکے مرچ سیاہ آدھ آدھ پاؤ
سفوف کرکے سیر بھر برنج شالی مین ملاکے آدھ سیر شکر سرخ ملاکے مثل حلوے کے پکا دین تین تین
چھٹانک صبح و شام کھلایا کرین ،، دو پیسہ بھر شاخ سنہنڈ کو آگ مین بھلبھلاکر مرچ سیاہ پیپل مور
پیسہ پیسہ بھر سبکو کچل کر آرد جو مین سانکر کھلانا ،، پوست ارنڈ بیخ حنظل مرچ سیاہ پیپل پیپلامور
نانخواہ اجموہ ہلدی ال دار ہلد ہلیلہ بلیلہ آملہ کلیجن نمک سبھی نمک سنگ نمک سانبھہ نمک
کھاری دو دو پیسہ بھر سفوف کرکے سیر بھر آرد گندم ملاکے روٹیان پکا کر اونکو ادھیلے کی

آگ مین جلاکر سفوف کر رکھین تین تین پیسہ بھر سفوف آدھ پاؤ آرد جو مین ملاکر صبح وشام
کھلایا کرین **شیر دمی** چلنے پھرنے مین خصوص وقت سواری کے مونھہ سے آواز
غُنغُراہٹ کی آتی ہے اور یہ عارضہ بسبب منجمد ہوجانے رطوبت کے اعضای تنفس مین
ہوتا ہے **ع** پیاز آدھ پاؤ کتیرا دو پیسہ بھر باہم کچل کر بعد پانی پلانے کے کھلایا کرین ؍؍
دو پیسہ بھر دھان کی بھوسی رات کو بول آدمی مین تر کر رکھین صبح کو بعد دانہ کھلانے کے
کھلایا کرین ؍؍ کلیجن و مرچ سیاہ پیسہ پیسہ بھر بادیان تین پیسہ بھر سفوف کر کے آدھ پاؤ
شکر سرخ ملاکے شیر گاؤ مین سانکر کھلایا کرین **سینہ گیر** اسکو چھاتی جکڑنا کہتے ہین
اگر سردی سے ہوتا ہے تو آب گیرا یا کف گیرا کہتے ہین اور اگر ریح سے ہوتا ہے تو باد گیرا
کہلاتا ہے چلنے پھرنے مین تکلیف ظاہر ہوتی ہے اور درد کے سبب سے چھاتی چھونے
نہین دیتا اور اگلے جسم سے زور کرنے مین مجبور ہوتا ہے **ع** دوائین گرم کھلانا و پلانا
و لگانا مفید ہے ؍؍ بھینسے کا گوبر گرم گرم لگانا سود مند ہے **فایدہ**۔ عوارض متذکرہ اس
فصل مین سرد پانی و سیر شکم پانی پلانے سے پرہیز کرنا لازم ہے **فصل ۹ امراض معدہ**
مین گُرگُری عوام اس عارضہ اور سول کو واحد جانتے ہین مگر درحقیقت یہ عارضہ علیحدہ ہے
کہ غذا کے ہضم نہونے سے منافذ اخراج بول و براز مین سُدہ غذا لی یا ریاحی پڑجاتا ہے اور اسکے
سبب سے اخراج بول و براز و ریاح کا یا ان تینون سے کسی ایک یا دو کا مسدود ہوجاتا ہے
اوس سے پیٹ مین درد ہوتا ہے اور جانور بیقرار اٹھتا بیٹھتا ہے اور دانہ اور گھاس پر رغبت
نہین کرتا اور چہرہ دمبدم متغیر ہو ہو جاتا ہے **ع** تنباکو کشیدنی پانی مین گھول کر نال سے
بدفعات پلانا ؍؍ نیمگرم دودھ مین گھی ملاکے پلانا ؍؍ پوست درخت پیپل آدھ پاؤ پوست
بیخ ارنڈ ایک چھٹانک بیخ کٹائی برگ و شاخ سداب یعنی تتلی ایک ایک پیسہ بھر جوش کر کے
پلانا ؍؍ اجوائن دیسی مرچ سیاہ اجمود دو دو پیسہ بھر شکر ایک چھٹانک قند سیاہ ملاکے پلانا
؍؍ مرغ کا شوربا پلانا **فائدہ** کبھی گھوڑے کو دوڑانے سے پیٹ مین ہوا بھر جاتی ہے
اور اس سبب سے یہ عارضہ ہوجاتا ہے **ع** پانچ ماشہ سہاگہ بریان پانی مین گھول کر
پلانا ؍؍ چھپکلی کی ایک دُم پانی مین پیسکر پلانا ؍؍ دونون کان جانور بیمار کے چھری سے خراش کر کے

دو ایک قطرہ خون نکال کر ناک کے اندر لگا دینا اور اگر جانور کو ہمیشہ ہر مہینے مین یہ عارضہ
ہوا کرتا ہو ع پوست ہلیلہ زرد پوست بلیلہ آملہ تخم برآوردہ مساوی سفوف کر رکھین ہر روز
ایک چھٹانک سفوف آدھ پاؤ گلقند مین ملا کے کھلایا کرین اسکی مداومت سے عارضہ
دفع ہو جاتا ہے اور اگر درد کرتے کرتے پیٹ مین آماس ہو جاوے تو اس دوا کے
کھلانے سے درد و ورم دونون دفع ہو جاتا ہے ع برگ و شاخ تازہ نکوے آدھ پاؤ ہلدی
ایک چھٹانک لہسن و خردل و ہلیلہ زرد آدھی آدھی چھٹانک پیسکر آدھ پاؤ قند سیاہ کہنہ ملا کر
کھلایا کرین ؍؍ صبر پیسہ بھر پوست ہلیلۂ زرد خردل تین تین پیسہ بھر سفوف کر کے آدھ پاؤ
گلقند مین ملا کر کھلایا کرین ؍؍ بھینسے کا گوبر تازہ پیٹ پر لگایا کرین سول یعنے پیٹ کا
درد جسمین کھونچ اور پیچ ہوتا ہے مگر اس عارضہ مین کبھی لید و پیشاب و خروج ریح
بھی مسدود ہو جاتا ہے اور کبھی بدون اوسکے اور یہ بیماری اکیس قسم سے ہوتی ہے تاسا ورت
سول علامت گھوڑا دُم مارتا ہے اور دونون نتھنے اور دونون پہلو پھڑکتے ہین اور تمام بدن
کانپتا ہے ع مغز نیب دانہ زنجبیل فلفل دراز اسگندھ اجوائن ایک ایک چھٹانک
بھنگ دو پیسہ بھر سفوف کر کے آدھ سیر گلقند اور آدھ سیر روغن گاو مین ملا کر بدفعات کھلاوین
اور تین چار روز تک ہر روز اسی قدر کھلایا کرین متراوت سول گھوڑا زمین سونگھتا ہے درد دونو
پہلو سے لوٹتا ہے اور پیشاب بالکل بند رہتا ہے ع پیپل گٹکی دونون مساوی سفوف
کر کے روغن گاو مین ملا کے بقدر مناسب تین روز تک کھلایا کرین ؍؍ قلمی شورہ دو پیسہ بھر
بابرنگ ایک پیسہ بھر سفوف کر کے شکر چھٹانک بھر ملا کی کھلاوین سداورت سول گھوڑا
دونون بازو زمین پر مارتا ہے اور سر کو پہلو پر ڈالے رکھتا ہے ع تخم پلاس کھنگرہ اجوائن
دیسی نمک سیاہ ہموزن سفوف کر کے روغن گاو مین ملا کے بقدر مناسب تین روز تک کھلاوین
اتراونت سول گھوڑا مونھہ اور دانت زمین پر مارتا ہے اور دُم کو اینٹھتا ہے در بدن سے
دُم کو مضبوط لپیٹتا ہے ع گوٹریج پھٹکری پاکھان بید پوست بیخ پدور نمک سیاہ مساوی سفوف
کر کے سرکہ خالص مین، سانگر کھلاوین رکت پریم سول بسبب شدت
درد کے دونون نتھنون سے خون جاتا ہے اور گھوڑا بیقرار رہتا ہے ع دونون رگین

چھاتی کی فصد لینا اور پوست درخت ببول کو گاے کے دودھ مین پیسکر بدفعات ناک مین
ڈالنا اور پیسہ بھر ایلوا سفوف کرکے چھٹانک بھر روغن کنجد سیاہ مین ملاکر پلانا گرم دکھہ
سول گھوڑا اپنی ناف اپنے دانتون سے کاٹتا ہے اور مونھہ سے لعاب گراتا ہے
ع سونٹھہ پیپل اجوائن تخم پلاس گھوڑبچ بھنگرا دو دو پیسہ بھر برگ یا تخم سنبھالو آدھہ پاؤ
سفوف کرکے آدھہ سیر قند سیاہ مین ملاکر کھلانا سہا ورت سول گھوڑا زمین پر گرتا اور
لوٹتا ہے اور ہاتھہ پیر بند کرتا اور کانپتا ہے ع ہینگ لہسن نمک سیندھا بنج بینگن
تخم پلاس اجوائن گھوڑبچ سیہنڈ دو دو پیسہ بھر پیسکر پاؤ سیر گلقند اور آدھہ سیر دہی مین ملاکر سوم
سوم حصہ تین روز تک کھلانا پتہا ورت سول گھوڑا کھڑا ہوا زمین پر گرتا ہے اور
زمین کو دیکھتا اور سونگھتا و پھر کھڑا ہو کر گرتا ہے ع خاکستر کونپل پلاس کی اور ہینگ اور
تخم پلاس بوزن مساوی سفوف کرکے شیرہ برگ سنبھالو مین ملاکر تین روز کھلانا بھوم
برگ سول گھوڑا زمین پر نہین پڑتا کھڑا رہتا ہے اور کچھہ نہین کھاتا اور بدن گرم
رہتا ہے اور لید اور پیشاب نہین کرتا اپنے پیٹ کی طرف اکثر دیکھتا ہے ع روغن کنجد
روغن گاو مساوی ملاکر بدن پر لگانا اور دھوپ مین کھڑا کرنا ۲ گلقند تین چھٹانک ہلدی
و لہسن و اجوائن و ہلیلہ زرد و زنجبیل و برگ سنبھالو ایک ایک چھٹانک سبکو پیسکر آدھہ سیر
روغن گاو ملاکے تین حصہ کرکے تین روز کھلانا کاسا ورت سول گھوڑا آواز
کرتا ہے اور زمین پر گرتا اور لوٹتا ہے ع پیپل اور سونٹھہ دو دو پیسہ بھر بھنگرہ چھٹانک بھر
پیسکر آدھہ سیر گاے کے دودھہ مین ملاکر اسی اسیقدر دونو وقت تین روز تک پلایا کرین
سنکلا ورت سول گھوڑے کے مونھہ سے پانی جاتا ہے اور بال بدن کے کھڑے
رہتے ہین ع اسگند چھٹانک بھر پیپل و سونٹھہ و پھٹکری بریان دو دو پیسہ بھر تین پاؤ
گاے کے دودھہ مین ملاکر کھلانا کلاکرلنک سول گھوڑے کی ناک و مونھہ سے
پانی جاتا ہے ع چھاتی کی رگون کی فصد کھولنا اور گھوڑبچ چھٹانک بھر سونٹھہ دو پیسہ بھر
لہسن تین پیسہ بھر سب کو سفوف کرکے ہموزن شہد مین ملاکر کھلانا ونت گلی سول
پیٹ آماس کر جاتا ہے اور پیشاب بند رہتا ہے گھوڑا دم نہین ہلاتا اور دانت بند رکھتا ہے

ع بھنگرہ پوست درخت پیپل گھوڑبچ سونٹھ ایک ایک چھٹانک ہلیلا زرد آدھ پاؤ سفوف کرکے سیر بھر قند سیاہ مین ملادین اسمین تین حصہ کرکے تین روز تک کھلادین بالچھہ سول ۱۴ لسبب دوڑانے کے جو بعد پانی پلانے کے ہو پیدا ہوتی ہے گھوڑا اوٹھتا بیٹھتا ہے اور پیر پھیلاتا ہے اور پیٹ سے آواز ہوتی ہے ع سونٹھ و پیپل و مرچ سیاہ و گھوڑبچ و ہینگ بوزن مساوی سفوف کرکے روغن گاو مین ملاکر کھلانا - کشاورت سول ۱۵ گھوڑا دونون پیرون سے زمین کھودتا ہے اور زمین پر مونھہ مارتا ہے ع سونٹھ پیپل و مرچ سیاہ وبابرنگ واجوائن بوزن مساوی سفوف کرکے روغن گاو مین ملاکر تین روز تک کھلانا اشاورت سول ۱۶ جانور دونو پہلو پر پڑا رہتا ہے اور پیٹ سے آواز آتی ہے ع چھاتی اور زانو کی فصد کھولنا اور یہ دوا کھلانا ص اجوائن وہلیلہ زرد و زیرہ سفید و تخم بھٹوانس و برگ کپاس بوزن مساوی ہمپیکر سہ چندان قند سیاہ مین ملاکر کھلانا اجیران سول ۱۷ گھوڑا لید پتلی کرتا ہے اور زمین پر پڑا رہتا ہے ع نرکچور و جاپھل و زنجبیل و نمک سنگ بوزن مساوی سفوف کرکے سرکہ خالص مین ملاکے تین روز تک کھلاوین مُترشول ۱۸ گھوڑے کو اسہال آتے ہین و پیشاب کم کرتا ہے اور کبھی بالکل نہین کرتا ہے اور زمین پر پڑا رہتا ہے اور آہستگی سے دم لیتا ہے ع پوست درخت سہجن و بابرنگ دو دو پیسہ بھر مرچ سیاہ و ہینگ ایک ایک پیسہ بھر سفوف کرکے پاو بھر قند سیاہ ملاکے کھلایا کہن اوودوارت سول ۱۹ گھوڑا اوٹھتا بیٹھتا ہے اور لیٹا ہوا گردن دراز کرکے زمین سونگھتا ہے ع پُر اناٹاٹ جلاکے اوسکی خاک گلقند اور گھی مین ملاکر تین روز تک کھلایا کرنا اگنن شول ۲۰ گھوڑا زمین پر آنکھہ بند کیے پڑا رہتا ہے ع املتاس پاو بھر انبلی آدھ پاؤ پانی مین بھگو کر ملکر اور چھانکر تین روز تک پلانا مایان ورت سول ۲۱ گھوڑا زمین پر پڑا ہوا دم اینٹھتا ہے ع مولی کی جڑ اور پتا پاؤ بھر ہمپیکر پاو بھر گلقند مین ملاکر کھلانا ر بھنگرہ تازہ چار پیسہ بھر اور اگر خشک ہووے ایک پیسہ بھر ہمپیکر قند سیاہ مین ملاکر کھلانا اسہال اگر سردی خواہ بدہضمی سے ہوئے تو مصالحہ ہاے گرم جو پہلی فصل مین اسی باب کی لکھے گئے ہین

بقدر مناسب سبزی یعنی بھنگ ملا کے کھلانا اور اگر گرمی سے ہو تو ع کتیرا ایک چھٹانک جوکوب کرکے پانی مین تر کرین اور جو کے آٹے مین ملا کر کھلایا کرین ۱ پوست درخت گولر تخم السی ایک ایک چھٹانک پیسکر جو کے آٹے کے ساتھ کھلانا ۱ مغز تخم انبہ مغز تخم جامن و ماین دو دو پیسہ بھر سفوف کرکے آرد جو مین کھلانا ۱ سبزی ایک چھٹانک و کتیرہ زیرہ سفید و مغز بیل دو دو پیسہ بھر کوٹ کر آدھا صبح کو آدھا شام کو جو کی آٹے مین ملا کر کھلانا **قراقر شکم** جانور کے پیٹ سے آواز آیا کرتی ہے اور یہ عارضہ آنو سے ہوتا ہے لید چکنی ہوا کرتی ہے اور کبھی آنو بھی لید کے ساتھ گرتی ہے ع ہلیلہ زرد بلیلہ آملہ اجوائن سونٹھ پوست درخت سینجن نمک سجی نمک سانبھر نمک کھاری سبکو ٹکڑے دو چندان مجموع کا دہی ملا کر ظرف گلی مین رکھ کر ایک ہفتہ تک گھوڑے کی لید مین دفن کر رکھین زان بعد بقدر مناسب کھلایا کرین **کرم شکم** لانبے کیڑے جنکو جونکی کہتے ہین اور کبھی چپٹے بھی ہوتے ہین لید کے ساتھ نکلنے سے پہچانے جاتے ہین اور گھوڑا باوجود کھلانے پلانے کے لاغر ہوتا جاتا ہے ع تخم ڈھانک اور کمیلہ اور رائی اور اجوائن اجمود اور نمک کھاری مساوی سفوف کر رکھین ایک چھٹانک سفوف آدھ پاو دہی ملا کی آرد جو مین سانکر کھلایا کرین ۱ ہلیلہ بلیلہ آملہ بیخ اندرائن برگ گندنا برگ شریفہ جملہ بوزن مساوی سفوف کر رکھین ایک چھٹانک سفوف دہی مین ملا کر کھلایا کرین ۱ گوگل بھینسیا و لہسن دو دو پیسہ بھر پیسکر ایک چھٹانک گلقند مین ملا کر کھلانا ۱ رائی پاو بھر نمک کھاری آدھ پاو کمیلہ ایک چھٹانک دو سیر دہی مین ملا کر ایک ایک تہائی تین روز تک کھلاوین **ورم شکم** جسکو طبق کہتے ہین مقام سینہ اور ناف کے درمیان مین ورم ڈھیلا مادہ زہر باد سے ہوتا ہے ع برگ دھتورہ سیاہ شاخ اور برگ مکوے او رسیدہ لکڑی اور کالی زیری ہموزن پیسکر نیمگرم لگانا ۱ برگ نیب برگ بکائن برگ سنبھالو ہموزن جوش کرکے بھپارہ دینا اور اوسی کو نیمگرم باندھنا۔

فصل ۱۰ امراض اعضاء بول مین **بول الدم** یعنی خون کا پیشاب کرنا اس مرض مین تین روز تک دوا کرنا ضرور نہین ہے کہ اس سے اکثر امراض دفع ہوتے ہین اور خود بخود بند ہو جاتا ہے اوسکے بعد دیکھنا چاہیئے کہ اگر خون رقیق آتا ہے تو گرمی سے ہے ع مایدہ گندم اور شکر بورا ایک ایک چھٹانک پانی کے ساتھ پلانا ۱ کتیرا و کتھہ سفید ہموزن سفوف کرکے

آرد جو مین ملاکے کھلانا اور اگر خون غلیظ ہوئے تو سردی وبادی سے ہے ع مرچ سیاہ
ونبات سفید ہموزن سفوف کرکے آرد موٹھہ مین ملاکر کھلانا چاہیئے فائدہ یہ دوا دونون
قسم کو دفع کرتی ہے ص ہلیلہ بلیلہ آملہ زیرہ سفید کتیرا اور کتھہ سفید بوزن مساوے
سفوف کر رکھین ہر روز پاو بھر خشکہ اور پاو بھر دہی مین ایک چھٹانک سفوف ملاکر کھلایا کرین
عسر بول یعنے پیشاب جلد جلد کرنا یہ مرض سردی وبادی سے ہوتا ہے ع تخم میتھی
تخم سودہ بوزن مساوی کوٹ کر قند سیاہ مین ملاکر کھلایا کرنا // گنجد سفید آدھ پاو اور قند سیاہ
پاو بھر کھلانا // لہسن دو پیسہ بھر اور پیاز ایک چھٹانک پیسکر آٹے مین ملاکر کھلانا // ہینگ پیسہ
بھر گنجد سیاہ چھٹانک بھر قند سیاہ آدھ پاو کھلایا کرنا عسر البول یعنے پیشاب تھوڑا
تھوڑا ہونا یا بالکل بند ہونا ع سرخ مرچ پیسکر کپڑے کی بتی ترکرکے بول گاہ مین رکھنا //
قلمی شورہ سفوف کرکے کپڑے مین لپیٹ کر بطور بتی کے پانی سے ترکرکے بول گاہ مین
رکھنا // صابون اور رائی کی بتی بناکے رکھنا // مرچ سیاہ اور صابون اور ہینگ اور زنجبیل عرق
لیمو مین گھسکر بتی ترکرکے رکھنا // نہلانے سے پیشاب کھلتا ہے // انبلی بھگوکر ملکر چھان کے
تھوڑا نمک سینڈھا ملاکے پلانا اگر یہ مرض مزمن ہو جاوے ع زنجبیل وسہاگہ پیسہ پیسہ بھر
سفوف کرکے آدھ پاو گلقند مین ملاکر کھلایا کرین // تخم خیارین وکشنیز وکشمش دو دو پیسہ بھر
دمال کنگنی دانہ الایچی سرخ پیسہ پیسہ بھر پیسکر آدھ سیر گائے کے دودھ مین ملاکر پلانا فائدہ
مادہ کے بول گاہ مین بتاشا رکھنے سے خواہ بیر کے پتے موٹھہ سے چاب کر رکھنے سے اور
نر کے فوطے پر ہمر دیانی کا تریرہ دینے سے پیشاب کھل جاتا ہے فائدہ اگر عارضہ
کرگری مین لید ہونے لگے اور پیشاب بند رہے تب بھی یہی دوائین کرنا چاہیئے بدنام
اس عارضہ کو گمنام اور بیل بھی کہتے ہین یہ عارضہ ہے کہ جانور کے بول گاہ مین ورم
اور دانہ ہو جاوین جلنے رطوبت نکلتی ہے اور خراش اور خارش ہوتی ہے ع پوست
درخت سہجن اور اوسکا نصف مرچ سیاہ سفوف کر رکھین صبح اور شام دو دو پیسہ بھر مہیلے مین
خواہ آٹے مین ملاکر کھلایا کرین // گنجد سیاہ بھلانوان مساوی کوٹ رکھین ایک ایک
چھٹانک صبح اور شام کھلایا کرین // براز سگ جنگلی جلاکر اوسکی خاک پانی مین ملاکر لگانا //

شنگرف ایک تولہ زنجبیل دو تولہ کتھہ پاؤ سیر سفوف کرکے چھٹانک بھر گھی گاے کا ملاکر پانی مین
سان کر ایک ایک تولہ کی گولی بناوین اور ہر روز دونون وقت ایک ایک گولی کھلایا کرین
اگر نہ کھاوے تو آٹے مین سان کر کھلاوین اور اس دوا کے کھلانے مین پانی گھوڑی سے
نزدیک رکھین کہ اپنی خواہش سے ہر دم پیا کرے اگر گرمی زیادہ ہووے تو وہی چانول
کھلاوین // تخم بیدانجیر نیمکوفتہ جوش کرکے اوسکا پانی لگاوین // نمک خوردنی اور ہرتال
برابر سفوف کرکے گاے کے گھی مین ملاکر کھلایا کرین —

فصل ۱۱ - امراض پشت اور ظاہر سینہ مین **ورم پشت** سخت ہونی خوگیر سے خواہ بےاحتیاطی
سواری سے مذو یعنی یال کے پاس اور میڈھلی یعنی کمر پر آماس ہو جاتا ہے ع سرد پانی خواہ
اوسمین تھوڑا نمک گھول کر اوسمین کپڑا تر کرکے باندھنا اور بار بار تر کرنا // چکنی مٹی پانی
مین گھول کر لگانا // صابون پانی مین گھول کر نیمگرم لگانا // روغن سرسون کا لگانا تو تھوڑی
دیر کے بعد سرد پانی سے دھونا // برگ دھتورہ و نمک سانبھر پیسکر شیرہ اوسکا لگانا //
گاے کے دودھ مین نمک ملاکر کپڑا تر کرکے رکھنا // اگر ورم پختہ ہو گئے نہ ٹوٹتا ہوئے
نشتر سے پھاڑین اور صاف کرکے بھلانوان سوختہ اور سیندور سفوف کرکے بھر دیوین
اور اگر بطور پھوڑے کے ہو جاوے تو او دویہ مندرجہ فصل بارھوین باب اول کی کرین
زخم پشت جو بسبب سختی چارجامہ کے ہو جاتا ہے یا ورم ٹوٹ کر زخم ہو جاتا ہے
اوسکے واسطے ع بھینسے کا گوبر نچوڑ کر تھوڑا قند سیاہ ملاکے مثل مرہم کی پکا کر پھائی مین
لگانا // پورانی جوتی کا چمڑا جلاکے اوسکو یہ سفوف کرکے رینڈی کے تیل مین ملا کی
لگانا // بیروزہ کا پھاہا لگانا // اسپغول کا پھاہا لگانا // گھوکی پتی معہ ڈالی پیسکر لگانا //
بعد پُر ہو جانے زخم کے بھنگرا پیسکر لگانا کہ اس سے زخم خشک ہو کر بال بھی نکل آتی ہین //
بعد پُر ہونے زخم کے گھونگی کے انڈے ملنے سے زخم اچھا اور مضبوط ہو جاتا ہے // گدہے کی
لید سفوف کرکے چھڑکنا زخم کو خشک کرتا ہے // برگ بیر سفوف کرکے بھرنا زخم کو
خشک کرتا ہے // ہلیلہ جلاکر خاکستر اوسکی رکھنا **ورم تنگ** اگر تنگ کا کپڑا سخت ہوتا ہے
خواہ اوسکے کھینچنے مین بے احتیاطی ہوتی ہے تو ورم ہو جاتا ہے ع گاے کے دودھ مین

تھوڑا نمک ملاکے نیمگرم کرکے نمنذاتر کرکے باندھنا رر چندتہ کا غذ سرد پانی مین ترکرکے باندھین اگراس سے دفع نہوے تو ورم پشت کی دوائین کرنا ورم سینہ جسکو کتب ہندیہ مین پلہ بندرس لکھاہے قسم زہرباد سے ہے چھاتی پرایک ورم لانبا برنگ سیاہ پیدا ہوتاہے اور ٹوٹ کراوس سے رطوبت جاری ہوتی ہے اورخود بخود کبھی کم ہوجاتاہے کبھی زیادہ ع برادہ آہن وہلیلہ زرد وکتھہ بوزن مساوی سفوف کرکے روغن کنجد سیاہ مین پکاکر لیپ کیا کرین اور برگ پیپل رکھہ کر باندھین اور اینٹ گرم کرکے اوسپر سینکین رر اجوائن برگ سنبھالو برگ انبلی بھانگ ہموزن پانی مین پیسکر کھلایا کرین۔

فصل ۱۲- امراض پاؤن مین ہڈا پچھلے دونون پاؤن خواہ ایک پاؤن کی گانٹھہ کا ہڈا جونلی اور ران کی جوڑ مین ہے بڑھ جاتاہے خواہ اوسی مقام مین ہڈا زائد پیدا ہوجاتاہے کہ دیکھنے اور دبانے سے معلوم ہوتاہے اور گھوڑا لنگ کیاکرتاہے اگر کلان اور نوکیلا ہوا تو ہڈا اور اگر خرد اور نوکیلا ہوا تو بجر ہڈی اگر چپٹا یا مدور ہوا تو زانوا کہلاتاہے دوائین سبکی قریب ایک دوسرے کے ہین ع نمک سیاہ نمک سجی نمک جوالکھار ایک ایک تولہ سہاگہ ونوسادر تین تین تولہ اجوائن دیسی آدھ پاؤ سبکو سفوف کرکے مغز گھیگوار مین ملارکھین تھوڑا سا ہرروز آرد نخود مین ملاکے کھلایا کرین رر تین پیسہ بھر ہلدی کوٹ کر رات کو گاے کی پیشاب مین ترکر رکھین اور صبح کو آرد نخود مین ملاکے کھلایا کرین رر سہاگہ بریان بوزن نیم فلوس تھوڑے آٹے مین ملاکے ہرروز کھلانا خواہ پانی مین گھول کر پلانا رر اونٹ کی ہڈی پرانی تین پیسہ بھر سہاگہ ایک پیسہ بھر سفوف کرکے پانی مین پیسکر نیمگرم باندھنا رر دودھ کا خواہ گھی کا برتن خالی آگ مین گرم کرکے سینکنا رر اونٹ کی پسلی کی ہڈی گرم کرکے سینکنا رر چھٹانک بھر ماش کے آٹے مین دو دو پیسہ بھر مغز تخم ارنڈ ونمک کھاری اور چھہ ماشہ توتیا ملاکے ٹکیہ توے پر ایک طرف پکاکر کچی طرف نیمگرم ہڈی پر رکھہ کر باندھین اور ہرروز بجدید کرین تحلیل ہوجاتاہے یا ٹوٹ کر بہہ جاتاہے رر برگ نیب جوش کرکے باندھنا بھی مفید ہے رر جمال گوٹہ نوشادر نمک سیندھا بوزن مساوی عرق لیمو مین پیسکر لیپ کرکے باندھا کرین اور جب بہہ جاوے تب تولہ بھر رال سفید وچھہ ماشہ کتھہ

سفوف کرکے دھوئے ہوئے گھی مین ملاکر لگایا کرین کہ زخم خشک ہوجاوے // گرم سینک
نہایت مفید ہے اور بارہا تجربہ مین آیا ہے ص صابون اور گری کہنہ ناریل کی اور کنجہ سیاہ
اور کھلی سرسون کی اور پیاز اور چربی گوسفند کی آدھ آدھ پاؤ نمک خرد ایک چھٹانک سبکو پیسکر
باہم مخلوط کرکے دو پوٹلی کپڑے کی باندھکر بدستور سینک کیا کرین // چوب زقوم سے
سینک کرکے پھٹکری خام آب لیمو مین گھسکر لگا دین دپھر چوب زقوم سے سینک کرین
کہ اس سے اکثر بہ جاتا ہے // یہ مصالحہ نمک سنگ اجوائن چرایتہ بوزن مساوی
سفوف کرکے قند سیاہ کہنہ مین ملاکر بقدر مناسب کھلانا بہت مفید ہے // شاخ گوسفند
آگ مین جلاکر اور گل ارمنی مرچ سیاہ ہموزن سفوف کر رکھین ہر روز دو پیسہ بھر سفوف
چھٹانک بھر قند سیاہ مین ملاکر کھلایا کرین موتڑا بمقام ہڈے کے غدود موجودہ مین
ورم ہوتا ہے خواہ غدود جدید پیدا ہوجاتا ہے وبطور ہڈے کے تکلیف دیتا ہے
اور دیکھنے اور ٹٹولنے سے کیفیت اوسکی دریافت ہوتی ہے ع دوائین ہڈے کی
اوسکو بھی مفید ہین // بکری کا تازہ گردہ پھاڑ کر گرما گرم نمک چھڑک کر باندھنا خواہ آگ سے
گرم کرکے باندھنا // برگ تازہ مکوی اور سہاگہ پیسکر نیم گرم لگانا اور باندھنا // امر بیل درخت
روسہ کی پیسہ بھر کوٹکر چھٹانک بھر قند سیاہ مین ملاکر کھلانا // مرچ سیاہ پیپلا مور
زنجبیل کٹکی گھوڑ بچ زیرہ سیاہ نانخواہ ہینگ نمک سیاہ سجی جواکھار مساوی سفوف
کرکے چھٹانک بھر سفوف آدہ پاؤ قند سیاہ مین ملاکر اکیس روز تک کھلایا کرین //
شنگرف اور سہاگہ بریان اور کتھہ سفید دو دو پیسہ بھر سفوف کرکے شیرہ ادرک مین ساٹکر
اکیس گولی بناوین اور ہر روز ایک گولی کھلایا کرین // سجی دس پیسہ بھر ہلدی اکیس پیسہ
بھر گوگل بھنیسیا وخاکستر شاخ گاومیش تین تین پیسہ بھر سفوف کر رکھین دو پیسہ بھر سفوف آدہ پاؤ
قند سیاہ کہنہ مین ملاکر ہر روز کھلایا کرین بیرہڈی اگلے پیرون کی پھلی مین چمڑے کا
اندر ایک ہڈی زائد لابنی شکل پیدا ہوتی ہے ع سب دوائین ہڈے موتڑے کی
مفید ہین // ابتدا مین مٹی کا ڈھیلا گرم کرکے سینکنا // تھوہر کی پتی پیسکر تھوڑا صابون
ملاکر نیمگرم لگانا اور باندھنا // روغن گاؤ سے لگاکے تدھارے سینہڈ کی لکڑی تازہ نیمگرم

باندھنا اور احتیاط کرنا کہ رگڑنے نہ پاوے ،، گھوڑ بچ اور بار برنگ دو دو پیسہ بھر سفوف کرکے
روغن کنجد سیاہ مین ملا کر کھلانا جو گیرا یہ مرض ایسا ہے کہ اولا گھوڑا بائین پیر اگلے یا پچھلے آدی
لنگ کرتا ہے دو تین روز کے بعد چارون پیر جنبش سے باز رہتے ہین اور چھاتی بھی
ایسی بھاری ہو جاتی ہے کہ گھوڑا کسی وقت گردن نہین پھیر سکتا ع پیرون کے
بال استرے سے دفع کرکے افیون ملنا چاہیئے خواہ افیون کو پانی مین گھول کر گرم کرکے
پیرون کی ابتدا سے سُم تک چند روز ایسا مالش کرنا چاہیے کہ جلد تک اثر پہونچ
جایا کرے ،، ہیرا ہینگ اور ہلدی اور سُہاگہ خام بکچی گوگل بھینسیا زنجبیل مغز تخم کڑ
نوسادر معدنی عقرقرحا رائی تین تین تولہ افیون ایک تولہ سب کو کوٹ کر چھانکر قند سیاہ
کہنہ مین ملا کر تیرہ گولی بنانا ایک گولی گھوڑے پر تصدق کرکے پھینک دینا اور ایک
ایک گولی دو دو وقت چھ روز تک کھلانا اور پانی تازہ دوپہر کو صرف ایک دم پلانا اور فاقہ
کرانا ورنہ چارہ بقدر زندگی کے دینا چاہیئے اور دانہ مونگ کا کھلانا بھی اس مرض کی دوا ہر
،، بچہ نوزاد بھینس کا سرگین ایک پیسہ بھر پانچ پتی ارنڈ مین ملا کر کھلانا مفید ہے
،، ہلدی ایک چھٹانک سفوف کرکے آدھ پاؤ قند سیاہ ملا کر کھلانا و امنی سے پچھلے
زانو مین آماس ہوتا ہے ع روغن کنجد سیاہ شیرہ برگ دھتورہ سیاہ مساوی
نیم گرم کرکے لگانا ،، برگ سنبھالو برگ ہلہل مساوی کھلانا و لگانا ،، زنجبیل
کلان تخم سوہ تخم مولی مساوی سفوف کرکے قند سیاہ مین ملا کے کھلانا پلی آنا
اسکو پنڈوری بھی کہتے ہین علامت اگلے پیرون کی نلی یعنے ہیلی کا پٹھہ موٹا ہو جاتا ہی
اور کبھی پچھلے پیرون مین بھی ہوتا ہے اس سبب سے چلنے مین تکلیف ہوتی ہی
اور پانو بدصورت ہو جاتے ہین ع دھانکھ کی پتی نمک ڈال کر پانی مین جوش
دیوین جب زرد ہو جاوین پتون کو کپڑے پر رکھ کر پٹھہ ماؤف پر باندھین اور دہی
پانی ٹپکایا کرین چند روز مین صحت ہو جاتی ہے ،، میتھی دہالون مساوی پیسکر تھوڑا روغن
تلخ ملا کر نیم گرم لگایا کرین ،، میتھی دہالون دو دو پیسہ بھر سفوف کرکے آدھ پاؤ مکھن مین ملا کر
کھلایا کرین چکاول سم کے اوپر گامچی تک اگلے پیرون مین ورم ہوتا ہے

پستک پچھلے پیرون مین سم کے اوپر سے گامچی تک ورم ہوتا ہے معالجہ دونون کا یکسان ہے استرہ سے بال دفع کرکے پچھنا لگانا اور اوپر پوست بیخ آگ آدمی کے پیشاب مین پیسکر شیر گرم لگانا سات روز تک چاہیے ،، ٹاٹ کو آدمی کے پیشاب مین ترکرکے باندھنا اور اوسکو پیشاب سے تر رکھنا و تین روز کے بعد توتیا و زنگار و سیماب بوزن مساوی عرق لیمون مین پیسکر لگانا و ٹاٹ سے باندھنا جس سے کلکر مواد بہ جاوے یا تحلیل ہو جاوے ،، پوست درخت سینہجن جلاکر اوسکی خاک مین مکھن ملاکر لگانا و گھیگوار پھاڑکر گرم کرکے باندھنا آدھ سیر روغن کنجد مین دس عدد بھلاوان جلاکر کوئلہ دفع کرکے ایک تولہ سیندور گھولین اور چپاور اور گھونگچی سفید تین تین پیسہ بھر سجی اور تخم ہلینگ دو دو پیسہ بھر نوشادر ایک پیسہ بھر سفوف کرکے ملاوین اور تین روز تک دھوپ مین رکھکر لگاکے کپڑے سے باندھین و یا چیک و تشتی کی آگ سے سینکین ،، ورم پر لانبا زخم نشتر سے کرکے سہونڈ چودھارا پھاڑکر سینک کیا کرین اور اوسکو بندھا رکھین **فائدہ** جب کسی معالجے سے یہ مرض دفع نہووے تب داغ دینا ضروری ورنہ چند روز مین گھوڑا بیکار ہو جاتا ہے **کف گیر** اکسی سم یا چارون سم کی تیلی مین آماس نرم ہو جاتا ہے **سم خارہ** پانون کی تیلیون مین آبلہ پڑجاتے ہین جس سے پانون رکھنا اور اوٹھانا دشوار ہو جاتا ہے **ع** دونوکے چونہ اور ہرتال مساوی سفوف کرکے پکاکر نیمگرم لگاکے ٹاٹ سے باندھ دیا کرین چند روز مین تحلیل ہو جاتا ہے یا بہ جاتا ہے اور جو علاج مرض تلوائی مین آیندہ لکھا جاوے گا اوسکا کھلانا بھی مفید ہے ،، روغن سرشف پاؤ سیر موم اور چربی گوسفند کی ایک ایک چھٹانک آگ پر رکھہ کر روہو مچھلی خواہ سوری مچھلی کا سر اوسمین ڈالین جب سر جل جاوے تیل کو کپڑے سے چھان لیوین اوس تیل مین مصطگی رومی رال سفید سنگ جراحت دو دو تولہ سیندور بیٹر یا کتھہ کمیلہ مردارسنگ چھالیا سوختہ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ توتیا اور افیون ایک ایک تولہ سفوف کرکے اور صابون تین تولہ ملاکے مثل مرہم کے بناوین اور لیپ کرکے کپڑا رکھہ کر ٹاٹ سے باندھا کرین اور تیسرے روز کھول کر اوسی طرح سے باندھا کرین **او بکرن باو** چارون پاؤن مین ورم ہوتا ہے گھوڑا غمگین رہتا ہے اور دانہ گھاس کم کھاتا ہے اور

اس عارضہ مین کبھی آنکھون پر بھی ورم آجاتا ہے ع نرکندی پوست بیخ سہجن نمک سیاہ
نمک سنگ بابرنگ پلاس پاپڑہ یعنے تخم ڈھانکہ اجوائن بھنگ جملہ بوزن مساوی سفوف کرکھین
دو پیسہ بھر سفوف ایک چھٹانک گھی ملاکر کھلایا کرین رر پوست بیخ ارنڈ برگ دھتورہ برگ
سنبھالو بھنگرا بوزن مساوی پیسکر نیمگرم لگایا کرین بھنڈوری جسکو دھونیگچ رس
بھی کہتے ہین نلی کے اوپر کی گانٹھ چارون پانو کی یا کسی پانو کی ورم ہوکر سخت ہوجاتی ہے
ع ایک چھٹانک املی پانی مین ملکر تخم اوسکے دفع کردیوین اوبچی اور جواکھار پیسہ پیسہ بھر سفوف
کرکے اوسمین ملاوین اور ورم پر چھپنہ لگاکے لیپ کیا کرین کہ مواد دفع ہوکے آرام
ہوجاتا ہے رر ہر روز اجوائن زنجبیل پیپل نمک سنگ بھنگ ایک ایک پیسہ بھر سفوف
کرکے آدھ پاؤ قند سیاہ کہنہ مین ملاکر کھلانا رر اجوائن برگ سنبھالو زنجبیل دو دو پیسہ بھر
سفوف کرکے آدھ پاؤ قند سیاہ کہنہ مین ملاکر کھلانا رر برگ املی برگ سنبھالو ہلہل پیس کر
نیمگرم لگانا و باندھنا کالی رس چارون پانو مین جہان سے گوشت کم ہے آماس
خفیف ہوکے سخت مثل لکڑی کے ہوجاتا ہے وگھوڑا اکڑا رہجاتا ہے ع چارون
پاؤن کی فصد کھولنا اور برگ تازہ مکو برگ تازہ کپاس برگ تازہ سوہ پیس کر تمام
لگانا رر اجوائن اجمودہ زنجبیل کلان مساوی سرکہ مین پیسکر لگانا رر برگ سنبھالو
پیسکر قند سیاہ مین ملاکر کھلانا گت ہلینگ رس جسکو کچ چرن اور فیل پا بھی کہتے ہین
کبھی ایک دو پیر مین اور کبھی چارون پیرون مین ورم زیادہ و نرم ہوتا ہے اور کبھی اوس
ورم پر گرہین نمودار ہوتی ہین اور کبھی گھوڑا چلنے سے بھی معذور ہوجاتا ہے ع تخم
سرسون تخم کرنج بکچی بوزن مساوی پیسکر نیمگرم لگانا رر پھٹکری خام سفوف کرکے مکھن
مین ملاکے لگانا رر گندھک روغن کنجد سیاہ مین ملاکر لگانا اگر ان دواؤن سے ورم ٹوٹکر
مواد دفع نہوئے تو نشتر لگاکے مواد دفع کرین اور ایک چھٹانک املی ترکرکے ملکر تخم اوسکے دفع
کرکے جواکھار اور سجی دو دو پیسہ بھر سفوف کرکے ملاوین اور نیمگرم لگایا کرین کہ مواد سب
دفع ہوجاوے پھر زخم کی دوا جیسا باب اول مین لکھی ہین مستعمل کرین رر اجوائن سونٹھ
بابرنگ پیپل نمک سیندھا پیسہ پیسہ بھر سفوف کرکے دوچندان قند سیاہ ملاکر کھلایا کرین رر

؍؍ برگ نیب ہلیلہ سیاہ و بیخ پرور مساوی سفوف کر کے ایک چھٹانک سفوف گھی مین ملا کر کھلایا کرین **تل ہتھصہ رس** اگلے سمون کی ہتیلی سے پانی زرد جاری رہتا ہی ع برادہ آہن ہلیلہ بابرنگ سرمہ سا کر کے روغن کنجد سیاہ مین ملا کر لیپ کرین اوسپر ارنڈ کا پتہ باندھ کر اینٹ گرم کر کے سینکین خواہ سرگین گاو گرم کر کے لگا دین اور اوسپر سنگ تاو کر کے باندھین اور برگ اور شاخ تازہ گوکھر و خورد یا کلان پیسہ بھر اجوائن تین پیسہ بھر نرگنڈی ڈیڑھ پیسہ بھر پیسکر تین چھٹانک قند سیاہ ملا کر ہر روز کھلایا کرین **تل و کھی رس** جسکو رس اوترنا کہتے ہین پچھلے پیرون کی تیلی سے پانی متعفن بہا کرتا ہے ع چند روز تک نمک کھاری سفوف کر کے چھڑکا کرین جس سے مواد بہ جاوے جب بند کرنا چاہین رال سفید لاکھ خام پیسہ پیسہ بھر سفوف کر کے موم خام دو پیسہ بھر ڈیڑھ چھٹانک روغن کنجد سفید مین پکا کر تُتلی پر لگا کے ٹاٹ سے باندھکر اینٹ گرم کر کے ایسا سینک کرین کہ گرمی زیادہ سم تک پہونچے اور یہ چاشنی کھلایا کرین برگ سنبھالو دو پیسہ بھر اجوائن چھتا ور پیپل پیسہ پیسہ بھر سفوف کر کے آرد جو خواہ موٹھ مین سانکر ہر روز کھلایا کرین دفع ہوجاتا ہے **تلوا سے** جسکو چپاتی سم بھی کہتے ہین اگلا سم خشک ہوجاتا ہے پھر زمین پر رکھنا دشوار ہوجاتا ہے گھوڑا چلنے مین لغزش کرتا ہے ع برگ پرور برگ نیب برگ سنبھالو پیسکر نیم گرم لیپ کر کے ٹاٹ سے باندھا کرین ؍؍ نانخواہ لہسن پیپلا مور زنجبیل **گھوڑ بچ** گوگل بابرنگ ہینگ پوست بیخ آگ نمک سنچی ہموزن سفوف کر رکھین ہر روز ایک چھٹانک تھوڑے آرد نخود مین سان کر کھلایا کرین **شقاق** سم سم پر ایک یا چند زخم پھٹکر ہوجاتے ہین ع پھٹکری توتیا ہیرا کسیس سون مکھی چونہ ہموزن سفوف کر کے عرق لیموں یا سرکہ خالص مین کھرل کر رکھین زخمون مین بھر کے کپڑے سے باندھ دیا کرین ؍؍ نوشادر توتیا ہموزن سفوف کر کے زخمون مین بھر دیا کرین **نعل کی مینخ** یا کوئی چیز سم مین چبھ جانا ع شئے موذی کو دفع کر کے گرم پتھر یا اینٹ پر سم رکھہ کر اوسپر ہی خواہ آب سرد ٹپکا دین کہ اوسکی بھاپ زخم پر پہونچے ؍؍ دودھ کے برتن سے سینکین ؍؍ نیم گرم خاکستر پر سم رکھین ؍؍ موم کی بتی جلا کر چند قطرہ موم اوس زخم پر ٹپکا دین **جھنک باو** گھوڑا ایک پیر پچھلا گھسیٹتا

یا جھٹکتا چلتا ہے یہ مرض بادی ہے ع لہسن دو پیسہ بھر پارہ ادھیلہ بھر دونون کو کھرل
کرکے تھوڑے ستو مین ملا کے مثل نہاری کے اکیس روز تک کھلانا ؍؍ ہلدی ایک چھٹانک
پیپل دو پیسہ بھر پارہ ادھیلہ بھر اوسی طرح کھلانا ؍؍ سرن باو گھوڑا ایک پاؤن جھٹک کر
آگے بڑھا کے رکھتا ہے یہ بھی مرض بادی ہے علاجین جھنک باو کی مفید ہوتی ہین
بالآخر فرمہ پر داغ دینا مفید ہے۔

فصل ۱۳- امراض عامہ جلدیہ مین جو مواد اندرونی سے تمام بدن پر یا بعض بعض
عضو پر پیدا ہوتے ہین زہر باد و ورم سمی ہے جس عضو پر کہ ہوئے گھوڑا دانہ گھانس
کم کھاتا ہے دوم پیر مارا کرتا ہے ع زیرہ سیاہ ہلدی پاو پاو سیر مرچ سیاہ آدھ سیر سفوف
پارچہ بیز کر رکھین بقدر مناسب پانی مین سان کر دونون وقت سات روز تک کھلایا کرین
؍؍ مصطگی رومی طباشیر سفید دو دو تولہ زیرہ سفید زیرہ سیاہ ہلدی بیخ اندرائن اندرجو کٹکی
تین تین تولہ زنجبیل مرچ سیاہ آدھ آدھ پاو سفوف کرکے بدستور کھلانا ؍؍ بیخ سوسن ادرک
مرچ سیاہ ہموزن کھلانا ؍؍ سونٹھ میدہ پیپل مرچ سیاہ کٹکی بابرنگ چرایتہ زیرہ سفید
چھتا ورکاکڑا سنگی کالی زیری تخم سوہ گیرو بندال لہسن سبکو بوزن مساوی کوٹکر رکھین
آدھ پاؤ دوا پاو بھر آرد جو مین ملا کر ہر صباح کھلایا کرین ؍؍ کالی زیری اجوائن گیرو بوزان
مساوی پانی مین پیسکر تھوڑا سرکہ ملا کر نیمگرم لگایا کرنا او اگر چھاتی اور پیٹ اور فوطون پر ورم
مذکور ہوئے تو سوائے ادویہ مذکورکے یہہ تدبیرین بھی مجرب ہین ص پتھر کو ایسا گرم
کرین کہ سرخ ہو جاوے تب ایک سفال گلی مین رکھ کر اوسپر بکری کا دودھ خواہ بکری کا
پیشاب اوسپر ڈالین اور اوسکا دھوان ورم پر پہونچاوین ؍؍ برگ نیب جوش کرکے
بھپارہ دینا ؍؍ اگر کوئی دوا فائدہ نہ کرے تو نشتر لگاکے مواد دفع کرنا اور زخمونکا معالجہ
جیسا کہ لکھا ہے کرنا اور اگر فوطون پر آماس ہو کر سخت ہو جاوین تو آختہ کر دینا چاہیئے فایدہ
اس بیماری مین پانی نیمگرم صرف ایکدم پلانا اور دانہ جو کا کھلانا و خالی ٹہلانا اور سواری نکرنا
چاہیئے اگن باد بسبب سمیت و تیزی مواد اور فساد خون کے گھوڑے کے بال گر جاتے ہین
اور کھال جابجا اوکھڑ جاتی ہے اور کبھی چمڑا پھٹ کر خون بھی نکلتا ہے ع برگ نیب و بیخ شالی

پاؤ پاؤ بھر باہم پکا کر پاؤ بھر دہی ملا کر ہر روز صبح وشام کھلانے سے تین چار ہفتہ مین صحت
ہو جاتی ہے **فائدہ** اس دوا کے استعمال کرنے سے عارضہ برساتی بھی دفع ہو جاتا ہی ؍؍
پُرانے کوٹھوکی لکڑی ٹکڑی ٹکڑی کر کے پتال جنتر کی تدبیر سے تیل نکالکر لگانا مفید ہے ؍؍
ملہٹی دو پیسہ بھر نخود بریان ڈیڑھ چھٹانک شاہترہ ایک پیسہ بھر خرما تخم برآوردہ تین پیسہ بھر
کچل کر پانی مین سان کر دو ہفتہ تک کھلانا **گھرج** جسکو گج رس بھی کہتے ہین تمام بدن پر
گرہ گرہ پڑجاتی ہین اور اوسمین خارش ہوتی ہے اور کبھی رطوبت بھی نکلا کرتی ہے **ع** ہلدی
بیخ اندرائن کوپل درخت آگ کی کلونجی کنجد سیاہ مساوی پانی مین پیسکر تمام بدن پر ایک ہفتہ
تک لگانا اور دھوپ مین باندھنا ایک ہفتے کے بعد تمام بدن مین گوبر بھینس کا لیپ کرین جب
خشک ہو جاوے سرد پانی سے دھو دین ؍؍ توتیا آدھ پاؤ خوب کھرل کر کے دس سیر مہی مین
ملا دین اور آدھ سیر نمک خوردنی اوسمین ڈال کر مٹی کے برتن مین پکا دین جب تھوڑا مہی جل جاوے
اوسی برتن مین تین روز زمین مین دفن کر رکھین پھر نکال کر لگایا کرین ؍؍ بھلانوان آدھ پاؤ
سفوف کر کے سیر بھر آرد جوار مین ملا کر پانی مین پکا دین اور لگا دین ؍؍ بھلانوان آدھ پاؤ
سفوف کر کے سیر بھر روغن کنجد مین ملا کر پکا کر لگایا کرین ؍؍ سیر بھر آرد جوار مین پاؤ بھر نمک
کھاری ملا کر روٹی پکا دین اور خشک کر کے سفوف بنا کر روغن کنجد مین ملا کر لگایا کرین **فایدہ**
جب دھونا ہوئے تو صابون کو پانی مین گھول کر دھو دین **فائدہ** جب کسی دوا سے اچھا
نہوے تو نشتر لگا کے مواد ناقص دفع کرین خود بخود اچھا ہو جاوے گا **رکت پتی**
تمام بدن پر دَدُوڑے پڑتے ہین اور اوسمین خارش ہوتی ہے **ع** گل دھاوا اور کتھہ اور تخم
کلونجی بوزن مساوی سفوف کر رکھین اور ہر روز آدھ پاؤ سفوف پاؤ بھر آرد جو مین ملا کر کھلایا کرین
؍؍ خردل آدھ سیر سفوف کر کے آدھ سیر روغن کنجد سیاہ اور پانچ سیر مہی اور پاؤ بھر شیرہ برگ
دھتورہ مین ملا کر تین روز دھوپ مین رکھین پھر سات روز تک بدن پر لگا کر کچھ دیر کے بعد گرم
پانی سے دھو ڈالا کرین ؍؍ گیرو اجوائن مساوی الوزن پانی مین پیسکر سرکہ ملا کر لگانا ؍؍ گیرو اور
مرچ سیاہ دو دو تولہ سفوف کر کے آدھ پاؤ قند سیاہ مین ملا کر چار روز تک کھلانا **بال خورا**
جسکو بامھنی کولاس کہتے ہین اکثر خارش کے عارضہ سے یا بدون اوسکے بال اُڑ کر بال

خواہ اور مقام کے جھڑ جاتے ہین ع جھینگا مچھلی پانی مین پیسکر ملنے سے جم آتے ہین ۔۔ دھان کے
چانول پانی مین تر کرکے اوسکا پانی ملنا مفید ہے ۔۔ برگ دھتورہ جوا کھار سجی نمک کھاری علیحدہ
علیحدہ ہموزن سبکی خاک لیکر عرق لیمو مین ملاکر لگانا ۔۔ کنجد سیاہ جلاکر پانی مین گھول کر لگانا
۔۔ مدار کی زرد پتی بیس عدد اور ہرتال اور سم الفار پیسہ پیسہ بھر کھرل مین رگڑ کر آدھ سیر روغن
کنجد سیاہ ملاکے کڑاہی مین آگ پر رکھین جب نیم سوختہ ہو جاوے اوتار کر پیسہ پیسہ بھر آنبہ ہلدی
اور توتیا ملاکے اوسی کڑاہی مین رگڑین کہ مثل مرہم کے ہو جاوے ۔ ان بعد مقام بال جھڑنے
پر طلا کیا کرین **پھول** داغہاے سفید مثل برص کے جابجا جسم پر پڑتے ہین اور وہان کے
بال سفید رنگ ہو جاتے ہین اور کبھی وہی داغ بڑھتے ہین اور دوسرے بھی پیدا ہو جاتے ہین
ع گل دھاوا کتھہ سفید پاو پاو سیر سفوف کرکے آدھ سیر کانجی اور آدھ سیر گلقند مین ملاکر
رکھین اور آدھ آدھ پاو ہر روز کھلایا کرین ۔۔ پوست بیخ انجیر جنگلی اور برگ جھاو مرچ سیاہ
مساوی سرکہ مین پیسکر لگانا **خارش** جب یہہ عارضہ شروع ہوئے پاو بھر تخم کڑوانہ مین
ملاکر کھلایا کرین ایک ہفتہ مین دفع ہو جاتا ہے ع بکرا ذبح کرنے مین جو لید گرم اوس کے
پیٹ سے نکلتی ہے ویسا ہی گرما گرم لگانا تین روز مین خارش کو دفع کرتا ہے **ایضاً**
مغز تخم کیتھہ اور تخم بید انجیر مساوی نیمکوفتہ کرکے پانی مین جوش کرکے شیر گرم لگانا اور دھوپ
مین باندھنا خارش کو دفع کرتا ہے ۔۔ گندھک اور نمک کھاری ایک ایک چھٹانک سفوف
کرکے سیر بھر روغن کنجد سیاہ ملاکر جوش کرین اور تین روز تک لگاکر تالاب کی مٹی لگاکے
دھووین ۔۔ نمک کھاری آرد گندم دونون مساوی الوزن کی روٹی پکاکر اوسکو جلاکر خاک
کر ڈالین اور اوس خاک کو ایک حصہ روغن سرشف اور دو حصہ مہی مین ملاکر لگایا کرین ۔۔ نمک
خوردنی آب لیمو مین گھول کر لگانا **فائدہ** دوائین جو باب اول مین لکھی ہین وہ بھی کرنا
مفید ہے **کیچ چرم** کسی عضو کا چمڑا بال گرکے سخت اور موٹا مثل ہاتھی کے چمڑے کے
ہو جاتا ہے اور کبھی اوسپر خارش بھی ہوتی ہے اور کبھی اوسپر آبلہ ہاے خورد یا کلان پڑتے
ہین اور خود بخود ٹوٹ جاتے ہین یہہ عارضہ علاوہ گھوڑون کے اور جانورون کو بھی
بلکہ آدمیون کو بھی ہوتا ہے ع یہہ دو نسخہ تیل کے نہایت مفید و مجرب واسطے دفع

اس مرض کے ہین اگر کل چیزین میسر نہ آوین تو جسقدر بہم پہونچین اونھین سے تیل بناکر ایک لکڑی کی نوک مین تھوڑا کپڑا باندھکر ہر روز دو بار ملا کرنا چاہیے حص سیند ورصندل سرخ جٹھا ماسی بابرنگ ہلدی خوردنی دارہلد پیپلا کوٹ تلخ مجیٹھ بیخ کتیھ پوست بیخ نیب پوست بیخ بکاین گدھپورنا چکوند جملہ بوزن مساوی کوٹ کر پانی مین بھگوئین شش چند دوا کے روغن سرشف ملاکے پکاوین جب پانی جل جاوے اور دوا نیم سوختہ ہوجاوے تب تیل کو استعمال کرین // مرچ سیاہ ہرتال طبقی مینسل صندل سرخ ہلدی خوردنی دارہلد بیخ حنظل پوست بیخ کنیر سفید کوٹ تلخ پوست بیخ آگ سبکو بوزن مساوی کوٹ کر نازادگاے کے پیشاب مین پیسکر گاے کے گوبر کا عرق کپڑے مین نچوڑ کر بوزن چہارم حصہ کل ادویہ کے ملاکر شش چند کل ادویہ کا روغن سرشف ملاکر بدستور بناوین اور لگاوین۔

فصل ۱۴۔ اقسام تپ مین یہہ عارضہ نو قسم سے ہوتا ہے اور جملہ اقسام مین سواے اندہ جبر کے بدن گرم رہتا ہے اور دونون کان زیادہ گرم ہوتے ہین اور دانہ چارہ کی رغبت نہین ہوتی خواہ قدرے قلیل کھاتا ہے قاعدہ اگر ایک قسم کی تپ ہووے دوا جو اوسمین لکھی ہے کرنا چاہیے اور اگر چند قسم سے مرکب ہو تو دوا بھی اون قسمون کی مرکب کرکے دینا چاہیے قاعدہ جو دوا جوش کرکے پلانے کو لکھا ہے اوسکی تدبیر یہہ ہے کہ تخم اور چوب جوکوب کرکے اور جو پھول اور پتی ہون بدستور پانچ سیر پانی مین جوش کرین جب چہارم حصہ رہجاوے ملکر کپڑے مین چھان لیوین **سنپات جبر** کہ منھ سے بدبو آتی ہے اور جابجا جسم پر گرہ نمودار ہوتی ہین ع بیخ کیوڑہ پوست درخت گولر پوست درخت جامن جدا جدا کچل کر چھٹانک چھٹانک شیرہ نکال کر آدھ سیر گاے کے دودھ مین ملاکر ایک ہفتہ اور زیادہ اوس سے نال مین بھرکے پلایا کرین اس سے دفع ہوجاتی ہے **انجبر** تھوڑا کچھ کھاتا نہین ہے اور تمام بدن مین گانٹھین نمودار ہوجاتی ہین اور لید خشک کرتا ہے ع ہڑ بہیڑا آملہ پوست درخت کیوڑا پوست بیخ بیدانجیر سب کو بوزن مساوی جوکوب کرکے چھٹانک بھر دوا سیر بھر پانی مین جوش کرین جب چہارم جل جاوے ملکر چھان کر اوسمین سفوف مرچ سیاہ کا سبھ ملاکے پلایا کرین اندہ جبر کہ ناک اور آنکھ سے پانی ٹپکا کرتا ہے

ع بیج نیلوفر بیج کتائی زنجبیل کلان دو دو پیسہ بھر نیکوب کرکے دو سیر پانی مین جوش کرین جب آدھ سیر پانی رہے ملکر چھان کر بیج سیاہ پھیل دو دو پیسہ بھر سفوف کرکے ملا کے پلایا کرین ہوگا جبر گھوڑا زمین پر پڑا ہوا دم ہلایا کرتا ہے اور ناک اور موتہ کے اندر باہر پھنسیان نکلتی ہین اور اونسے پانی نکلتا ہے اور آنکھ سے بھی جاری رہتا ہے ع مال کنگنی گوکھرو کلان بیج انگور چرایتہ خرما بھنگرا چوب نیب کشنیز خشک پیسہ پیسہ بھر جوش کرکے چھٹانک بھر گلقند پھیکر ملا وین وراسی قدر ہر روز پلایا کرین لنگھان جبر گھوڑا دو تین روز تک اگرچہ کھانے کو نہین پاتا تو بہ سبب گرسنگی کے تپ پیدا ہو جاتی ہے ع بار برنگ لونگ کنکول مرچ ملیٹی تیج پات پیسہ پیسہ بھر کوٹ کر دو چندان شہد اور برابر اوسی کے گاے کا گھی ملا کر کھلا وین زندہ جبر گھوڑا دانہ چارہ کمتر کھاتا ہے اور کھڑا ہوا سا غری سے ہوا چھوڑا کرتا ہے اور بدن گرم نہین رہتا ہے ع کاک جنگہ برگ شاہترہ چرایتہ زنجبیل پیپلا مور دو دو پیسہ بھر جوش کرکے شہد ملا کر پلا وین ۱۱ زنجبیل دو پیسہ بھر ہینگ آدھیلہ بھر ایک چھٹانک گلقند مین ملا کر کھلا وین انزادہ جبر گھوڑا کچھ نہین کھاتا ہے یا تھوڑا کھاتا ہے اور اپنے بدن کو دیکھا کرتا ہے اور کبھی بدن کو موتہ سے پکڑتا ہے ع برگ سنبھالو لال ساگ مرچ کنکول دار ہلد ایک ایک چھٹانک جوش کرکے ملکر چھان کر تھوڑا روغن کنجد سیاہ ملا کر تمام بدن پر مالش کرین اور دھوپ مین باندھین بھپ جبر گھوڑا جھڑا کرتا ہے ع برنج ساٹھی آدھ سیر زیرہ سفید چھٹانک بھر کتیرا کتھہ لاکھہ پیپل کی دو دو پیسہ بھر گاے کے دودھ مین پکا کر کھلایا کرین پتین جبر کہ موسم گرما مین مشقت دوڑانے سے یا گرم چیزین کھلانے سے یا وقت معین پر پانی نہ دینے سے پیدا ہوتی ہے دانہ ہضم نہین ہوتا اور ناک سے ہوا گرم آتی ہے اور کبھی مخارج سے خون آتا ہے ع الایچی سرخ تیج پات سوگند بالا کنکول مرچ مغز تخم کنار ملیٹی آملہ کشنیز پیسہ پیسہ بھر کوٹ چھان کے پاؤ بھر شکر ملا کے کھلایا کرین۔

فصل ۱۵ - امراض مخصوص نر کے بیان مین

اگر گھوڑے کی منی جھڑتی ہوئے خواہ جفتی سے سست ہوگیا ہوئے خ پوست بیج ببول برگ ببول دو دو پیسہ بھر بیج کیلہ پوست بیج کنار صحرائی پیسہ پیسہ بھر خرما یعنی چھوارا ایک چھٹانک پیسکر آدھ سیر شیر مادہ گاو کے

ساتھ تین روز تک کھلاوین اور اگر گھوڑا جفتی کرتے کرتے کمزور ہوگیا ہو اور جفتی نکرسکے ع
المر او ربیضہ مرغ بقدر مناسب شیر گاو مین پکاکر تھوڑا روغن گاو ملاکے اکیس روز تک کھلاوین
// مغز پنبہ دانہ کنجد سیاہ پاؤ پاؤ سیر قند سیاہ آدھ سیر اڑھائی سیر شیر گاو مین شامل بھیاکے پکاکر
اکیس روز تک کھلاوین اگر گھوڑا شورش او رمستی کرتا ہوئے ع کاغذی لیمو کا تخم ایک تولہ کتھہ
سفید دو پیسہ بھر کتیرا ایک چھٹانک پانی مین پیسکر آرد جو مین ملاکے اکیس روز تک کھلاوین گ
ایک چھٹانک تخم سن جس سے ٹاٹ بناتے ہین سفوف کرکے آدھ پاؤ املی کے مغز مین ملاکی
دس پانچ روز تک کھلاوین // تین روز تک مغز سرطاوس کھلانا // گنجائی کا دھوان ناک مین
دینا اور اگر کبھی کبھی جھڑتا ہوئے تو دوا کرنا نہین چاہیئے اور اگر کثرت سے جھڑا کرے تو موجب
کمزوری کا ہوتا ہے دوا کرنا ضرور ہے ع کتیرا اور کتھہ اور آنولہ بوزن مساوی سفوف کرکی
رات کو پانی مین ترکر رکھین صبح کو آرد جو ملاکے کھلایا کرین // کیلے کی جڑ دو پیسہ بھر پیسکر آرد جو
مین ملاکے کھلانا // السی ایک چھٹانک سفوف کرکے آرد جو مین ملاکے کھلانا اگر فوطہ
ورم کرے اسکو کھوٹ بادھی کہتے ہین اور یہہ مرض ٹرکی اور ٹانگن کو بیشتر ہوتا ہے ع ملتانی
مٹی سرد پانی مین گھولکر لگانا // کالی زیری اور اجواین اور گیرو مساوی پیسکر شیر گرم لگانا //
کنجد سیاہ پیسکر شیر گرم لگانا // برگ ارنڈ جوش کرکے اوسکی پانی سے بدفعات دھونا // کٹائی کلان
خواہ خورد پوست درخت سہنجنہ پوست بیخ ارنڈ زنجبیل میدہ بوزن مساوی سفوف کر رکھین تین
پیسہ بھر سفوف تھوڑے روغن گاو مین ملاکر کھلایا کرین اور اگر فوطون پر دانہ پڑین ع پوست
درخت نیب سرد پانی مین گھس کر لگانا مفید ہے // برگ مکوے تازہ اور گیرو لگانا —

فصل ۱۶ - امراض مہلکہ اور علامات رویہ مین بوعمہ اسکو نارفیقر بھی لکھا ہے اس
عارضہ مین تمام بدن سے پسینہ جاری ہوتا ہے گھوڑا بدحواس ہوکے دانہ گھاس چھوڑ دیتا ہے
اور اس عارضہ سے صحت کمتر ہوتی ہے ع ہوان کنڈے کی راکھہ تمام بدن پر بکثرت ملنا چاہیئے
اگر اس سے پسینہ خشک ہوجاوے تو صحت بھی ہوجاتی ہے // دونون کان کی جڑ مین ایال
کیطرف اور دم کی نوک پر لوہے سے داغ دینا اور مکان تاریک مین رکھنا چاندنی زدہ
یہہ عارضہ زخمی گھوڑونکو اکثر ہوتا ہے گھوڑا بیتاب زمین پر پڑا ہوا سر ٹپکتا ہے اور آنکھین

اولٹ جاتی ہین اس عارضہ سے کمتر صحت ہوتی ہے ع اگر دانت بند نہوے ہون تو ایک مرغ خواہ گیدڑ خواہ گلہری ذبح کر کے آلائش صاف کر کے جوش دیوین اور اوسکا پانی صاف کر کے نال سے پلاوین اور اگر دانت بیٹھ گئے ہون تو چند لتے حیض کے جوش دیکر اوسکا پانی ناک مین ٹپکا دین **علامات** ردیہ اگر گھوڑے کو امراض مذکورہ بالا سے کوئی ظاہر نہوے اور صرف تغیر مزاج سے جو بسبب شدت گرمی یا سردی یا بادی سے ہوئے یہہ حالات پیدا ہون کہ آنکھون سے آنسو جاری رہین اور اوٹھنا بیٹھنا مشکل ہو یا اوٹھنا بیٹھنا بیقراری کے ساتھہ ہو یا پیٹ یا سر یا مونھہ مین شدت خارش کی ہوئے کہ اوسکو رگڑا کرے یا ہر ساعت دھانسی آوے یا بدن سے خاکستر کی بو آوے یا گوشہ چشم بہت سفید ہو جاوین یا کنارے آنکھون کے بہت سرخ ہو جاوین یا آنکھون کا رنگ ہر گھڑی تبدیل ہوا کرے یا بطانے آنکھون کے ہر دم برنگہاے مختلف تبدیل ہوا کرین یا آنکھو نین ڈورے ہر رنگ کے نظر آوین یا آنکھون کے گرد حلقہ سیاہ اور آنکھین سرخ ہو جاوین یا ایک کنارہ سرخ دوسرا سیاہ ہو جاوے یا زبان پر آبلہ سرخ یا سیاہ یا نیلا یا زرد یا چنپئی یا سبز یا نہایت سفید نمودار ہون یا زبان سیاہ ہو جاوے تو گھوڑے کی صحت دشوار ہے ۔

فصل ۷ ۔ واضح ہو کہ خچرون اور گدھون کی بیماریان بجنسہ مثل امراض گھوڑون کے ہین اور وہی دوائین بھی مفید ہوتی ہین جو گھوڑون کے لیے مفید ہین بروقت ضرورت حسب مراتب مندرجہ باب اول اور باب ہذا کے عمل کرنا چاہیے واللہ اعلم بالصواب

باب تیسرا تدابیر اور معالجات فیلون مین

چونکہ مقصود اصلی معالجہ سے ہی لہذا تشریح ان امور سے بھی درگذر کیا کہ کس جنگل اور کس خطہ کا ہاتھی کیسا ہوتا ہی اور کون کون عیب اوسکے جسم مین قرار دیے گئے ہین اور واضح ہو کہ اس فن مین بیشتر الفاظ اصطلاحی مستعمل ہین چنانچہ **مستک** ظاہر دماغ کو کہتے ہین **سوہالی** دونون لب کو **دھارن** کل ادویہ مرکبہ خوردنی جو ایک دفعہ طیار کیجاوین اور بدفعات کھلائی جاوین **کوچی** اون ادویہ کو جو بیکدفعہ کچل کر کھلادی جاوین **لوگدی** جو بیکدفعہ پیسکر بآسانی کھلادی جاوے **چھینٹا** دوا کا پانی ہاتھہ مین لیکر آنکھہ پر یا زخم پر پھینکا جاوے **پوچارا** دوا کے پانی مین

کپڑا تر کر کے زخم پر یا آنکھ پر پھیرا جاوے ٹھپا اوڑھنک جو بطور ضماد یا طلا کر لگائی جاوے
اور دیگر اصطلاحات اپنے موقع پر مذکور ہونگے مقالہ اولی بیان امور کلیہ مین۔
فصل اول حفظ صحت مین اوسکے دماغ پر ایسی یبوست غالب رہتی ہے کہ اگر مستک پر
روغن گاو خواہ روغن کنجد سفید نہ لگایا جایا کرے تو اندھا یا مجنون یا مخبوط ہو جاتا ہے الّا
ایسا عاقل اور ہوشیار رہے کہ نابینائی مین بھی مثل بینا کے راہ چلتا ہے مگر یہ سستی
دھارن کہ ہمیشہ کھلانا اسکا ہر طرح پر مفید ہے اور حدوث امراض سے محفوظ رہتا ہے
ص سہاگہ بریان گوگل ہیرا ہینگ اجوائن کوٹ شیرین ترکچور کالا بچھوا نربسی پیپلا مور
نمک سوچر نمک سیندھا آدھ آدھ پاؤ اسبند اجوائن خراسانی اسگندھ ناگوری رائی سنجی
لوٹن سجی اجمود کمیلہ پاؤ پاؤ بھر بار برنگ تنباکو خوردنی آدھ آدھ سیر سبکو کوٹ چھان
سوا سیر آرد شش ملا کر شراب مین سان کر پیسہ پیسہ بھر کی گولیان بنا کے خشک کر رکھین
بعد راتب کے ایک گولی ہر روز کھلایا کرین ۔ واسطے اصلاح مزاج و حفاظت بیماریونکی
کبھی کبھی تین چار روز پیہم کھلانا چاہیئے ص بھلانوان اور کچلا سوا سوا پاؤ روغن کنجد
سیاہ ڈیڑھ پاؤ مین خوب بریان کر کے نکال لیوین اور آنبہ ہلدی سوا پاؤ کٹکی پیپلا مور
گوگل ہینگ بریان سہاگہ بریان آدھ آدھ پاؤ سفوف کرین اور اڑھائی سیر مدار کی پتی باریک
کتر کے سیر بھر روغن کنجد سیاہ مین ان پتون کو خوب بھونین جسمین جل جاوین اوسمین
سفوف مذکور کو مخلوط کر رکھین دو پیسہ بھر دوا آدھ پاؤ قند سیاہ مین ملا کر کھلایا کرین
دھارن کہ سفر مین ہر روز کھلانا موجب دفع مضرت آب و ہوا اور دافع
کسل اور ماندگی کا ہے ص دودھ گلخن گوگل آدھ آدھ پاؤ باروت چھٹانک بھر قند سیاہ
تین پاؤ باہم کوٹ کر منزل پر کھلایا کرین ہر روز پاؤ سیر دھارن کہ ہاتھی کم عمر کو ہر مہینہ
مین دس پندرہ روز متواتر کھلانا اوسکی اصلاح مزاج کی رکھتا ہے اور ہر طرح کی خوبیان
نمودار کرتا ہے ص تخم کنول گٹہ اجوائن سیر سیر بھر سہاگہ سجی پاؤ پاؤ بھر کوٹ رکھے ایک
چھٹانک سفوف تھوڑی روٹی راتب مین ملا کر مثل لوئی کے کھلا دین دھارن
کہ حفاظت صحت مین بعدیل ہے ص برگ خشک کنیر سفید سیر بھر بھانگ آدھ سیر سنگجراحت

گوگل تال مکھانا سمندر پھل آدہ آدہ پاؤ سفوف کرکے سیر بھر آرد ماش مین ملاکے شراب مین
سانکر پیسہ پیسہ بھر کی گولیان بنا رکھین ہر روز ایک گولی کھلایا کرین **دھارن** کہ نہایت
خوب اور مجرب ہے **ص** سہاگہ بریان پیپلامور سجی ہلدی اسگندھ ناگوری کابھیل ہیدالکڑی
گوگل ہر جوڑ مازو کوٹ شیرین کمیلہ اتیس اسبند مساوی سبکو کوٹ چھان رکھین دو پیسہ بھر
سفوف چھٹانک بھر قند سیاہ مین ملاکر کھلایا کرین گ سمندر پھل کچلا بریان بھلانوان بریان
مین پھل گوگل سہاگہ بریان صدف سوختہ مغز تخم کرنج باروت بوزن مساوی سبکو سفوف
کر رکھین دو پیسہ بھر سفوف و دو پیسہ بھر گھی چھٹانک بھر قند سیاہ مین ملاکر شام کو کھلایا
کرین **فائدہ** برگ درخت کرنج برگ درخت کھرنی پاؤ پاؤ بھر شام کو توڑ رکھین صبح کو کھلایا
کرین تو پیٹ کی بیماریان نہین ہوتین -

فصل ۲ - ادویہ مقوی ہاضمہ مین **قاعدہ** ہاضمہ کے دھارن راتب کے بعد کھلانا
چاہیئے اگر نہ کھاوے تو راتب کی روٹی مین رکھہ دیا جاوے **دھارن** گندھک آنولہ سار
اسبند ایک ایک چھٹانک سفوف کرکے پاؤ بھر آرد گندم مین ملاکے بقدر جنگلی بیر کے گولیان
بنا رکھین ہر روز ایک دو گولی دیا کرین **دھارن** برگ چنبیلی کوفتہ پانچ سیر ہلدی کوفتہ
سوا سیر قند سیاہ اڑھائی سیر پانی ڈالکر پکاوین جب خوب گاڑھا ہوجاوے اوتار رکھین
ہر روز دو پیسہ بھر کھلایا کرین **دھارن** موسومہ بھوجن بھسما **ص** اجوائن اجمود نمک سانبھر
نمک سیندھا پاؤ پاؤ سیر مال کنگنی نرملی ہیدالکڑی مجیٹھہ کٹکی پیپلامول باو کھمبا باروت گندھک
نمک سونچر نمک سجی کچلون ہینگ چتا ور گوگل اتیس آدہ آدہ پاؤ سبکو سفوف کرکے سیر بھر آرد
ماش ملاکے شراب مین سانکر آنولہ کے برابر گولیان بنا رکھین ایک گولی ہر روز کھلایا کرین
دھارن موسومہ اجیرن برن **ص** سجی پاؤ سیر ہینگ سہاگہ باروت ایک ایک
چھٹانک کلی چونہ کی آدھی چھٹانک سبکو سفوف کرکے آدہ سیر قند سیاہ مین ملاکے بوزن
دو دو پیسہ بھر گولیان بنا رکھین ہر روز ایک گولی کھلایا کرین **دھارن** آدھ سیر
رائی آدہ پاؤ نمک سانبھر سفوف کرکے دو سیر دہی مین ملا رکھین چوتھے روز سے چھٹانک
بھر دوا تھوڑے آرد گندم مین ملاکے کھلایا کرین ۵ **دھارن** ہینگ بریان

ادھیلہ بھر آدھ پاؤ سرکہ مین گھول کر آرد گندم مین سانکر ہر روز اسی قدر کھلانا دھارن
کچلا بریان سیر بھر سہاگہ بریان صدف سوختہ پاؤ پاؤ بھر باروت آدھ پاؤ ہرتال طبقی آدھی
چھٹانک سفوف کرکے ڈیڑھ سیر قند سیاہ مین دو دو پیسہ بھر کی گولیان بنا رکھین ہر روز
ایک ایک گولی کھلایا کرین رر استخوان کہنہ آدمی عقرقرحا باروت گل آگ سہاگہ بریان
کلیجن ہینگ بریان کچلا کھی مین بریان کیا ہوا سب بوزن مساوی سفوف کرکے قدرے
آرد ماش ملاکے شراب مین سان کر بقدر آنولہ کے گولی بناوین اور ہر روز
ایک گولی کھلایا کرین۔

فصل ۳۔ ادویہ حصول فربہی اور توانائی اور دفع لاغری مین دھارن موسومہ
بلبیناص باوکھمبا مین پھل بھلانوان بریان سہاگہ بریان اجوائن خراسانی اجوائن دیسی
اجمود گل دھاوا باوبرنگ پاؤ پاؤ بھر گیہون دو سیر سبکو ہاتھی کے پیشاب مین سات
روز تک تر رکھین پھر خشک کرکے سفوف کرین تین پیسہ بھر ہر روز بعد راتب کے
کھلایا کرین رر ہرتال طبقی شنگرف دو دو تولہ مرچ سیاہ تین تولہ چانول دھان کے
آدھ پاؤ سبکو سفوف کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیان بنا رکھین ہر روز بعد راتب کے
ایک گولی کھلایا کرین دھارن ہرتال طبقی گندھک آنولہ سار ایک ایک
چھٹانک انیس ہینگ اسبند پاؤ پاؤ بھر کوٹ کر تین پاؤ سونٹھ کا آٹا ملاکر شراب مین
سان کر بوزن ایک ایک تولہ گولیان بنا رکھین اور ایک گولی ہر روز کھلایا کرین
دھارن موسومہ بھوبلیناص برگ تازہ ارنڈ برگ تازہ مدار پانچ پانچ سیر کتر کے
پانی مین جوش کرین جب گل جاوے ہینگ بریان سہاگہ بریان تین تین پاؤ آرد ماش
سوا سیر ملاکر کوٹ کرکے سفوف کرین اور شراب مین سان کر چار چار پیسہ بھر کی پنڈی
بنا رکھین ہر روز بعد راتب کے ایک پنڈی کھلایا کرین دھارن برگ توھر اڑھائی سیر
زیرہ سیاہ اجوائن باوبرنگ لہسن اندرجو آدھ آدھ سیر آدمی کے پیشاب مین پکا کے
خشک کرکے سفوف کرین آدھ پاؤ ہر روز بعد پانی پلانے کے کھلایا کرین دھارن
مغز کرنج کچلا سمندر پھل صدف سوختہ سہاگہ بریان سونٹھ لہسن مین پھل

پاؤ پاؤ بھر کوٹ چھان کے سیر بھر گھی مین بریان کر کے تین سیر قند سیاہ مین مخلوط کر کے شراب ملا کے برابر آنولہ کے گولیان بنا رکھین ہر روز ایک گولی شام کو کھلایا کرین -
دھارن موسومہ رکت ادھکار کہ فیل لاغر کو فربہ کرتا ہے **ص** ہرتال طبقی شنگرف مردار سنگ مین پھل دو دو تولہ مرچ سیاہ آدھ پاؤ سفوف پارچہ بیز کر کے پاؤ سیر آرد ماش مین ملا کر شراب مین سان کر بوزن تین ماشہ گولیان بنا دین اور ہر روز ایک گولی راتب کے ساتھ کھلایا کرین -

فصل ۴ - ذکر ایسی ادویہ مین جنکے استعمال سے طاقت دوڑنے کی اور تیز رفتاری کی حاصل ہوتی ہے اور سُست اور اٹھا جانور تیز رو ہو جاتا ہے پوشیدہ نرہے کہ یہہ جانور فربہی اور توانائی سے قوت رفتار کی نہین پاتا بلکہ استعمال دھارن مین مشقت رفتار کی بھی لینا ضرور ہے **دھارن** موسومہ بوکھا چرن **ص** کپاس کی جڑ بیس روز تک شراب مین تر کر رکھین اوسکے بعد تین جڑ سے پانچ جڑ تک اکیس روز تک کھلایا کرین // چھہ ماشہ گوگل آرد گندم مین غلولہ بنا کے آگ کی بھوبھل مین مدفون کر رکھین پہر رات گذرے ہاتھی کو کھلا دیا کرین چندروز تک // ایک عدد کچلا پانی مین تر کر کے خوب باریک تراش کے اوسکو معہ ماشہ بھر پارہ کے آٹے کی گولی مین رکھکر بعد راتب کے کھلایا کرین **دھارن** موسومہ بوکھا ہارن **ص** ہرتال طبقی شنگرف گندھک آنولہ سار سہاگہ بریان عقر قرحا اجوائن خراسانی چیتا ور گل دھاوا پوست بیخ کنیر سفید بوزن مساوی سفوف کر کے شراب دوآتشہ مین ادھیلہ ادھیلہ بھر کی گولی بنا رکھین ہر روز ایک گولی کھلا دین **دھارن** موسومہ چرنا بون **ص** کچلا بریان سہاگہ بریان مین پھل گوگل ہینگ ایک ایک چھٹانک پوست بیخ مدار پاؤ بھر سفوف کر کے شراب مین سان کر آنولہ کے برابر گولیان بنا رکھین ایک گولی کھلایا کرین // مال کنگنی تخم نبوار مرچ سیاہ کچلا کتہا سبکو بوزن مساوی شراب مین تر کر کے سفوف بنا رکھین ایک پیسہ بھر کھلایا کرین // شنگرف دو پیسہ بھر عرق سفید پیاز مین کھرل کر کے بوزن چار چار رتی کے گولیان بنا کے خشک کر ڈالین اور روغن کنجد سیاہ مین گولیون کو بریان کر رکھین ایک ایک گولی ہر روز کھلایا کرین مقالہ دوسر امعالجہ

اون امراض مین جو نر اور مادہ کو ہوتے ہین

فصل ا۔ امراض آنکھ مین ڈھلکا آنکھ سے پانی جاری رہتا ہے ع افیون لونگ پھٹکری رسوت سب ہموزن آب زلال تمر ہندی مین رگڑ کر آنکھون مین لگایا کرین ؎ تج اور بلبنی کی مٹی اور افیون مساوی مرغ کے انڈے کی سفیدی مین گھول کر لگانا۔

پھولی اور مانڈا پھولی جسم سفید سیاہی پر پیدا ہوتی ہے اور مانڈا اوس سے پتلا اور سفیدی پر پیدا ہوتا ہے سیاہی تک پہونچ جاتا ہے ع نوشادر روغن کنجد سفید مین گھس کر لگانا ؎ گھونگچی سفید تخم سرس مازو نرملی رتن جوت آنبہ ہلدی ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ جائفل گوگل افیون پھٹکری بریان ناخن فیل جملہ ہموزن سرمہ کرکے شہد خالص مین ملاکے لگایا کرنا

جالا اور سفیدی جالا سفید رنگ کا مانڈے سے پتلا ہوتا ہے اور سفیدی کا جسم نہین ہوتا صرف آنکھ سفید ہوجاتی ہے ع پوست خشخاس اور چونہ ایک ایک چھٹانک نمک لاہوری آدھی چھٹانک نوسادر پاؤ چھٹانک علیحدہ علیحدہ کوٹ کر ایک جا تر کر رکھین اوسکے زلال سے آنکھ دھویا کرین اور پوچارا دیا کرین شبانہ روز مین چند بار ؎ برگ مغیل برگ سرس پوست درخت نیب گل دیگدان اجوائن سیندھا نمک پھٹکری بریان جملہ بوزن مساوی پانی مین پیسکر لگانا اور ہلیلہ زرد پانی مین جوش کرکے بوقت ضرورت اوس پانی سے آنکھ دھونا

ناخنہ آنکھ مین سرخ رنگ کے ریشے پیدا ہوتے ہین ع لونگ نربسی افیون آنبہ ہلدی ادرک بوزن مساوی کاغذی لیموں کے عرق مین رگڑ کر آنکھ مین لگایا کرین ؎ نیلا تھوتھہ برادہ آہن ہلیلہ سیاہ مائین خرد و کلان مازو جملہ بوزن مساوی سرمہ بناکر آنکھ کے اندر ڈالا کرین **چھینٹا** کہ جملہ امراض آنکھ کو مفید ہے ص آنبہ ہلدی ہلیلہ زرد آملہ بلیلہ ایک ایک چھٹانک لونگ جائفل جاوتری زنجبیل میدہ اجوائن خراسانی پھٹکری آدھی آدھی چھٹانک افیون شورہ قلمی نوسادر ادھیلہ ادھیلہ بھر سبکو کوٹ کر ایک برتن مین رکھکر اڑھائی سیر آدمی کا پیشاب ڈال کر گھورے مین گاڑ دیوین تیسرے روز نکال رکھین اور اوسکے زلال سے چھینٹا دیا کرین ؎ پوست اندرونی درخت ببول سیر بھر تین سیر پانی مین پکاوین جب سوم حصہ باقی رہے پانی چھان لیوین اور اوسمین دو رتی ہیرا کسیس گھولکر چھینٹا دیوین

فصل ۲ - امراض پیٹ مین کوٹھا کو چال یعنی فساد معدہ جس سے خورش غذا کی
اور اخراج فضلہ کا بحالت طبعی نہوتا ہووے ع کھونہی کے پھول جو بایام برسات زمین سے
بطور پھول کے بدن برگ و شاخ کے اوگتے ہین اور سمندر پھل اور مغز تخم کرنج اور سہاگہ بریان
ہینگ سب ہموزن علیحدہ علیحدہ گھی مین بریان کرکے یکجا سفوف بنا رکھین بعد ہ راتب
کھلانے اور پانی پلانے کے ادھیلہ بھر کھلایا کرین وھارن کوٹھا سادھن کہ مصلح
معدہ اور جگر و امعا ہے ص گل دھاوا ہینگ اسبند گوگل بھلانوان سوختہ پاو پاو بھر ہالم
میتھی تین تین پاو سفوف کرکے دو سیر قند سیاہ اور پانچ سیر شراب مین ملاکر ایک برتن مین
رکھہ کر سات روز تک ہاتھی کی لید مین دفن کر رکھین اوسکے بعد دو پیسہ بھر کھلایا کرین
ڈوکی قے کرنے کو کہتے ہین ع چھا چھیا گندھک روغن کنجد مین سان کر چھہ چھہ ماشہ
شبانہ روز مین پانچ چار بار کھلادین رر تین پاو نمک سانبھر چار سیر پانی مین پکاوین جب پانچ
چار بار جوش آجاوے تب اوتار کے ٹھنڈا کرکے کچھ پانی سادہ اور ملاکے ہاتھی کے سامنے
رکھہ دیوین کہ وہ اپنی مرضی سے بدفعات پیا کرے مروڑ یعنی پیچش شکم علامت اسکی یہ ہے
ہاتھی اوٹھتا بیٹھتا اور کراہتا ہے اور لید غیر معمولی کانکھہ کر کرتا ہے ع سونف اور سونٹھ مساوی
سفوف کرکے گھی مین بریان کرکے شہد مین سانکر ایک ایک چھٹانک پہر پہر بھر کے فاصلہ سے
کھلایا کرین اور گرم پانی پلادین رر قند سیاہ اور نمک سونچر اور بھابون مساوی کوٹکر بقدر
دو دو پیسہ بھر کے صبح اور شام کھلایا کرین رر سونف سونٹھ ہلیلہ زرد پاو پاو بھر کچل کر سرکہ
مین سان کر دو دو پیسہ بھر کی گولیان بناوین ایک ایک پہر کے بعد کھلایا کرین وھارن
ہوسومہ پیراہرن ص مصبر سہاگہ بریان جواکھار صدف سوختہ گوگل گھوڑبچ ہینگ پیسہ پیسہ بھر
نمک سونچر نمک سیندھا سجی آدھ آدھ پاو باروت اور کلی چونہ کی ڈیڑھ ڈیڑھ پیسہ بھر سبکو کوٹ
چھان کر سیر بھر قند سیاہ مین ملاکر برابر آنولہ کے گولیان بناوین ایک صبح کو ایک دوپہر کو
بعد پانی پلانے کے ایک شام کے وقت کھلایا کرین وھارن ہوسومہ سوگناسا ص
ہینگ سہاگہ بریان اندرجو گوگل صدف سوختہ باروت دو دو پیسہ بھر قند سیاہ آدھ سیر
شراب مین سان کر آنولہ کے برابر گولیان بناکے بطور مذکور کھلادین رر ایک مرغ

آلائش سے صاف کر کے پکاوین اور سونف اور ادرک اور قند سیاہ آدہ آدہ سیر سب کو یکجا کر کے
خوب کوٹین کہ یکذات ہو جاوئے پھر آدہ سیر گھی مین بطور حلوا کے بھونین اور تین حصہ کر کے
ایک شام کو ایک نصف شب اور ایک صبح کو کھلاوین ؎ کچلا سوختہ کا پھل چھ چھ پیسہ بھر
سُہاگہ بریان تین پیسہ بھر سفوف کر کے پاو بھر قند سیاہ کہنہ اور ایک چھٹانک گھی مین سانکر تین گولہ
بناوین اور بطور مذکور کھلاوین ؎ ہینگ بریان سہاگہ بریان بارود دو دو پیسہ بھر صدف سوختہ
آدہ پاو کوٹ کر آدہ سیر قند سیاہ ملا کے پوست درخت سہجن کے پانی مین سان کر تین لگدی بنا کے
بطور مذکور کھلاوین ؎ کنگھی نرکنڈی آدہ آدہ پاو ہلیلہ زردچی کلتھی دو دو پیسہ بھر سبکو کوٹ کر پانی مین
سانکر گولہ بنا کر صبح اور دوپہر اور شام کو کھلاوین ؎ لال مرچ خشک ایک چھٹانک پاو بھر قند سیاہ
مین ملا کے کھلاوین ؎ اندرجو تخم ڈھاکہ ٹیکامالی رائی مرچ سیاہ ایک ایک چھٹانک سفوف کر کے
سیر بھر قند سیاہ مین ملا رکھین اور ہر روز پاو پاو بھر کھلاوین **اسہال** کا علاج ہر روز سیر بھر بھنگرہ
سیاہ ڈنڈی کا خواہ سبز ڈنڈی کا کھلایا کرین ؎ سیر بھر درخت تازہ گوکھرو کلان یا خرد کو کھلانا **کیڑے**
جب پیٹ مین ہوتے ہین تو باوجود خورش بسیار کے ہاتھی لاغر ہوتا جاتا ہے اور لید مین بھی کیڑے
نکلتے ہین **ع** مصبر ملیم صدف سوختہ مہری ایک ایک تولہ کمیلہ دو تولہ سفوف کر کے ایک چھٹانک
یعنی تخم ریحان ۱۲
آرد ماش مین ملا کر کھلاوین اور ایسا ہی دو تین روز تک کرین ؎ پوست درخت انار ترش
تین پیسہ بھر پانی مین پکاوین جب تھوڑا پانی باقی رہے چھان کر اوس مین صدف سوختہ اور قلمی
شورہ دو دو پیسہ بھر سفوف کر کے ملاوین اور قدرے آرد ماش مین سان کر گولی بنا کے
کھلاوین دو تین روز تک ؎ رائی نمک قند سیاہ پاو پاو بھر باہم کوٹ کر صبحدم کھلاوین اور گرم
پانی پلا کر گشت کراوین اسی طرح تین چار روز تک کرین ؎ اسبند سیر بھر سفوف کر کے سیر بھر
قند سیاہ کہنہ مین ملاوین اور آدھی چھٹانک ہر صباح کھلایا کرین ؎ برگ آگ برگ روسہ
برگ ارنڈ برگ دھتورہ اڑھائی اڑھائی سیر اجواین سیر بھر ہینگ سُہاگہ تلیہ آدہ آدہ پاو کچل کر
ایک مٹکی مین بھر کر ہاتھی کا پیشاب ڈال کر اکیس روز رکھ کر دو پیسہ بھر ہر صباح کھلایا کرین ؎
پوست بیخ مدار بیخ نمک سونچر استخوان کہنہ حیوان دو دو پیسہ بھر سفوف کر کے چھٹانک بھر
آرد ماش ملا کر گولہ بنا کے کھلایا کرین **جلاب** جب واسطے گرانے آنو اور گوٹا کے دینا

مقصود ہو ص پوست بیخ درخت مدار پاؤ سیر کونپل مدار کونپل ارنڈ اکیس اکیس عدد نمک سانبھر
آدھ سیر سبکو سفوف کرکے ڈیڑھ پاؤ روغن سرشف مین سانکر بقدر نصف کے کھلاوین اگر اسہال
نہو تو دوسرا نصف بھی کھلاوین اور نصف ثانی دوسرے روز کھلاوین ۔ مرچ سیاہ نمک سانبھر
لہسن پاؤ پاؤ بھر رائی سیر بھر کوٹ کر آدھ سیر عرق تھوہر ملا کے پانی مین سان کر سوم سوم حصہ
تین روز تک کھلایا کرین ۔ رائی اور نمک پاؤ پاؤ بھر قند سیاہ آدھ سیر کوٹکر کھلاوین اوسکے بعد
برگ مدار برگ ارنڈ برگ کٹائی ڈیڑھ ڈیڑھ پاؤ کترکے نمک آدھ پاؤ ڈالکر پکاوین اور اوسکے لگدے
بناکر کھلا کر گشت کراوین ۔ پوست درخت انجیر سیر بھر نمک سونچر پاؤ بھر کوچی بناکے نیمگرم کھلاوین
۔ چونہ قند سیاہ گھی دو پیسہ بھر لگدے بنا کر کھلاوین چٹنی کہ فاقہ کرانے کے دن چٹاتے ہین
اور بعد فاقہ کے اول غذا مونگ کی کھچڑی کھلانا چاہیئے بقدر نصف راتب کے ص سہاگہ
بریان الائچی سرخ مازو سمندر پھل لونگ جواکھار پیسہ پیسہ مرچ سیاہ کشنیز خشک سونف ادرک لہسن
پیاز ایک ایک چھٹانک دال نخود بریان پاؤ سیر سبکو کوٹکر پچیس عدد کاغذی لیمو کا عرق ملاکر ۔
جاپھل لونگ پیسہ پیسہ بھر مرچ سیاہ دو پیسہ بھر بیر بہوٹی ادھیلہ بھر مغز تخم کرنج اور ادرک آدھ آدھ پاؤ
دال نخود بریان پاؤ بھر سبکو پچل کر عرق لیمو کاغذی مین سان کر چٹاوین ۔

فصل ۳۳۔ امراض پاؤن مین ٹھن رس یہہ مرض ایسا ہے کہ چلنے کیوقت ہاتھی کا
پچھلا انگ یعنی جسم داہنے بائین کھنچتا ہے ع کچلا اور بھلانوان سوا سوا پاؤ علیحدہ علیحدہ
گھی مین بھونکر کویلہ کرین اور آنبہ ہلدی اور صدف سوختہ ایک ایک چھٹانک باروت پاؤ بھر سبکو
سفوف کرکے نو عدد گولہ بناوین ہر روز بعد راتب کے ایک گولہ کھلایا کرین دھارن
موسومہ بات بھی ع اجوائن دیسی اجوائن خراسانی اجمودہ گیرو ہلدی خوردنی آنبہ ہلدی ارہلد نمک
سیندھا نمک سونچر جواکھار سجی پاؤ پاؤ بھر سمندر پھل پوست بیخ انگور پوست بیخ ہتیس پوست
بیخ دھتورہ پوست بیخ روسہ آدھ آدھ پاؤ گندم بریان دو سیر سبکو سفوف کرین دو پیسہ بھر سفوف
دو پیسہ بھر آرد باجرا ہر روز آدمی کے پیشاب مین سانکر گولہ بناکے آگ مین پکاکے کھلایا کرین
زانوان پاؤن کی گانٹھون مین ورم یا پھوڑا ہوتا ہے ع برگ روسہ پانچ سیر کچل کر
نمک سجی سوا سیر دونون ملاکے ہاتھی کے پیشاب مین پکاکر بھپارہ دیوین اور بقدر کفایت نکالکر

لیپ کیا کرین اور برگ مدار رکھ کر باندھا کرین **نس پھاڑ** ورم سخت پیر مین ہوتا ہے جیسا
اور جانورون کے فیل پاؤن ہوتا ہے **ع** دل مرغ اور رائی ہموزن شراب مین پیسکر مالش
کرین ؎ نیلہ تھوتھہ چھٹانک بھر باروت سوا پاؤ سفوف کرکے آدمی کے پیشاب مین ملا کر نیمگرم
لگاوین اوراوپر سے سینکین ؎ سوا سیر بھلانوان سیر بھر روغن سرشف مین بریان کرکے نکال لیوین
اوسکو اور ہرتال اور سہاگہ اور گندھک سوا سوا پاؤ سفوف کرین اور سوا سیر دود گلخن آمیز کرکے
اوسی روغن بقیہ مین پانی ملا کر پکاوین نیم گرم پکا کے مدار کے پتے رکھ کر کپڑے سے باندھین
تین روز کے بعد برگد اور پیپل کے پتے ہموزن پیسکر نیمگرم پکا کر اوسی طرح باندھین زان بعد
بیگن پانی مین پکا کر تین روز تک لیپ کرکے باندھا کرین زان بعد سجی گیرو صابون روغن کنجد
سیاہ ہموزن پکا کر ضماد کیا کرین اور پٹی باندھا کرین ؎ کنجد سفید کوفتہ اور آرد جوار مساوی اور
چند عدد بیضہ مرغ ملا کر ہاتھی کے پیشاب مین پکا کر لیپ کرین اور ڈھانک کے پتے رکھ کر باندھا کرین
کانڈی کف پا کے قرحہ کو کہتے ہین **ع** توتیا صابون ایک ایک چھٹانک افیون آدھی چھٹانک
سبکو پیسکر پاؤ بھر روغن کنجد سفید مین پکا رکھین اور لگایا کرین ؎ نمک لاہوری روغن کنجد سفید
مین گھوٹ کر لگاوین اور کنڈے کی آنچ سے سینکین ؎ افیون ہلدی اور صابون ہموزن ہی
مین پکا کر لگایا کرین ؎ دوا موسومہ **گھاو پورن ص** بھلانوان سوختہ کتھہ پپڑیا پاپڑیا چھوٹی
بڑی پوست ہلیلہ آدھ آدھ پاؤ سپاری سنگ جراحت سنگریزہ راہ ہلیلہ سیاہ مازو مجیٹھ کمیلا ایک ایک
چھٹانک شنگرف آدھی چھٹانک سبکو سفوف کر رکھین اول روغن کنجد سفید لگا کے بیر کی لکڑی
کی آنچ سے سینکین اوسپر سفوف مذکور بھرا کرین ؎ دوا موسومہ **مانس بھرن ص** کتھہ پپڑیا
نیلہ تھوتھہ ہموزن سفوف کرکے کپڑا روغن کنجد سیاہ مین ڈبو کر آدھا سفوف اوسمین لپیٹ کر
آگ مین جلا دین بقیہ آدھا اوسی کوئلہ کے ساتھ پیس کر کانڈی کو آب جوشاندہ برگ نیب سے
دھو کر لگایا کرین دوا موسومہ **چرن سکھا ص** صدف سوختہ ریوند چینی ہموزن پیس کر
روغن کنجد سیاہ مین سان کر بھرا کرین ؎ سنگجراحت سنگریزہ راہ مردار سنگ شنگرف سجی
نیلہ تھوتھہ زنگار سیندور نوشادر چھ چھ ماشہ سفوف کرین اور تین پاؤ پھٹکری سفوف
کرکے ایک ہانڈی مین پہلے آدھا سفوف پھٹکری کا رکھ کر سفوف ادویہ رکھدیوین اوپر سے

بقیہ سفوف رکھہ دیوین اور ہانڈی گل حکمت کرکے ایک گڑھے مین ہوا کنڈے کے درمیان رکھکر جلا دیوین جب آگ سرد ہوجاوے دوا نکال رکھین تھوڑی دوا عرق لیمو مین ملاکر لگا دین اور چوب ببول خواہ بیر کی آگ سے سینکین ؍؍ برگ درخت ساگون پیسکر لگا دین اور چوب ببول کی آگ سے سینکین ؍؍ پوست درخت املی پوست درخت پیپل صدف سیاہ علیحدہ علیحدہ جلاکر تینون کا کوئلہ ہموزن سفوف کرکے کانڈی مین بھرکر ٹاٹ سے باندھین ؍؍ روغن ارنڈ مین چہارم حصہ اوسکا موم خام ڈالکر آگ پر پگھلا دین اور اوسمین سیپ کا چونہ اور چوب بھوڑ کی خاک اور پتھر کا چونہ تینون ہموزن جو سب ملکر برابر موم کے ہوجاوین ملاکے مرہم بنا دین اور کانڈی مین بھرکے ٹاٹ سے باندھ دیا کرین چھاجن ایڑی پھٹنے کو کہتے ہین ع استخوان کہنہ سر آدمی اور بیخ آگ سوختہ دونون ہموزن سفوف کرکے روغن کنجد سفید مین ملاکر لگایا کرین ؍؍ کانڈی کی دوائین لگانا ؍؍ سونف اجوائن میدہ لکڑی سونٹھہ مرچ سیاہ پیپل پیپلا مور نمک سونچر سب ہموزن سفوف کرکے شہد مین سان کرتین پاؤ آرد گیہون ملاکر عرق سینہڈ خاردار مین چھٹانک بھر کی گولی بناکر کھلایا کرین ناخن پھٹنے کا علاج نیلا تھوتھہ پیسہ بھر سیندور تین رتی قند سیاہ ادھیلہ بھر یکجا کرکے لگا دین اور سینہڈ کی لکڑی کی آگ سے سینکین پا پر بھاو یعنے ناخن گرنے کا علاج ایک بچہ مرغ کا ذبح کرکے آلایش سے صاف کرکے پکا دین اور استخوان دور کرکے لونگ اور عقرقرحا آدھی آدھی چھٹانک سفوف کرکے ملا دین اور سب کے لگدے بناکے کھلا دین اور ہر روز ایساہی کھلانے سے چند روز مین ناخن جم آتے ہین رس اوترنا کف پا سے رطوبت بدبو نکلا کرتی ہے اور ہاتھی لنگ کرتا ہے ع ڈوکی چڑیا جسکو ہوک بھی کہتے ہین ذبح کرکے بال اور پر آلایش سے صاف کرکے ہرتال شنگرف بیشل مردار سنگ سیندور ایک ایک تولہ سفوف کرکے اوسکے پیٹ مین بھرکر دھاگہ سے درخت کرکے پانی ڈالکر نرم آنچ مین پکا دین جب پانی جل جاوے نکال کر تھوڑی شراب ملاکے کھرل کرکے بوزن ایک ایک ماشہ کے گولیان بنا رکھین ہر روز ایک گولی کھلایا کرین —

فصل

فصل ۴۴ - امراض عامہ مین مٹی کھانے والے ہاتھی کا علاج رائی اور ملیم اور
اجوائن دیسی سیر سیر بھر کوٹ کر پانچ سیر قند سیاہ مین ملا کر بیر کی برابر گولیان بنا رکھین ایک
صبح ایک شام کھلایا کرین ۔ جنگلی کتے کی بیٹ چوک ہینگ ہموزن خشک کر کے سفوف
بنا دین اور ہر روز دو پیسہ بھر کھلایا کرین ۔ درخت انجیر کی چھال پاؤ سیر نمک سونچر آدھ پاؤ
لگدے بنا کے نیم گرم کھلایا کرین ۔ نمک سونچر سہاگہ بریان ہموزن سفوف کر کے بقدر مناسب
گولی بنا کر کھلایا کرین ۔ چونہ اور قند سیاہ اور گھی دو دو پیسہ بھر باہم ملا کر کھلایا کرین ۔ صبر
کالی سیپ مال کنگنی ہیرا ہینگ کپور کچری ہموزن کوٹ کر روغن سرشف مین ایسا بریان
کرین کہ جل جاوے ہر روز پیسہ بھر کھلایا کرین ۔ دوای موسومہ ماٹی تیاگ جس
اجوائن دیسی دو سیر بھلانوان سوختہ کچلا سوختہ اجوائن خراسانی پاؤ پاؤ بھر سبکو گمرہاتھی کے
پیشاب مین بگار رکھین تین روز کے بعد ڈیڑھ ڈیڑھ پیسہ بھر کھلایا کرین ۔ کچلا سوختہ دو سیر
ہرتال طبقی ایک چھٹانک باروت پاؤ بھر سہاگہ بریان چونہ سیپ کا آدھ آدھ سیر سبکو سفوف
کر کے سوا سیر قند سیاہ ملا کر دو دو پیسہ بھر کی گولی بنا رکھین ہر روز ایک ایک گولی کھلایا کرین
زہرباد و ورم نرم ہوتا ہے بہت جلد بڑھتا ہے ع لال مرچ باروت استخوان کہنہ آدمی ہموزن
پانی مین پیسکر نیم گرم لگایا کرین ۔ میدا لکڑی کو تھوہڑ کے عرق مین پیسکر پالش کرین اوسپر لال
کنگنی اور بندال ہموزن سفوف کر کے پوٹلی بنا کے سینکین ۔ باروت نمک لاہوری ہموزن
آدمی کے پیشاب مین نسان کر لیپ کرین اور پھٹکری گرم کر کے سینکین ۔ ہلدیہ زہر
نربسی نرکچور ہموزن کوٹ کر سرسون کے تیل مین ملا کر لیپ کرین اور کنڈے کی آنچ سے
سینکین ۔ دودگلخن باروت پانچ پانچ تولہ توتیا ایک تولہ زہر تیلیا چھ ماشہ سب کو سفوف
کر کے آدمی کے پیشاب مین پکا کر لیپ کرین ۔ برگ نیب مکوی کالی زیری اجوائن دیسی
گیرو بوزن مساوی آدمی کے پیشاب مین پیسکر نیم گرم لگایا کرین ۔ برگ کرنج برگ کنیر سفید
پوست درخت نیب ہموزن گاے نازاد کے پیشاب مین پیسکر لگانا ۔ پیپل پیپلا مور مرچ
سیاہ ادرک سونٹھ عقرقرحا ہموزن کوٹ پیسکر شہد بقدر مناسب ملا کر برابر بڑے بیر کے
گولیان بنا کر ایک ایک گولی ہر روز کھلایا کرین ۔ کچلا پانی مین تر کر کے پوست اوسکا دور کر کے

باریک کترین اور اوسی کے ہموزن اجوائن دیسی زیرہ سیاہ ملاکر کوٹین اور نازاد گاے کے
پیشاب مین سانکر بوزن ایک ایک تولہ گولیان بنا رکھین ہر روز ایک گولی کھلایا کرین ۔۔
ہلدی خوردنی بسکھپری ہموزن سفوف کرکے دو دو پیسہ بھر کی گولیان بنا رکھین ہر روز
ایک ایک کھلایا کرین ۔۔ مرچ سرخ مرچ سیاہ سیہنڈ باروت سور کی بیٹ پیسہ پیسہ بھر کو گکر
لگدے بناکر کھلایا کرین ۔۔ دوا ہوسومہ **بس ناسک ص** سمندر پھل بریان بھلانوان
سوختہ مین پھل نیم بریان کنجد سیاہ نیم بریان لہسن مقشر سب آدہ آدہ سیر قند سیاہ سیر بھر
سبکو یکجا کوٹ کر چھٹانک چھٹانک بھر ہر روز لگدے بناکر کھلادین ۔۔ دوا ہوسومہ **بس
بارگ ص** اندر جو تلخ بیخ حنظل ہلدی خوردنی آدہ سیر برگ نیم برگ بکاین بھنگرا برگ
سنبھالو سیر سیر بھر زنجبیل مرچ سیاہ تین تین چھٹانک سبکو سفوف کر رکھین آدہ آدہ پاو ہر روز
کھلایا کرین ۔۔ دوا ہوسومہ **بس مارن ص** زیرہ سفید زیرہ سیاہ آدہ آدہ سیر ادرک
اور اجوائن دیسی اجموہ گل معصفر یعنی کسم تین تین پاو اترچھال درخت کچنار اترچھال درخت
گولر اترچھال درخت نیب سیر سیر بھر سفوف کر رکھین ہر روز آدہ پاو سفوف پاو بھر قند سیاہ
مین ملاکر کھلایا کرین **اگن باو** جسم پر آبلے خواہ دوڑے پڑتے ہین اور وقتاً فوقتاً
زیادہ ہوتے جاتے ہین اور چھونے مین گرمی محسوس ہوتی ہے اور رطوبت بھی اکثر نکلا
کرتی ہے ع توا کھیر بیخ بکائن آدہ آدہ پاو برگ نیب درخت کہنہ آڈھائی سیر پانی مین
پیسکر بکری کا خون تازہ ملاکر لیپ کرین ۔۔ برگ ببول برگ کنار ہموزن پانی مین پیسکر لگادین
۔۔ پاو بھر گیہون ہر روز کھلایا کرین ۔۔ کشنیز خشک بادیان تخم کاسنی کباب چینی چھٹانک
چھٹانک بھر لگدے بناکے کھلادین دوا ہوسومہ **رکت ساودھکا ص** گھوڑ بچ
اجوائن دیسی رائی بریان اجوائن خراسانی نمک سونچر پاو پاو بھر سہاگہ بریان آدہ پاو
کلی چونہ کی باروت گوگل بریان چھٹانک بھر سبکو سفوف کرین اور ڈیڑھ سیر پھول
مدار کے کچل کر ملادین اور ارنڈ کے پتون پر تہہ رکھکر گولہ بنادین اور مٹی لگاکر آگ مین
پکادین پھر مٹی دفع کرکے سب گولہ لیکر ڈیڑھ پاو آرد ماش ملاکر دو دو پیسہ بھر کی
گولیان بنادین ہر روز ایک گولی کھلایا کرین **بائی کے علاج**

اجوائن دیسی اجوائن خراسانی اجمودھ مال کنگنی سیر سیر بھر سونٹھ پیپلامول کٹکی پیپل سہاگہ بریان آدھ آدھ پاؤ صابون پاؤ بھر برگ کنیر سفید ڈیڑھ سیر سبکو کوٹ پیسکر مغز گھیکوار تین پاؤ ملا کر پیسہ پیسیہ بھر کی گولی بناوین ایک ایک صبح اور شام کھلاوین **جگر جانے کا علاج** موسومہ سیت بھسم ص بھلانوان بریان سمندر پھل کٹکی نمک سانبھر لہسن مقشر اڑھائی اڑھائی پاؤ آرد گندم تین پاؤ قند سیاہ کہنہ ڈیڑھ سیر سبکو کوٹ پیسکر نو حصہ کرکے ایک صبح ایک شام کھلا کر گشت کراوین ؍؍ اونٹ کی پسلی سوختہ اور باروت دو دو پیسیہ بھر قند سیاہ کہنہ پاؤ بھر سبکو کوٹ کر ایک شبانہ روز مین بدفعات کھلاوین ؍؍ کٹکی کالی زیری ہلدی خوردنی زیرہ سیاہ نرکچور اسگند گوگل عقرقرحا پاؤ پاؤ بھر کنول گٹہ آدھ سیر سیندور چھٹانک بھر قند سیاہ کہنہ ڈیڑھ سیر سبکو کوٹ کر آدھ سیر گرتھی کے پانی مین سان کر دو دو پیسیہ بھر کی گولیان بناوین ہر روز ایک گولی کھلایا کرین ؍؍ کوٹ شیرین نمک سونچر نمک سبھی صابون آدھ آدھ سیر عرق لیمو کاغذی پچیس عدد آدمی کے پیشاب مین لیپ کرین **تاؤ لگنے کا علاج** اگر بجلی یعنے برق سے تاؤ کھایا ہووے چانول دھان کے پکا کر دہی اور شکر سفید ملاسکے بقدر مناسب کھلایا کرین ؍؍ تخم کاسنی کشنیز خشک کتیر اکتھہ سفید زیرہ سفید آدھ آدھ پاؤ سفوف کرکے ڈیڑھ پاؤ آرد گندم مین سان کر کھلاوین اگر دھوپ سے تاؤ کھایا ہووے سرد پانی مین تھوڑا نمک سانبھر گھول کر تھوڑا اگاے کا گھی ملا کر کپڑا اتر کرکے آنکھہ پر ہر روز بدفعات پھیرا کرین اگر صعوبت سفر سے تاؤ کھایا ہو اجوائن دیسی اجمودھ اجوائن خراسانی گل دھوی کچلا سوختہ پاؤ پاؤ بھر زہر ہلدیا ایک چھٹانک سبکو سفوف کرکے پانچ سیر شیر گاؤ مین پکا دین جب دودھ جذب ہوجاے اوتار رکھین ہر روز پیسہ بھر دوا چھٹانک بھر آرد گندم مین ملا کر کھلایا کرین **گج چام** چمڑا سخت ہوجاتا ہے اور کبھی اوسمین جابجا سوراخ ہوکی رطوبت نکلتی ہے ع بھلانوان اڑھائی سیر تخم بکچی دھنی ڈیڑھ سیر کونکر پانچ سیر کانجی مین ملا کر بطور رنپتال جنتر کے عرق نکال کر لگایا و ٹپکایا کرین **زخم کا علاج** آدھ سیر گھی کو ایکسو ایک بار دھو کر آدھ پاؤ رال سفید سفوف کرکے خوب ملاوین اور زخم پر لگا کر یہ دوا چھڑکین ص ببول اور کنار یعنی بیر اور جامن اور انبہ اور مولسری اور نیب کی درختون کے اندر کی چھال خشک کرکے

بوزن مساوی سفوف باریک مثل سرمہ کے کرین **ناسور کی علاج** گنگی کو روغن کنجد سفید
مین ڈالکر کڑھائی مین بریان کرین اور اوسی مین خوب گھوٹین کہ مثل مرہم کے ہوجاوے
تب ناسور مین بھرا کرین ؍؍ سپاری پیسہ بھر کوڑی زرد پانچ عدد نیل بری استخوان کہنہ آدمی
چار چار ماشہ ناخن بریان آدمی کا ایک ماشہ سبکو پانی مین کھرل کر رکھین ۔

فصل ۵ ۔ امراض متفرقہ مین تالو پھوٹنی کا علاج مکھن پاو بھر دس بار پانی مین دھوکر
گجراتی الائچی تواکھیر دو دو پیسہ بھر کباب چینی پیسہ بھر سفوف کرکے اوسمین ملاوین اور
تالو پر لگایا کرین **ورم پشت کا علاج** آدہ پاو گھی مین پیسہ بھر موم ملاکے آگ پر رکھین
پھر گندھک آنولہ سار مردار سنگ رال سفید نیلہ تھوتھہ پیسہ پیسہ بھر سفوف کرکے ملاوین پھر
سرد کرکے پیسہ بھر پارہ ڈالکر کھرل کر رکھین اور لگایا کرین **بھنبنی** یعنی دُم کے بال جھڑ جانیکا
علاج ایک گرگٹ مارکے پنجہ اور آلائش دفع کرکے ڈیڑہ پاو روغن تلخ مین پکاکر نیلہ تھوتھہ
نیلبری پیسہ پیسہ بھر سیندور ادھیلہ بھر ڈالکے معہ گرگٹ گھوٹ کر رکھین اور لگایا کرین ؍؍
مدار کی جڑ سفوف کرکے آدمی کے پیشاب مین پکاکر لگانا ؍؍ صرف گرگٹ روغن شفت
مین پکاکر نیل لگانا ؍؍ مدار کے دودھ مین کپڑا ترکرکے باندھنا ؍؍ ہینگ پانی مین گھولکر
کپڑا ترکرکے باندھنا ؍؍ پانچ عدد گرگٹ آلائش سے صاف کرکے ڈیڑہ پاو روغن کنجد سیاہ
مین جلاکر چوب نیب کے دستہ مین فلوس مسی چسپان کرکے اوس سے چار پہر گھونٹ کر کپڑی پر
لگاکر پٹی باندھا کرین ؍؍ صرف روغن کنجد سیاہ مین کپڑا ترکرکے باندھنا ؍؍ ایک عدد گرگٹ
اور چار عدد کیچوا اور دو عدد لیمو کاغذی تراش کر سبکو ڈیڑہ پاو روغن کنجد مین دو پیسہ بھر موم
ملاکر جلادین اور مردار سنگ اور سیندور اور سنگ جراحت نیلہ تھوتھہ ہینگ ادھیلہ ادھیلہ بھر سفوف
کرکے ملاوین اور خوب گھونٹ کر رکھین کپڑے پر لگاکے پٹی سے باندھا کرین ؍؍ گای کا
گھی کثرت سے کھلانا مفید ہے **مقالہ تیسرا** امراض اور علاج مخصوصہ فیل نر مین ۔

فصل اول بیان مستی مین واضح ہو کہ فیل نر کبھی خود بخود مست ہوجاتا ہے اور مستی
اوسکی ہمشکل جنون کے ہے نہ غلیان باہ سے یکایک آنکھین اوسکی پر غضب ہوجاتی ہین
اور کانونکی جڑ سے عرق جسکی بو تیز ہوتی ہے جاری ہوتا ہے اور وقتاً فوقتاً آٹھو ہتی

ٹپکنے لگتی ہین یعنی دونون کان کی جڑ دونون بغل اور چارون پاؤن کی جڑ سے عرق جاری
ہوجاتا ہے اور حرکات غضبناک کرتا ہے اوس حالت مین اوسکو کھولنا اور سواری کرنا خالی
از خطر نہین ہے مردم ہوشیار اوسکے نزدیک نہین جاتے جب تک کہ وہ کیفیت اوسمین
رہتی ہے دور سے بہوشیاری کچھ کچھ کھانے پینے کو دیتے ہین اور دوائین دفع مستی کی
قریب کر دیتے ہین اگر کھاجاتا ہے تو اثر نمودار ہوتا ہے اور چونکہ یہہ جانور بذاتہ دل کا
کچا ہے اور اشیاے مہیب سے بہت جلد بھاگتا ہے بہادری کو کون سکھے مگر باولی
دینے سے یعنی بتدریج مقابلہ کرانے سے شیر اور بھالو وغیرہ کو مارتا ہے الا فیلبانان
ہوشیار اوس حالت مین کچھہ دوا مستی کی کھلا کر مقابلہ کراتے ہین ورنہ اگر بھاگ نکلا تو
پھر عمر بھر مقابلہ نہین کرتا اور بغرض لڑانے کے اوسکو دوائین کھلا کے مست کرتے
ہین مگر نہ ویسا کہ مستی اصلی کو پہونچ جاوے اور ایسی حالت مین مادہ کو زیادہ تر مرغوب
اور محبوب رکھتا ہے اور اوسی لاگ پر لڑتا ہے گو انتہاے شرم سے آبادی
مین جفتی نہین کرتا اور اس بات کا لحاظ رکھنا چاہیے کہ جب دوا کھلانی سے
آثار مستی کے نمایان ہوجاوین تب دوا کھلانا موقوف کردیوین ورنہ قابل لڑائی کر
نہین رہتا۔

فصل ۲۔ بیان دھارنہاے مست کرنے والون مین دھارن گندھک
آنولہ سار اتیس دھان کی بھوسی پوست بیخ مدار سبکو ہموزن کوٹ کر ایک برتن مین رکھکر
کیلہ کے پانی مین تر کرین اور بند کرکے گھوڑا یا ہاتھی کی لید مین آٹھہ روز تک دفن
کر رکھین پھر نکال کر چار پیسہ بھر کھلایا کرین ۔۔ بھلانوان بریان آدھ سیر کچلا
بریان اجوائن خراسانی اجمودہ ڈیڑھ ڈیڑھ پاؤ کالا کچھوا چھٹانک بھر کوٹکر ہاتھی کے
پیشاب مین ترکرکے ایک برتن مین رکھہ کر ہاتھی کی لید مین دفن کرین آٹھہ روز کے
بعد نکال کر سفوف بنا رکھین پیسہ بھر بعد راتب کے کھلایا کرین **فائدہ**
یہ دھارن اگر ہاتھی کے پیشاب مین ترکیا جاتا ہے تو ہاتھی پر دلیر ہوتا ہے اور
اگر گھوڑے کے پیشاب مین ترکیا جاتا ہے تو گھوڑے پر دلیر ہوتا ہے ۔۔

سات ماشہ شنگرف سفوف کرکے سات ماشہ مدار کا دودھ ملاوین اور ساتھ عدد بین پھل پھاڑ کر اوسمین ایک ایک ماشہ رکھکر ماش کا آٹا لپیٹ کر ساتون گولی کو آگ مین پکا رکھین ہر روز طلوع آفتاب کے وقت ایک گولی کھلاوین مگر کھانے کے وقت کھلانے والے کا سایہ ہاتھی پر نہ پڑنے پاوے ورنہ اوس سے عداوت ہو جاتی ہے اور اگر چار پانچ گولی کھلانے پر مست ہو جاوے تو باقی گولی نہ کھلاوین ؏ لتہ حیض باکرہ عورت کا جلا کر اوسکی خاک جس دھارن مین ملا کر کھلاوین ہاتھی مست ہو جاتا ہے ؏ شنگرف کو پانی مین پیسکر برگ کنیر سفید پر لگا کے تو بر تو رکھہ کے دھاگے سے باندھکر سرسون کے تیل مین بھونکر سفوف کرین اور بوزن تین ماشہ کے دو گھڑی رات گذرے اور اسی قدر علی الصباح قبل طلوع آفتاب تھوڑے قند سیاہ مین ملا کر کھلایا کرین ؏ دو عدد بھوجنگا چڑیا کو چار ماشہ ہرتال طبقی سفوف کرکے گیہون کے آٹے مین گولیان بنا کے کھلاوین ایک ساعت کے بعد اگر ازخود نہ مرے ذبح کرکے سیر بھر روغن کنجد سیاہ مین بریان کرکے سفوف کرین اور ہیرا ہینگ سُہاگہ تیلیا کمیلہ نرکچور کچلا سمندر پھل اسگند ناگوری اجوائن خراسانی اتیس اسبند گندھک آنولہ سار عقرقرحا ایک ایک چھٹانک شنگرف کالا بچھوا آدھی آدھی چھٹانک سفوف کرکے اوسی روغن مین ملا کر پاؤ بھر قند سیاہ مین مخلوط کرکے بقدر کنار جنگلی گولیان بنا رکھین اور ایک گولی ہر روز کھلایا کرین ؏ چنبیلی کے پھول اور خردل سیر سیر بھر سانپ کی کیچلی ایک چھٹانک قند سیاہ تین سیر سبکو کوٹ کر ایک برتن مین رکھہ کر پانچ سیر شراب ڈال کر سربستہ زمین مین دفن کرین آٹھ روز کے بعد نکال کر دو دو پیسہ بھر ہر روز کھلایا کرین -

فصل ۳ - دوائین مستی کے دفع کرنے والی کی بیان مین دھارن رسوت کتھہ سفید دو دو تولہ سبزی یعنی بھانگ چار تولہ دہی مین سان کر راتب کے بعد یا راتب کے ساتھہ کھلادین ؏ زیرہ سفید ہرتال کتیرا آدھ آدھ پاؤ پھٹکری بریان اور بھانگ دو دو پیسہ بھر سفوف کرکے آدھ سیر شیر گاؤ مین سان کر کھلادین ؏

نیلا تھوتھہ چار ماشہ تولہ بھر گاے کے گھی مین بریان کرین اور چار ماشہ بھانگ ملا کے سفوف کرکے تھوڑے آرد گندم مین ملا کے کھلاوین ؍؍ گیتھہ کی پتی اور انبلی کی پتی کھلاوین ؍؍ پیسہ بھر نوسادر پیسکر اسی قدر شکر ملاکے کھلادین ؍؍ پیسہ بھر پیا بانسہ کی پتی کچل کر اوسمین پیسہ بھر پھٹکری بریان ملاکے کھلادین ؍؍ گاڑی اونگی کا سن اور گوگل دونون جلاکر ہاتھی کو دھونی دیوین ؍؍ بادیان کشنیز تخم کاسنی چھٹانک چھٹانک بھر پھٹکری بریان رسوت اور دودھیا گھاس آدھی آدھی چھٹانک سفوف کرکے دہی مین سان کر کھلادین ؍؍ صرف پھٹکری بریان پیسہ پیسہ بھر ایک ہفتہ کھلانے سے مستی دفع ہوجاتی ہے **فائدہ** اصلی مستی دفع کرنے کو یہہ دوا بہت مجرب ہے کہ طاؤس کی آنت مین دو پیسہ بھر عبیر اور چار پیسہ بھر گلال اور چار پیسہ بھر روغن چنبیلی بھر کر خشک کر رکھین بوقت ضرورت بقدر دو انگل تراش کر کسی تدبیر سے کھلاوین تین ذرہ کھانے مین سال بھر تک مست نہین ہوتا۔

فصل ۶۔ عوارض دانت اور کلی مین دانت ظاہر ہین وکلی اصطلاح اس فن مین اوس چھپے کو کہتے ہین جو ایک ایک ہتھ بڑے دانتون کے اندر ہین اور کلی کے کٹنے پھٹنے سے ہاتھی کی نظر مین نقصان آجاتا ہے اور کلی لٹکنے مین بدصورتی ہے لہذا ہر وقت دانت کاٹنے کے کلی کے چڑھانے کی ضرورت ہوتی ہے۔

دانت کے صاف اور خوش رنگ کرنے کا علاج پہلے مدار کا دودھ دانت پر لگادین جب خشک ہوجاے سیندور پانی مین گھول کر لگادین جب وہ بھے خشک ہوجاے تب سہاگہ لگادین اوسکے بعد کپڑے پر بالو رکھ رکھ دانتونکو پھر سوا پہر ملین **کلی اوپر چڑھانے اور دانت کاٹنے کی تدبیرات** اولاً کلی کو اوپر چڑھانے کے علاج کرنا چاہیئے **ص** برادہ آہن پوست درخت ببول اور مٹی آدمی کے دانتون مین ملنے کی پاؤ پاؤ بھر پھٹکری اور صدف اور سونٹھ آدھ آدھ پاؤ سفوف کرکے بھروزہ چھٹانک بھر روغن گاؤ ڈیڑھ پاؤ سبکو پیس کر دانت پر لگادین اوسکے اوپر چاول پکا کر نیم گرم باندھین پانچ روز ایسا ہی کرنے سے کلی

چڑھ جاتی ہین دانت خالی ہو جاتا ہے دانت کاٹنے سے کلی نہین کٹتی ؍؍ چونہ کُنکر
آب نارسیدہ ٹاٹ کی تھیلی مین بھر کر دانت پر چڑھا وین اور تھیلی پر پانی ڈالا کرین تین
روز تک ہر روز اسی طرح تھیلی جدید چڑھایا کرین ؍؍ آرد ماش گھنگچی سفید ہموزن پانی مین
پیسکر نیم گرم لیپ کر کے کپڑے سے باندھین اور ببول کی لکڑی جلا کے سینکین اوسکے
بعد دانت کو آری سے کاٹین اگر دانت سے خون نکلے تو تالاب کی چکنی مٹی اور شنگرف
پیس کر لگا دین کہ خون بند ہو جاتا ہے اوسکے بعد یہہ لیپ لگا وین ص مردار سنگ
سنگجراحت دو دو پیسہ بھر ٹکڑا چینی کے برتن کا دو ماشہ نیلہ تھوتھہ ایک ماشہ سفوف
کر کے رینڈی کے تیل مین سان کر لگا وین اور کپڑے سے باندھین ؍؍ برگ تازہ
کیتھہ آدہ سیر کا پھل سیندور دو دو پیسہ بھر پیسکر لگایا کرین ؍؍ ماش تین چھٹانک
مرچ سیاہ آدھی چھٹانک دونون کو پیسکر سرد لگایا کرین **دانت پھٹے ہونیکے**
علاج مصطگی رومی خرمہرہ زرد سوختہ شکر سفید جملہ ہموزن سفوف کر کے
بھر دیا کرین دو تین روز مین دانت اچھا ہو جاتا ہے ؍؍ شکر سفید بیضۂ مرغ کی سفیدی
مین ملا کر ؍؍ ٹکڑا چینی کے برتن کا سفوف کر کے انڈے کی سفیدی مین ملا کر
؍؍ شیشم کی لکڑی کا تیل بطور تپال جنتر کے نکال رکھین تیل کو پھٹے دانت مین
بھر کر پوست پیاز چپکا دیا کرین ؍؍ مازو پھل چونہ سیپ کاتھہ پٹریا پوست اندرونی
درخت ببول ہموزن سفوف پارچہ بیز کر کے بھر دیا کرین اور اوسپر ٹکیہ موم کی رکھہ کر
باندھ دیا کرین ؍؍ آدمی کے سر کے بال جلا کر پہلے سفید تل کا تیل لگا کے بھر دیا کرین
ٹوٹے ہوے دانت کی علاج گھی گرم کر کے ایک لکڑی پر کپڑا لپیٹ کر
گھی مین تر کر کے اوس سے بدفعات داغین ؍؍ بس کھپرا اوکھاڑ کر بیخ اور شاخ اور
برگ پیسکر لیپ کیا کرین اور باندھا کرین **ملکوڑی یعنے دانت کے کیڑے کے**
علاج جواکھار ہرتال سم الفار گندھک آنولہ سار گندھک چھاچھیا منسل سبکو بوزن
مساوی آب برگ کٹائی خواہ لیمو مین پیسکر لگا وین خواہ ان سبکو باضافہ چربی سور
کی تپال جنتر سے روغن نکال کے ٹپکایا کرین ؍؍ ابرک سیندور مساوی سفوف

کر کے لگایا کرین ؍؍ نیلہ تھوتھہ ہلیلہ سیاہ پوست درخت کنیر پوست درخت ببول چونہ سیپ کا مازو پھل مساوی سفوف کر کے لگادین **سڑے ہوئے دانت کا علاج** تبدو خام سایہ مین خشک کر کے اوسکا سفوف بعد صاف کرنے دانتون کی سڑن مین بھر دیا کرین ؍؍ نوسادر مسّی جسکو آدمی دانتون پر لگاتے ہین مساوی گھسکر لگادین **گرانے دانت ناقص کے علاج** نوسادر سہاگہ خام تیکھر پاوبھر جوانکھار تین چھٹانک سفوف کر کے مدار کے دودھ مین سان کر لگادین ؍؍ مصبر اور چونہ سیپ کا ہموزن سفوف کر کے مدار کے دودھ مین سانکر لگادین **فائدہ** دانت کے گرنے پر مسوڑھا خودبخود اچھا ہوجاتا ہے اگر جراحت ہوجاوے تو زخم اور جراحت کی دوائین کرین جو اوپر مذکور ہو چکی ہین واللہ شافی کافی واسع

باب چوتھا اونٹون کے معالجات مین

واضح ہو کہ اونٹون کی بیماریان اکثر داغ دینے سے دفع ہوتی ہین مگر داغ دینا مشّاقی سے ہوسکتا ہے نہ صرف کتاب دیکھنے سے اور جب تک دوا سے کام نکلے داغ دینا نہین چاہیئے کیونکہ کبھی داغ کی اصلاح دشوار ہوجاتی ہے اور داغ کا فساد بیماری کے فساد سے زیادہ ہوجاتا ہے۔

فصل ۱۔ تدابیر حفظ صحت مین جاننا چاہیئے کہ اگر تدبیر تقدم بالحفظ کی جاوے تو دو مرض بالضرور پیدا ہوتے ہین ایک گرمی کے موسم مین عارضہ خارش ہوتا ہے لہذا چاہیئے کہ شروع موسم گرما مین تمام بدن کے بال کتر کے صاف کر ڈالین اور اس دوا کو ہر روز تین چار روز تمام بدن پر مالش کر کے چوتھے پانچوین روز چکنی مٹی تالاب کی پانی مین گھول کر تمام بدن پر ملین اور آٹھ پہر کے بعد خوب سا دھو ڈالین اور ان دنون مین مشقت نہ لیوین دوا [illegible] لکھا جاتا ہے **ص** تخم بکچی دکھنی گندھک نینان مینسل زرد چوبہ آدھ آدھ پاؤ سفوف باریک کر کے چوک تین چھٹانک سبکو دو سیر روغن سرسون مین مخلوط کر کے بطریق مذکورہ بالا استعمال کرین کہ حدوث خارش سے محفوظ رہے دوسرے ایام برسات مین تھوری

خراش سے زخم زیادہ ہوجاتا ہے اور مکھیون کے بیٹھنے سے کیڑے پڑجاتے ہین
حفظ اوس سے اس طور پر ہوتا ہے کہ شروع ایام برسات مین پیاز خام جس طرح سے
کھاوے ہر روز تین تین یا دسیر سیر بھر کھلایا کرین کہ من بھر تک کھاجاوے اس تدبیر سے
اسکے خون کی ایسی اصلاح ہوجاتی ہے کہ موسم برسات مین یہہ عوارض نہین ہوتے
اور اگر ہوتے ہین تو کمتر فساد کرتے ہین ذکر مصالح حفظ صحت کا مصالحہ
کہ اگر ہر ہفتہ مین ایک روز آدہ پاو مصالحہ آرد جو مین ملاکر کھلایا کرین تو دانہ چارہ خوب
ہضم ہوتا ہے اور کبھی کمزور نہین ہوتا اور کوئی بیماری پیٹ کی نہین ہوتی ص میتھی اور
کالی زیری اور نمک خوردنی ہموزن سفوف کر رکھین مصالحہ اگر ہر مہینے مین چار پانچ روز
علی الاتصال کھلایا جاوے تو کوئی بیماری پیدا نہین ہوتی اور چارہ خوب ہضم ہوتا ہے
اور بھوک زیادہ ہوتی ہے ص بار ہرنگ کالی زیری میتھی پاؤ پاؤ بھر نمک سانبھر آدہ سیر
سفوف کر رکھین تین چھٹانک سفوف پاو بھر آرد جو مین سان کر کھلایا کرین اگر نہ کھاوے
تو گھول کر پلادین مصالحہ اگر کبھی کبھی تین چار روز بہم کھلایا جاوے تو بدہضمی اور
عوارض بادی سے محفوظ رہتا ہے ص کٹکی رائی خورد نانخواہ زردچوب پیپلامور نمک
سانبھر سبکو بوزن مساوی کوٹ کر رکھین اور رات کو بقدر مناسب تھوڑے آرد جو مین
ملاکے کھلایا کرین۔

فصل ۲۔ ذکر معالجات مقوی اور مسمن اور حافظ صحت مین مصالح اگر اونٹ
کو واسطے سواری کے تیار کرنا ہوئے تو صبح کو چند کوس دوڑا کر یہہ مصالحہ بروقت
اوترنے سواری کے کھلایا کرین اور ہر روز بمقدار مسافت کی بڑھایا کرین اس کے
کھلانے سے قوت دوڑنے کی زیادہ ہوتی جائے گی اور کسی قسم کی بیماری عارض
نہوگی اور جسم سبک اور پھرتیلا رہے گا ص پھٹکری بریان اور مرچ سیاہ بوزن
مساوی سفوف کر رکھین آدہ پاو سفوف پاو بھر روغن زرد مین ملاکر کھلایا کرین ۔۔
بار ہرنگ ہیم بوفتہ نمک سانبھر آدہ آدہ پاو قند سیاہ آدہ سیر جوش کر کے ہر روز
بوقت شب نیم گرم پلایا کرین بہت مجرب ہے ۔۔ سہاگہ بریان نانخواہ زردچوب

پھٹکری نمک سانبھر نمک سچی ایک ایک پاؤ مسور سیر بھر سبکو سفوف کرکے سیر بھر روغن زرد مین بریان کر رکھین ہر روز شام کے وقت آدھ پاؤ کھلایا کرین اور بارکش اونٹ کی فربہی اور توانائی کے واسطے یہہ تدبیرات بہت مفید ہین کہ آدھ سیر گیہون سیاہ کوٹ کر شام کو ایک گھڑے پانی مین تر کر رکھین صبح کو اونٹ کا موںھہ کھول کر ڈالدیا کرین کہ سب پی لیوے ار ہلون مسلم دار دانہ جو بریان کا پاؤ پاؤ بھر دونون ملا کے ایک شبانہ روز پانی مین تر کر رکھین اور ہر صبح کو کھلایا کرین۔

فصل ۳- امراض خاصہ مین یعنی جو مرض کہ کسی عضو یا کسی مقام خاص مین ہوتے ہین

کپالی مثل زکام کے ہے اونٹ سر جھکائے رہتا ہے دوا چارہ کی رغبت نہین کرتا اور کبھی ناک سے رطوبت بھی نکلتی ہے اور جگالی بھی کم کرتا ہے **علاج** پیاز لہسن مرچ سُرخ زردچوب ایک ایک چھٹانک کوٹ کر پاؤ بھر قند سیاہ مین ملا کے دو تین روز تک کھلایا کرین اگر نکھاوے تو پانی مین گھول کر پلاوین اور اگر سر پر دونون کان کے درمیان مین آماس ظاہر ہووے تو جوار کا آٹا پانی مین پکا کے شیر گرم دو تین روز تک لگاوین اور اگر اس سے دفع نہوئے تو آماس پر اس شکل کا + داغ دیوین کہ مواد بہہ جاوے **کوکڑی** یعنے موںھہ کے اندر چھالے ہوتے ہین کہ اوس باعث سے چارہ دانہ نہین کھا سکتا **ع** نشتر سے چھالے توڑ کر زردچوب بہت باریک سفوف کرکے چپکا دیا جاوے اور یہہ عارضہ اس تدبیر سے قرار واقع دفع ہوتا ہے کہ دُم پر چار انگل جڑ کی طرف چھوڑ کے داغ دیا جاوے **کھانسی اور دھانسی** ایام گرما مین ساگ پالک یا خرفہ کا شیر گاؤ یا گوسفند مین جوش دیکر کھلانا یا پلانا ؎ تخم السی تخم خبازی نیمکوب کرکے جوش دیکر پلانا اور ایام سردی مین کلونجی اور سونف اور لہسن ایک ایک چھٹانک کوٹ کر کھلانا ؎ نانخواہ ایک چھٹانک پیپلا مور آدھی چھٹانک قند سیاہ آدھ پاؤ کوٹ کر کھلانا **بغلی** گوشت زائد ہوتا ہے ایک بغل پر یا دونون بغل پر مگر جب تک کہ کوئی حرج عظیم اونٹ کے چلنے مین نہوئے تب تک اسکو چھیڑنا نچاہیئے اور جب بالکل حرج ہو تو سوا اسکے تدبیر نہین ہے کہ ہنسا

آہنی کو گرم کرکے گوشت کاٹا جاوے کہ رگین بھی قرار واقعی جلتی جاوین خون نکلنے نہ پاوے ورنہ اس جگہ کا خون بند نہین ہوتا اور اونٹ مرجاتا ہے **جنبی** ایک ورم ہوتا ہے چھاتی سے گلے تک اوسپر اس شکل کا ‖‖‖‖‖ داغ دینا چاہیے اگر داغ دینے والا میسر نہ آوے تو پوست درخت انبہ ترش اور پوست درخت سینبھل اور اسگندہ مساوی پیسکر سرد لگانا اور کپڑا باندھنا اور تر رکھنا چاہیے اور جنگلی کتے کی بیٹ اور املتاس مساوی پانی مین گھول کر تھوڑا تھوڑا بدفعات پلانا مفید ہے **اپھرا** یعنے پیٹ پھولنا فساد ہضم سے ہوتا ہے اور اس عارضہ مین اکثر جگالی بھی بند ہوجاتی ہے **ع** کڑوا تیل پاؤ بھر پلانا ؍؍ سونف اور نانخواہ اور ہلیلہ زرد نمک سانبھر چھٹانک چھٹانک بھر پیسکر شیر گرم پلانا ؍؍ تخم کڑوا اور سداب ایک ایک چھٹانک حنظل اور نمک سیاہ آدھی آدھی چھٹانک جوش کرکے پلانا ؍؍ سیر بھر دودھ مین پاؤ بھر گھی ملاکر شیر گرم پلانا ؍؍ نیب کی تازہ لکڑی سے لگام چڑھانا جس سے جگالی یاد آجاوے **فائدہ** اگر یہہ عارضہ ہمیشہ ہوتا ہو تو اس شکل کا + داغ دونون کوکھ پر کردینا مفید ہے **سول** یعنی پیٹ کا درد جس سے اونٹ بیتاب اوٹھتا بیٹھتا اور لوٹتا ہے اور کبھی اخراج بول اور براز ور یح کا بھی مسدود ہوجاتا ہے **علاج** نیم گرم گھی پلانا ؍؍ ہاتھی کی لید اور پوست بیخ درخت ارنڈ آدھ آدھ پاؤ جوش کرکے شیر گرم پلانا ؍؍ کڑوا تیل پلانا ؍؍ سرکہ خالص نمک سیاہ ملاکر پلانا ؍؍ تھوڑی شراب پلانا **فائدہ** اگر کسی دوا سے یہ عارضہ اچھا نہووے یا اکثر ہوتا ہووے تو ناف کے گرد اس شکل کا ○ داغ دینا مفید ہوتا ہے **اسہال آنا خواہ لید ڈھیلی ہونا علاج** سونٹھ مرچ سیاہ نانخواہ کٹکی چھٹانک بھر کوٹ کر قند سیاہ ملاکر چند روز کھلانا **پیشاب بند ہوجانا یا تھوڑا ہونا ع** قلمی شورہ آدھی چھٹانک پاؤ بھر مہی مین گھول کر بدفعات پلانا ؍؍ شراب مین گاے کا گھی ملاکر پلانا ؍؍ زرد چوب پیپلا مور تخم حنظل اور نمک سانبھر سب ٹکہ ٹکہ بھر پیسکر پلانا **زانو اگلے پیرون کی گانٹھ** مین ورم سخت ہوتا ہے **ع** ہلدی اور صابون گاے نازادکے پیشاب مین پیس کر شیر گرم لگانا اور ٹاٹ سے باندھنا اگر اس سے دفع نہووے تو اس شکل کا ؍

داغ گانٹھ کے اوپر دینا چاہیے چھپا یہ پچھلے پاؤن کی گانٹھون مین ورم سخت ہوتا ہے
اوسکے واسطے لیپ اور داغ ایسا ہی چاہیے جیسا زانو کے واسطے لکھا گیا
جھولا پچھلے پیرون مین سردی اور بادی کا غلبہ ایسا ہوتا ہے کہ اوس سبب سے
اونٹ پچھلے پیرون سے گر گر پڑا کرتا ہے ع اجمودہ اجوائن مدار کی جڑ تھوہر کی پتی بوزن
مساوی جوش کرکے نیمگرم مالش کرین ،، تازہ گوبر بھینس کا مالش کرین اور پیرون پر
کملی لپیٹے رکھین ،، دو چار بنواکنڈے جلادین جب خوب جل جادین آگ کامل ہو جاوے
تب دو چار ٹکڑے کپڑے کے پانی مین خوب تر کرکے اون کنڈون کو بطور پوٹلی کے
باندھ لیوین جب تک پوٹلیان سرد نہون تب تک اون سے سینک کرین اور ایسا ہی
کیا کرین ،، گھوڑبچ نانخواہ اجمودہ مرچ سیاہ چھٹانک چھٹانک بھر ہینگ پیسہ بھر کوٹ کر
پاؤ بھر قند سیاہ مین ملاکر کھلایا کرین اگر ان تدبیرون سے دفع نہوے تو یہہ تدبیر
کرین کہ لابنے پھوس کا پولا جلاکر اوسکو اوپر کی طرف سے نیچے کی طرف اسطرح سے
پھیرین کہ چمڑے پر صدمہ جلنے کا نہ پہونچے اگرچہ بال جھلس جادین ڈھچک پچھلے
پیر مین خشکی پیدا ہوتی ہے پہلے تو لنگ کرتا ہے پھر پاؤن خشک اور چھوٹا ہو جاتا ہے
ع کولے پر گل دیکر لانبا داغ نیچے کی طرف تک کرنا چاہیے اس شکل کا ========
کہ اس داغ سے کبھی پیر بحالت اصلی درست ہو جاتا ہے اور کبھی صرف درد
دفع ہو جاتا ہے کہ اوس سبب سے اونٹ لاغر اور بیکار نہین ہوتا رگ اور
پٹھا اوچٹ جانا یعنی کبھی اونچی نیچی زمین سے کے چڑھنے اوترنے سے پاؤن کا
رگ اور پٹھا اوچٹ جاتا ہے ع ایلوا رائی خورد گیرو چھٹانک چھٹانک بھر افیون
آدھی چھٹانک سفوف کرکے پاؤ بھر سرسون کے تیل مین پکاکر مالش کرین اور
کنڈے کی آگ سے سینکین ،، تیلی کے کولھو کے نیچے کی مٹی اور سانپ کے بانبی
کی مٹی چھٹانک چھٹانک بھر اور برگ سنبھالو اور برگ بکائن اور برگ انبلی آدھ آدھ پاؤ
سبکو جوش کرکے نیمگرم مالش کرنا ،، کنیر کی لکڑی جلاکر پیسہ بھر کوئلہ اوسکا خوب
سرمہ سا کرکے چھٹانک بھر کڑوے تیل مین ملاکر ناک مین ناس دینا ،، آنبہ ہلدی

پنسہ بھر سفوف کرکے چھٹانک بھر سرسون کے تیل مین ملاکر ناس دینا ۲ اگر واہنے پیر
مین موینچ ہو تو بائین پیر کو مونجھ کے بان سے باندھ کر اوسکو پانی سے ترکرین اور آہستہ
آہستہ چلاوین کہ بسبب بندش کے اوس پیر پر زور دیکر چلیگا کہ جسمین عارضہ ہے
اور اس سبب سے اوسکی رگ اور پٹھہ درست ہوجاوینگے اور اگر کسی دوا سے دفع
نہووے تو پیر کو داغ دینا چاہیئے -

فصل ۴ - امراض عامہ مین یعنی جو امراض کہ بوقت واحد تمام بدن یا چند عضو مین یا
ایک عضو مین ایک نام سے ہوتے ہین **جکڑ جانا** کبھی سردی پہونچنے سے تمام بدن اونٹ
کا جکڑ جاتا ہے کہ چلنا اوسکا دشوار ہوتا ہے اور چارہ دانہ کم کھاتا ہے ع آدھ پاؤ
نانخواہ اونٹ غیر مریض کے پیشاب مین رات کو تر کرکھا کرین صبح کو کھلایا کرین تین
چار روز کے استعمال مین صحت کامل ہوجاتی ہے ۲ پھٹکری بریان اور پیپلامور
اور زنجبیل اور زرد چوب ایک ایک چھٹانک سفوف کرکے پاؤ بھر قند سیاہ مین ملاکر
کھلانا **بھر جانا** راہ چلنے کی گرمی مین یا زیادہ بوجھ اوٹھانے کی گرمی مین ہوا سرد
لگنے سے بھر جاتا ہے اس مرض سے چلنے مین سست ہوجاتا ہے اور رغبت دانہ چارہ
کی کم کرتا ہے ع بکائن کے پھل دو سیر قند سیاہ سیر بھر جوش کرکے ملکر چھانکر چھہ سات
روز تک پلانا اور ہوا سے محفوظ رکھنا ۲ پیپلامور چھٹانک بھر سفوف کرکے آدھ پاؤ قند
سیاہ ملاکر ہر صبح کو کھلانا **تاؤ کھا جانا** گرمی مین زیادہ مشقت سے تاؤ کھا جاتا ہے
دانہ چارہ اور پانی کی رغبت کم کرتا ہے اور کھڑے بیٹھے ہانپتا ہے اور بدن کانپتا ہے
ع تھوڑی تھوڑی شراب دو تین روز تک پلانا ۲ ہلیلہ بلیلہ آملہ املی چھٹانک
چھٹانک بھر تر کرکے ملکر تخم اونکے دفع کرکے تھوڑے آرد جو مین سان کر
کھلانا **چھور ابان** اونٹ باوجود دانہ چارہ کھانے کے ہر روز لاغر اور ناتوان
ہوتا جاتا ہے ع ہر روز گلہ گاے کا خواہ بکری کا ہلدی اور پیاز وغیرہ مصالحہ
ملاکر پکاوین اور شوربا اوسکا پلایا کرین دس پندرہ روز مین بدفع مرض فربھی اور
توانائی آجاتی ہے ۲ جنگلی سیال کا گوشت معہ گلہ اور پاچہ کے آلایش اور چمڑا

دفع کرکے جوش دیکر بلکہ صاف کرکے پلانے سے بخوبی یہہ مرض دفع ہوجاتا ہے الا
نہایت گرم ہے ایام سردی مین دینا چاہیئے اور اگر ایک سیال کے پینے سے صحت
کامل نہوئے تو اور بھی پلانا چاہیے رر آدہ پاو بتھی سفوف کرکے پشیاب مین گای کے
رات کو بھگو رکھین صبح کو کھلایا کرین بائی اونٹ بے سبب چپاتا ہو اور حرکات وحشیانہ
کرتا ہے ع شاخ اور برگ کنار دشتی پاو بھر نیکوب کرکے قند سیاہ کہنہ پاو بھر ملاکے
جوش کرکے صاف کرکے چندروز پلانا چاہیئے اور اگر اس سے دفع نہوئے تو سر و
گردن کے جوڑ پر داغ اس شکل کا دینا چاہیئے ہرن پا و اونٹ کھڑے
کھڑے کانپتا ہے اور بھاگنے کے واسطے رسّی توڑتا ہے ع گردن جھکا کی اوپر سے
نیچے کی طرف سُوتین یعنی مالش کرین اوسی حالت مین ناک کی رگ کی فصد لیوین اور
دونون کانون کے نیچے گردن کے جوڑ پر لاہنا داغ دیوین رر گوگل ٹکہ بھر لہسن ایک
پوتیا چھٹانک بھر قند سیاہ کہنہ آدہ پاو کوٹ کر کھلاوین اور کپڑے سے بند رکھین
جس سے عرق آجاوے مٹی کھانا اونٹ اکثر بطور عادت مٹی کھاتا ہے تو لاغر اور
سُست ہوتا جاتا ہے ع ٹاٹ پُرانا جلاکر پانی مین گھول کر پلایا کرین مضرت اوسکی
دفع ہوجاتی ہے گر پڑنا زمین ناہموار اور نمناک پر چلنے سے اکثر اونٹ گر پڑتا ہے
اگر اعضای ظاہری مین نقصان نہین آتا تب بھی اعضاے باطن مین کچھہ صدمہ
پہونچتا ہے کہ جسکے نقصانات بعد چندروز کے نمایان ہوتے ہین ع اگر ظاہر مین
کوئی صدمہ نمایان نہو پھٹکری بریان چھٹانک بھر آدہ سیر دودھ مین ملاکر پلانا رر
کریل کا کوئلہ چھٹانک بھر سفوف کرکے پاو بھر کالے تل کے تیل مین ملاکر پلانا اور اگر
ظاہر مین ورم ہوجاوے تو تیل کے کوٹھو کی مٹی اور بھیڑی خانہ کی مٹی پانی مین پکاکر
لگانا اور معالجات مصرحہ باب اول کے کرنا سرطان خود بخود یا کسی سبب خارجی
زخم ہوجاتا ہے اور وقتاً فوقتاً زخم بڑھتا اور سڑتا جاتا ہے ع گرد اگرد زخم کے
داغ دیوین اور گلخن کی بالو اوس زخم پر ڈال کر کالے تل کا تیل ڈالین کہ چند روز
ایسا کرنے سے دفع ہوجاتا ہے ناسور اگر زخم یا پھوڑے کے اندمال پر ہو ع

قائم رہتا ہے اور اوس سے رطوبت نکلا کرتی ہے ع کپڑے کی بتی مین شہد لگا کر اور
توتیا سفوف کرکے اوسپر چھڑک کر ناسور مین رکھین اور اگر بتی جانے کے لایق نہوے تو توتیا
کو شہد مین ملا کر ٹپکایا کرین اور داغ گرد ناسور کے دینا بھی مفید ہے کیڑے جو زخم مین پڑی
ہین ع کچھوے کی ہڈی اور پرانا چمڑا جلا کے سرسون کے تیل مین ملا کر ٹپکانا رر ٹیکا
مالی کا تیل لگانا اور علاجین مندرجہ باب اول کی کرنا خارش یہ عارضہ اکثر اونٹون کو
ہوتا ہے اور بہت دوا کرنے سے جاتا ہے اور اس عارضہ سے اونٹ نہایت لاغر اور
کمزور ہوتا جاتا ہے ع سوان کا تیل گندھک اور چوک ملا کے لگانا رر آگ کے پتے
سیر بھر سجی آدھ پاؤ پانی مین جوش کرکے بدن پر ملنا اور اوسکے خشک ہونے پر کڑوا تیل
لگانا رر تخم بکچی دکھنی تخم پنوار آنبہ ہلدی آدھ آدھ پاؤ کمیلہ سیندور ایک ایک چھٹانک گندھک
نینیان ڈیڑھ چھٹانک خوب سفوف کرکے تین چھٹانک چوک اور ڈیڑھ سیر کڑوا تیل
ملا رکھین اور چند روز لگایا کرین لپچھی ایک مرض عجیب اور مہلک ہے کہ اونٹ بظاہر کچھ
بیمار نہین معلوم ہوتا جب دس بیس روز مین مرض غالب ہوتا ہے تو اونٹ فوراً گر کر
مرجاتا ہے اور حالت بیماری مین جس اونٹ کو بیمار اونٹ کی ہوا لگتی ہے اوس کو بھی
یہی بیماری ہوجاتی ہے جو لوگ کہ اس مرض سے واقف ہین اکثر اپنے اونٹون کے
پیشاب مین مٹی تر کرکے سونگھ لیا کرتے ہین جس اونٹ کے پیشاب سے کھٹمل
کی بو آتی ہے اوسکو اس مرض کا پتلا سمجھ جاتے ہین اور فوراً گلہ سے علیحدہ دور
کرکے یہ دوا کرتے ہین تو اکثر صحت بھی ہوجاتی ہے ع پاؤ بھر سرخ مرچ سفوف
کرکے قند سیاہ کے شربت مین ملا کے پہلے پلاوین اوسپر ایک گھڑا شربت اور بھی
پلاوین اور دو تین روز ایسا ہی کیا کرین فائدہ پودینہ نچوڑ کر پانی اوسکا ناک مین
ڈالنے سے مستی دفع ہوجاتی ہے رر سپید تل کا تیل پلانے سے بھی مستی
کم ہوجاتی ہے فائدہ چھوٹے چھوٹے کیڑے جنکو چیچڑی اور کلنی کہتے ہین بدن سے
پیدا ہوتے ہین اور کبھی خارج سے آ کر نرم چمڑے مین لپٹتی ہین اور اونٹ کی بیکلی اور لاغری
کا سبب ہوتی ہین ع ہلدی سفوف کرکے کڑوے تیل مین ملا کر لگانے سے دفع ہوجاتی ہین

باب پانچوان بھینسون اور بیلون کے معالجہ مین

ان جانورون کے معالجات بقواعد متذکرہ باب اول کے کرنا چاہیئے اس مقام پر
امراض خاص کی دوائین لکھی جاتی ہین اور نر و مادہ کا معالجہ یکسان ہے **فائدہ**
جو جانور وحشی مثل نیلگاو وغیرہ کے ان جانورونکے برابر ہوتے ہین اور پالے جاتے ہین
اونکو بھی ویسے ہی امراض ہوتے ہین اور یہی دوائین سودمند ہوتی ہین **ریوان**
یہہ ایک عارضہ ہے کہ چمڑے کے اندر پتلے پتلے کیڑے لانبے لانبے پیدا ہوتے ہین
اور چمڑے کے اندر حرکت اور سکون کرتے ہین جب اوپر کی طرف چمڑا کاٹتے ہین تو
نقطہ سا خون نکل آتا ہے اور جانور بیچین اور کثیر الحرکت اونکے کاٹنے سے رہتا ہے
اور دانہ اور چارہ کمتر کھاتا ہے اور یہہ مرض مزمن اور مہلک ہے ع پیاز خام ہر روز
بکثرت دو تین بار کھلائی جاوے اسکے کھاتے کھاتے جب تاثیر اوسکی کیڑون تک
پہونچتی ہے تو مر جاتے ہین **جوان** یعنے قمل اکثر بدن مین پیدا ہو جاتی ہین اور دیکھنے
مین ظاہر ہوتی ہین اور کثرت اونکی موجب لاغری اور کمزوری ہوتی ہے ع خاکستر
پانی مین گھول کر لگانا رر ہلدی کڑوے تیل مین پیس کر خوب ملنا رر تخم شریفہ یا
کھرنی پانی مین پیس کر ملنا رر سداب یعنی تلی پانی مین پیس کر تین چار روز تک
لگانا **ورم کندھا** جن بیلون اور بھینسون کے کندھے پر جوان رکھکر ارابہ کشی
اور قلبہ کشی کرائی جاتی ہے اکثر کندھا اونکا اماس کر جاتا ہے ع ہلدی ٹکہ بھر خوب
سرمہ سا کرکے افیون خالص چھہ دام بھر ایک چھٹانک کڑوے تیل مین ملا کر گرم
کرکے ملنا موجب دفع ورم اور استحکام کندھے کا ہوتا ہے رر گاہ گاہ روغن السی
لگانے سے کندھا مضبوط ہو جاتا ہے **ورم پشت اور سینہ** جن بیلون اور
بھینسون کی پیٹھہ پر بوجھہ لادا جاتا ہے اکثر پالان کھینچنے سے پیٹھہ اونکی یا چھاتی اونکی
آماس کر جاتی ہے ع آب سرد مین کپڑا تر کرکے ورم پر باندھین اور پانی سے
تر کیا کرین اگر اس سے دفع نہووے تو تھوڑا نمک گاے کے دودھ مین جوش دیکر
خدا خواہ کملی کا ٹکڑا اوسمین تر کرکے باندھین رر پیال خشک کنجشک خانگی

ایک پیسہ بھر خاکستر تماکو می خوردنی ٹکہ بھر تخم سوا چھٹانک بھر پیس کر نیم گرم لگانا ۔۔ مصبر سر کہ مین پیسکر شیر گرم لگانا کھرا یہ عارضہ ایسا ہے کہ سُم پھٹ جاتا ہے زخم ہو کے پانی اور خون نکلتا ہے اور کبھی کیڑے بھی پڑ جاتے ہین اس تکلیف سے چلنا دشوار ہوجاتا ہے اور دانہ چارہ کم کھاتا ہے ع اگر کیڑے نہ پڑے ہون تو السی کا تیل ٹپکانا خواہ کوئلہ کو سفوف باریک کرکے بھر دینا کافی ہوتا ہے اور اگر کیڑے پڑ گئی ہون تو برگ کیتھہ خواہ برگ شریفہ یا برگ شفتالو خواہ بئی خواہ تلسی پیسکر زخم مین بھرنے سے کیڑے مرجاتے ہین اور زخم خشک ہوجاتا ہے ۔۔ تالاب کے کنارے پر اسقدر ریا نہین باندہین کہ ٹلی تک ڈوبا رہے پانی مین باندہنے سے کیڑے مرجاتے ہین ۔۔ اگر کوئی تدبیر سے صحت نہو تو جانور کو زمین پر گرا کے مٹی خواہ آٹا سان کر خواہ گوبر سے گرد زخم کے حلقہ بنا کر کڑوا تیل گرم کرکے قطرہ قطرہ زخم پر ٹپکاوین کہ کیڑے مرجاوین اور گوشت ناقص مردہ ہوجاوے پھر از خود خشک اور صاف ہوجاتا ہے۔

تلواس راہ چلنے سے اکثر کھرون کے تلے رگڑ جاتا ہے کہ اوس سبب سے چلنا دشوار ہوجاتا ہے ع چلنا موقوف کر دینا عمدہ تدبیر ہے کہ چند روز مین کھر درست ہوجاتا ہے ۔۔ آب سرد مین کپڑا خواہ ٹاٹ تر کرکے باندھنا اور اوسکو تر رکھنا ۔۔ نیم گرم موم خام ٹپکانا بھی **پیٹ پھولنا** اگر دانہ چارہ کھلا کے ایسی مشقت سخت لی جاتی ہے کہ جگالی نہین کرسکتا تو پیٹ پھول جاتا ہے ع تین پیسہ بھر نمک کھاری سفوف کر کی تین چھٹانک کڑوے تیل مین ملا کے پلا دین اگر اس سے دفع نہو تو دیگر تدابیر جو باب اول مین اور باب چہارم مین مذکور ہین کرنا چاہیے **فائدہ** بیل کے پیشاب مین شوریت زیادہ ہے جب بدہضمی دریافت کرتا ہے تو خود اپنا پیشاب چاٹتا ہے کہ اوس سے دفع ہوجاتی ہے۔ **تپ** یہ عارضہ مہلک و متعدی ہے کہ اسمین صدہا جانور ہلاک ہوجاتے ہین جہان شروع ہوتا ہے تمام موضع بلکہ اور موضعون مین پھیل جاتا ہے اور ایسی کثرت سے جانور اسمین مرتے ہین کہ عرف عام مین اسکو مری کہتے ہین پہلے جانور کے روئین پھول اوٹھتے ہین اور بدن

گرم ہوجاتا ہے اور اکثر کانپتا ہے پھر دست جاری ہوجاتے ہین جانور کا موتھ بند ہوجاتا ہے
اور کبھی جابجا بدن پر دانہ نمودار ہوجاتے ہین سبب اس مرض کا مواد سمی ہے کہ
خود بخود فساد غذا سے کسی جانور مین پیدا ہوجاتا ہے اور اوسکی ہوا لگنے سے دوسرے
جانورون مین پیدا ہوجاتا ہے ع اولاً مسہلہ دیوین نمک کھاری پلادین خواہ
کڑوا تیل پلاوین کہ دست آجانے سے سمیت بدن مین اثر نکرے اور اگر دست از خود
آنے لگین تب بھی ایک بار دوبار دواء مسہلہ دیوین کہ مواد سمی دوا کی مدد سے جلد
خارج ہوجاوے اوسکے بعد جلدی دست بند کرنے کے واسطے مازو پیسہ بھر مغز
تخم انبہ چار پیسہ بھر پانی مین پیس کر شکر خام چار پیسہ بھر ملا کے پلادین ۲ مغز بیل کا
دو پیسہ بھر مغز تخم جامون ایک پیسہ بھر شکر خام چار پیسہ بھر آرد جو آدہ پاؤ کھلادین خواہ
پلادین اور حالت دست آنے مین پانی کم پلادین خواہ مطلق نہ دیوین جب دست بند
ہوجاوین چارہ نرم کھلادین بھوسہ خواہ گھاس خشک چند روز تک ندیوین ورم پہلو
اندر کے اعضا سے پھیپڑا اور کلیجہ ورم کرجاتا ہے اور علامات تپ کی ظاہر مین موجود ہوتی
ہین اور پانی کی رغبت زیادہ کرتا ہے مگر پیا نہین جاتا اور خفیف سی دہانسی بھی ہوتی ہے
ع کبھی آدھی چھٹانک السی چھٹانک بھر مکوی پیسہ بھر جوش کرکے شکر سرخ ملا کے
پلانا ۲ کالی زیری بھٹ کٹیا برابر پیس کر نیم گرم دونون طرف پہلو پر لگانا۔

باب چھٹوان چھوٹے جانورون کے معالجہ مین

فصل ا۔ بکری اور بھیڑی کے معالجہ مین ان جانورون کا معالجہ بطبق مندرجہ
باب اول کے ہوسکتا ہے مگر یہہ جانور قلیل المالیت ہین اور انکا گوشت اکثر آدمی
کھاتے ہین لہذا معالجہ سے کنارہ کرکے دم تیغ کرتے ہین اگرچہ عموماً ادویہ باب
اول کی بکار آمد ہے مگر نظر آگاہ کردینے کے علاج سے چند بیماریہا ہی خاص کی
دوائین مجرب لکھی جاتی ہین بوڑھا ایک ورم ڈھیلا از قسم زہر باد ہے کہ زیر گلو
ہوتا ہے اور بہت جلد بڑھتا ہے اور لٹک پڑتا ہے جانور دم بدم لاغر ہوتا جاتا ہے
اور دانہ چارہ کی رغبت نہین کرتا بالآخر چھوڑ دیتا ہے اور کبھی اسہال بھی آتا ہے اور

پیشتر اس مرض مین جانور ضائع ہوجاتے ہین اور یہ مرض متعدی ہے ایک جانور سے
دوسرے جانورون پر جاتا ہے ع کالی زیری ایک چھٹانک گیرو ڈیڑھ پیسہ بھر پانی مین
پسیکر نیم گرم لگانا ر زنجبیل اور کایپھل اور گیرو بوزن مساوی پسیکر نیم گرم لگانا ر رائی
ٹکہ بھر کالی زیری تین پیسہ بھر گیرو پیسہ بھر پسیکر نیم گرم لگانا ورم باچھہ ایک باچھہ مین
خواہ دونون باچھہ مین تھوڑا ورم ہوکے قرحہ ہوجاتا ہے کہ اس سبب سے جانور چارہ
دانہ کھانے مین کمی کرتا ہے اور لاغر ہوجاتا ہے ع کڑوا تیل اور پانی ملاکے بدفعات
لگانا جب کھرنڈ دفع ہوجاوے تب ٹکہ بھر روغن گاو مین ادھیلہ بھر موم زرد پگھلاکے لگانا
بدہضمی پیٹ پھول جاتا ہے اور کبھی جگالی بند ہوجاتی ہے ع ٹکہ بھر کھاری نمک سفوف
کرکے موںھہ مین ڈالنا اور اوسپر تھوڑا نیمگرم پانی موںھہ مین ڈالنا اور اگر اس سے دفع نہووے
تو تین پیسہ بھر کڑوے تیل مین پیسہ بھر نمک کھاری سفوف کرکے ملاکر پلانا اور نیب کی تازہ
لکڑی کی لگام چڑھانا کہ جگالی کرکے ہضم کر ڈالے فائدہ ان جانورون کو بھی بیماری
تپ اور ورم پہلو کی ہوتی ہے معالجہ اوسکا مثل باب پانچوین کے کرنا چاہیئے فائدہ
چھوٹے جانور وحشی مثل ہرن وغیرہ کے جو پالے جاتے ہین اونکی بیماریان بھی ایسیہی
ہوتی ہین اور یہی معالجہ ہے فائدہ تھوڑی سوہضمی کو بکرا اور بھیڑ اپنا پیشاب چاٹ کر
دفع کردیتا ہے فائدہ اس قسم کے جانورونکو تھوڑا نمک کھاری گاہ گاہ کھلانے سے
اوسکا چارہ خوب ہضم ہوتا ہے اور صحت رہتی ہے اور فربہ ہوتا ہے۔

فصل ۲۔ کتے اور بلی کے معالجہ مین اگرچہ معالجہ اونکا شامل معالجہ دواب کے
نہین ہے لیکن اکثر اشخاص بہ حاجت خواہ بہ محبت انکی پرورش کرتے ہین لہذا مناسب
ہوا کہ کچھہ دوائین مخصوص انکی بھی لکھی جاوین جاننا چاہیئے اس قسم کے جانورونکو حق سبحانہ
وتعالے نے یہ عقل دی ہے کہ جب سوہضمی ہوتی ہے ہری گھانس خواہ کسی قسم کی
روئیدگی کے ہرے پتے کھاکے قے کر ڈالتے ہین اور باخراج غذے فاسد کے صحت کلی
پاتے ہین اور اونکی زبان کے لعاب مین شفا دی ہے کہ زخمون کو چاٹ کر اچھا کر ڈالتے ہین
پس جو مرض کہ ان دونون بات سے دفع نہو سکتے ہون اونکی معالجہ کی فکر کرنا چاہیئے

خاص دوائین مجرب یہ ہین کہ عوارض سرد مین زنجبیل اور اجوائن اور اجمودہ بوزن مساوی
تھوڑا نمک لاہوری ملاکے بقدر مناسب کھلانا خواہ پلانا ۔ روسکے پتے تازہ کو عرق
مین رائی اور کلونجی ہموزن پیسکر کھلانا خواہ پلانا ۔ ہلدی اور لہسن اور میتھی بوزن مساوی
پیسکر کھلانا خواہ پلانا اور غذا گوشت کبوتر صحرائی خواہ مہوک خواہ دیگر طیور جنگلی کا دینا
عوارض گرم دھنیا اور آملہ اور تخم کاسنی بوزن مساوی کھلانا خواہ پلانا ۔ آب بیخ
کیلے مین تخم السی اور تخم کاسنی پیسکر ۔ تخم خرفہ اور بادیان اور تخم کاسنی ہموزن پانی مین پیسکر
کھلانا یا پلانا اور غذا خشکہ دینا چاہیئے زخم اگر چاٹنے کے مقام پر نہوئے تو یہ مرہم مخصوص اوسکیلئے ہے
گندہ بہروزہ رال سفید سوپیاری سوختہ سنگجراحت برگ خشک نیب نو نو ماشہ سیندور دو ماشہ
سوائے بہروزہ کے سبکو سفوف کرکے ایک چھٹانک روغن زرد مین پیسہ بھر موم زرد
پگھلاکے بہروزہ اور سفوف مذکور ملاکے لگادین فائدہ کریگا اور بلی کو مداومت نمک
کھلانے کی موجب پیدا ہونے عارضہ خارش کی ہے واللہ اعلم بالصواب +

باب ساتوان معالجہ امراض طیور مین +

واضح ہو کہ معالجہ جملہ طیور کا وحشی ہون خواہ اہلی یکسان ہے۔

فصل اول ۔ تدابیر حفظ صحت مین جاننا چاہیئے کہ صحت انکی زیادہ منحصر اوپر
غذا کے ہے جب غذا پر رغبت سے مونھہ نڈالین فوراً غذا کو علیحدہ کرلینا اور فاقہ
کرانا چاہیئے کہ واسطے رفع ثقل غذا کے انسداد غذا تھوڑے زمانہ تک کافی ہے
اور اگر عدم رغبت غذا کی کسی مرض کے سبب سے ہوئے تو اوسکی معالجہ کی طرف توجہ
کرنا چاہیئے اور طیور شکاری کو ہمیشہ طعمہ گوشت طیور کا دیا جاوے اور حتی المقدور گوشت
شبینہ نہوے اگر بضرورت شبینہ دیا جاوے تو اوسکی بو متغیر نہوئی ہو اسواسطے کہ اگرچہ
غلبہ اشتہا مین ایسا گوشت کھالیونگے مگر اوسکی مضرت سے بیمار ہوجاوینگے اور ایام شدت
زمستان مین چھوٹی چڑیونکا گوشت کھلایا جاوے کہ اونمین گرمی زیادہ ہوتی ہے اونکی
کھانے سے سردی موسم کی مضرت نکرے گی اور گوشت دواب کا مطلقاً کھلانا نچاہیئے
کہ موجب سوءہضمی اور انواع بیماری کا ہے الا گوشت بز غالہ لکھا ہے بعضون نے جائز رکھا ہے

اور طیور کرم خور کو ہر روز بقدر اونکی غذا کے یا کسی قدر خواہ کبھی کبھی کرم یا پتنگا ضرور کھلانا چاہیے ورنہ اوسپر سردی غالب ہو جاتی ہے اور امراض سرد پیدا ہو جاتے ہین مگر کرم مردہ اور ژولیدہ زیادہ تر موجب امراض ہے اور چونکہ ہر دم کرم زندہ رہنا دشوار ہوتا ہے لہذا نخود بریان کو سفوف کرکے اوسمین گردہ یا خصیہ بھیڑ ہی یا بکری کا بریان کرکے پیسکر ملا کر قدرے روغن زرد مین بریان کرکے اوسکے نیچے مین رکھنا چاہیے کہ خاطر خواہ اپنے کھایا کرے اسلیے کہ صرف غلہ کھانا اوسکو مضر ہے اجزاے حیوانی ملانے سے اصلاح ہو جاتی ہے اور ایام سردی شدید مین بجای گردی کے کبھی کبھی زردی بیضہ مرغ کی یا مغز بادام شیرین مقشر پیسکر ملانا چاہیے کہ سردی کی مضرت سے محفوظ رہے اور طیور دانہ خور کو دانہاے مناسب اونکے جثے کے دینا چاہیے جیسا لال کو کاکن یا سانوان اور کبوتر کو نخود یا گندم مگر ایام زمستان مین سبکو دانہاے گرم مثل باجرے اور منڈوے کے دینا چاہیے اسوجہ سے کہ جملہ چڑیون کو سردی زیادہ تکلیف دیتی ہے بہ نسبت گرمی کے

فائدہ ابتداے موسم گرما مین ہر طایر کو ایک عارضہ گزیز ہوتا ہے کہ تمام بدن مین خارش ہوتی ہے کہ اپنے پرون کو نوک اور پنجے سے اوکھاڑا کرتا ہے پر ہاے کہنہ بتدریج گر جاتے ہین اور پرہاے جدید جمتے ہین اس حالت مین طیور شکاری کو شکار پر چھوڑنا ممنوع ہے اسوجہ سے کہ کم قوتی مین اوڑانے سے آیندہ کو قوت اوسکی نہین بڑھتی اور بزدلا ہو جاتا ہے فائدہ نمک کھلانا چند روز تک بہیم چڑیا کو ممنوع ہے اسوجہ سے کہ اوسکے پر گر جاتے ہین۔

فصل ۲ - علامات کلیہ مین علامت صحت کی یہہ ہین کہ چڑیا صبحدم اپنے بازو کو جھاڑے اور نوک سے بال اور پر صاف کرے اور آنکھ کی پتلی صاف اور نورانی ہو اور پنخال معتدل القوام برنگ اصلی باسانی دفع کرے اور طعمہ اور غذا کی جستجو کرے اور اگر پاوے تو برغبت کھاوے اور اگر بے قید ہووے تو بخوشی چلے پھرے اور دوڑے اور علامات مرض کی بالعکس حالات مذکور کے ہین علامات مزاج اصلی کی اوڑنا جلدی اور قوت کے ساتھ اور حرکتین زیادہ کرنا دلیل حرارت اور یبوست کی ہے اور بالعکس اوسکے دلیل برودت

اور رطوبت کی ہے علامات سردی عارض ہونے کی سُستی یا معذوری رفتار کی اور ناک اور
موتھہ سے رطوبت نکلنا اور آنکھین مائل بہ سفیدی ہونا اور جنبش اور حرکت کم کرنا یا بالکل نکرنا
علامات گرمی کی موتھہ مین آبلہ پڑنا یا سڑ جانا اور کان کے نشان ورم کرنا یا سڑ جانا یا موتھہ کا
خشک رہنا اور پانی زیادہ پینا اور آنکھین مائل بسرخی یا زردی ہونا علامت موت اڈے سے
دمبدم گر جانا یا پنجرہ مین بیٹھے نہ رہ سکنا لوٹ لوٹ جانا اور پانی زیادہ بیتابی کے ساتھہ پینا
فائدہ نبض طیور کے بازو کی دوسرے جوڑ پر یا بازو کی جڑ مین ٹٹولی جاتی ہے اس سبب سے
کہ اون مقام مین شریان گوشت کے نیچے نہین ہے حرکت واقعی اوسکی معلوم ہوتی ہے
عسرت مفرط دلیل حرارت اور بطوء زیادہ دلیل برودت کی ہے **فائدہ** تعداد وزن ہر دواکی
نسخہ جات خوردنی مین بلحاظ ترکیب کے لکھی ہے اوسی ترتیب سے بلحاظ جثہ طیور کے کھلانا
پلانا چاہیئے ایسا نہین کہ مطابق اوزان مرقومہ کے ہر طائر خرد کلان کو دیا جاوے۔

فصل ۳۳ - امراض سر اور گردن مین درد سر جڑیا سر اور گردن کو خلاف عادت طبعی کے
جنبش دیا کرتی ہے اور کبھی سر کو اندازہ سے زیادہ بلند رکھتی اور کبھی جھکائے رکھتی ہے
اور آنکھونکا رنگ متغیر ہوتا ہے اگر اس حالت کے ساتھہ علامت گرمی کی نمایان ہو تو
ع کشنیز خشک پانی مین پیس کر سر اور گردن مین لگانا چاہیئے // برگ تازہ مکوے
اور کونپل نیب ہموزن پیسکر لگانا // صندل دو ماشہ کنجد سیاہ تین ماشہ پیس کر لگانا //
اور ایک تولہ عرق گلاب پلانا // گل سُرخ ایک ماشہ تخم کاسنی نیمکوفتہ دو ماشہ تھوڑی پانی مین
تر کرکے ملکر چھانکر پلانا // اور برگ مکوے یا برگ کشنیز تازہ نچوڑ کر ناک مین ٹپکانا مفید ہی
اور اگر سردی سے ہوئے تو برگ دونا مروا یا برگ پودینہ پانی مین پیسکر شیر گرم لگانا //
خشک پتی پودینہ پانی مین پیس کر شیر گرم لگانا اور عرق گلاب مین تر کرکے پلانا // برگ
بنفشہ یا گل بابونہ پلانا اور لگانا مفید ہے **گردن جکڑ جانا** کہ سر اور گردن کی
حرکت دشوار یا معدوم ہو جاوے ع تخم شبت یعنے سویہ اور برگ پودینہ ہموزن
جوش کرکے نطول یعنی تلیلا کرنا // آب برگ بھنگرہ یا تلسی کا پلانا // خردل دو ماشہ کنجد
سیاہ چار ماشہ پیسکر شیر گرم لگانا یا کرنا **سر کے بال جھڑنا** اگر یہہ عارضہ بدون

خارش بدن کے اور خلاف موسم کرنے کے واقع ہو ع ماءالشعیر پلانا ؍؍ آب کدو یا آب کشنیز بروغن بنفشہ ملا کے لگانا ؍؍ پرسیاوشان یا تخم خرما جلا کر پیسکر لگانا مفید ہے۔

فصل ۴ - امراض آنکھ اور پلک مین اگر ضعیف بصر ہوئے تو عرق گلاب مین شکر سفید گھولکر آنکھ مین ٹپکانا مفید ہے ؍؍ عرق انار شیرین ٹپکانا ؍؍ آب برگ مورد مین توتیای مغسول گھول کر لگانا اگر پھلی اور جالا اور ناخنہ ہو جاوے تو نبات سفید خشک مثل سرمہ کے گھسکر لگانا ؍؍ مچھلی کے پتے مین شہد ملا کے لگانا بکری کا پتہ لگانا اگر رطوبت غلیظ آنکھون سے نکلا کرتی ہو تو ہلیلہ زرد پانی مین تر کرکے اوس سے تھوڑا پانی لیکر قدرے پھٹکری بریان اوسمین ملا کے لگانا مفید ہے اگر رطوبت رقیق جاری رہا کرتی ہو تو بکری کے دودھ مین برگ بنفشہ تر کرکے ملکر چھانکر لگایا کرین اگر پلکین موٹی ہو گئی ہون تو کبوتر کے بازو کی کلی کا خون لگانے سے بحالت اصلی ہو جاتی ہین اگر پلکون پر پھنسی نکلتی ہون تو لہسن پوست دور کردہ سے کھجلا کے اوسپر پوست درخت نیب کی خاکستر لگانا مفید ہے اگر خارش پلکون مین ہو تو عرق گلاب مین تھوڑی سماق تر کرکے اوسکا پانی لگایا کرنا مفید ہے اگر ناسور گوشۂ آنکھ مین ہوئے تو روغن گل سرخ ٹپکانا مفید ہے۔

فصل ۵ - بیماریہائے منقار یعنی چونچ اور مخلب یعنی ناخن اور پنجہ مین اگر چونچ اور ناخن سے پوست اوکھڑتا ہوئے تو تخم ترب اور پشک تر ہموزن سفوف کرکے روغن بید انجیر مین ملا کے لگایا کرنا مفید ہے اگر چونچ یا ناخن موٹے ہو گئے ہون تو مغز بادام شیرین اور مغز پستہ ہموزن کبوتر کے انڈے مین پیسکر لگایا کرنا مفید ہے اگر چونچ اور ناخن پیچیدہ اور کج ہو جاوین تو سرکہ خالص مین پھٹکری ملا کر طلا کیا کرنا مفید ہے اگر چونچ باہم چپک جایا کرتی ہو تو روغن کنجد سفید خواہ روغن زرد لگایا کرنا اور قدرے روغن کنجد ناک مین ڈالنا اور زردی انڈے مرغ کی کھلانا مفید ہے اگر پنجہ مین ثبور اور رسہ پیدا ہو تو مقل ازرق چار ماشہ ایک شبانہ روز سرکہ نشیکر مین تر کرکے گل خطمی دو ماشہ تخم السی گل بنفشہ گل بابونہ ایک ایک ماشہ ملا کے کھرل کرکے لگایا کرنا مفید ہے اگر پنجہ مین خارش ہوئے کہ کھجلا کھجلا کر خون نکالا کرے تو دار چینی پانی مین پیس کر لگانا یا نانخواہ اور گیرو لگانا۔

فصل ۶ - امراض مونھہ اور زبان اور حلق مین اگر مونھہ اور حلق مین ایسی خشکی ہوجاوے کہ غذا پھنس جاتی ہو اور نگلنا دشوار ہو تو بہدانہ یا تخم السی عرق گلاب مین تر کرکے اوسکا لعاب پلانا مفید ہے ،، بہدانہ ایک ماشہ اور اصل السوس نیکوفتہ دو ماشہ پانی مین تر کرکے ملکر چھانکر بدفعات پلانا ،، کتیرا اور نشاستہ ہموزن سفوف کرکے مونھہ مین ڈالنا اگر مونھہ کے اندر کسی طرف ورم ہوجاوے تو اسبغول کا لعاب گرم کرکے لگانا ،، انجیر ولایتی پیسکر تھوڑا ایلوا ملاکے لگانا اور جب ورم ٹوٹ جاوے تو ریم صاف کرکے برگ کنار جنگلی خشک کا سفوف چھڑکنا اگر حلق کے اندر تشنج ہو کہ اوسکے سبب سے غذا نگلنا دشوار ہو تو انجیر ولایتی یک عدد و مویز منقی پانچ دانے جوش کرکے پلانا اور اوسیکو پیسکر نیم گرم گلے پر لگانا مفید ہے ،، مغز اخروٹ خواہ مغز بادام شیرین مقشر پیسکر شیر گرم پلانا اور لگانا اگر حلق کے اندر آماس ہو کہ جسکے سبب سے غذا نگلی نہ جاوے اور دم تنگی کرے اور ٹٹولنے سے ورم دریافت ہو تو دوا مجرب یہ ہے کہ پوست تخم مرغ خوب سفوف کرکے مویز منقی کے ساتھہ پانی مین پیسکر پلانا ،، عرق گلاب اور آب برگ مکوی ہموزن نیم گرم پلانا ،، روغن گل یا روغن بنفشہ قدرے حلق مین ٹپکانا ،، گیرو اور املتاس گلے کے اوپر لگانا ،، برگ مکوے اور تخم سوہ پیس کر نیم گرم لگانا -

فصل ۷ - امراض شش اور دل مین سعال اور ضیق النفس اگر گرمی سے ہو علامت اوسکی سرعت نبض اور گرمی پنجہ کی اور ظہور لاغری بدن کی اور کمزوری سے ہے ع گوند ببول اور بہدانہ اور گل ارمنی ہموزن پانی مین تر کرکے ملکر چھانکر قدرے روغن کنجد سفید ملاکے پلانا ،، کتیرے کو گدھے کے دودھ مین تر کرکے کھلانا ،، ماء الشعیر پلانا ،، برگ پالک یا خرفہ یا کشنیز پر بٹھلائے رکھنا اور اگر سردی سے ہو علامت اوسکی جنبش سر کی اور خارج ہونا رطوبت کا مونھہ اور ناک سے اور بطوء نبض اور ضعف جگر کا ہے ع موش کی مینگنی عرق گلاب مین گھولکر پلانا مفید ہے ،، قدرے ہینگ اور لہسن کھلانا فائدہ چوب کپاس سے دونوں باچھین اور پیشانی پر داغ دینا جملہ اقسام کو نہایت مفید ہے ،، میتھی کے لعاب مین شہد ملاکر پلانا یا آرد مونٹھہ مین سان کر گولیان بناکے

کھلانا ،، مصبر ایک ماشہ گلقند تین ماشہ گولیان بناکر کھلانا جس سے اخراج مواد بیخال کر ساتھہ ہوجاوے ،، قدرے ہینگ کھلانا مفید ہے **خفقان** علامت اوسکی سوء تنفس اور گھبرائی صورت اور حرکت استخوان سینہ اور کبھی اواز ناک سے آنا ع گلاب پلانا اور تخم ریحان کو عرق گلاب مین ترکرکے کھلانا مفید ہے اور ایک عدد انجیر پانی مین ترکرکے چھہ رتی گیرو اوسکے پانی مین گھولکر پلانا اور غذا مین سرد کھلانا اور سرد پتون پر بٹھلائے رکھنا چاہیئے کہ چند روز مین یہ عارضہ دفع ہوجاتا ہے **گرفتگی آواز** خواہ بند ہوجانا ع تخم خطمی دو ماشہ انجیر ولایتی ایک عدد تھوڑے پانی مین جوش کرکے دو ماشہ شہد ملاکے نیم گرم پلانا ،، اصل السوس دو ماشہ وزوفا ایک ماشہ جوش کرکے پلانا۔

فصل ۸ ۔ امراض حوصلہ مین یعنی جو عضو کہ مثل تھیلی کے انتہاے گلو اور ابتداے سینہ مین ہے اور غذا اولًا اوسمین ٹھہر کے تحلیل ہوتی ہے جیسا اور ونکے معدہ مین اور اوسکو ہندی مین پوٹہ کہتے ہین **بدہضمی** علامت اوسکی قے کرنا اور بار بار موںھہ کھولنا اور موںھہ سے رطوبت نکلنا اور سست رہنا اور لوٹنا اور بیچین رہتا ہے ع زنجبیل اور مصطگی اور مرچ سیاہ اور دار چینی بوزن مساوی سفوف کرکے تھوڑی شکر ملاکے چھوٹی چھوٹی گولیان بناکے کھلانا خواہ انھین دواؤن کو عرق بادیان مین گھول کر پلانا ،، مصطگی اور قرنفل اور پودینہ تازہ قدرے جوش کرکے پلانا خواہ مویز منقی کھلانا اور فاقہ کرانا اور غذا بعد خالی ہونے حوصلہ کے دینا **ریاح** علامت اوسکی آواز قراقر کی پیٹ سے آنا اور قلت غذا کی ہے ع جو گولیان کہ بدہضمی کے واسطے لکھی گئی ہین اوسکے واسطے بھی کھلانا مفید ہے ،، چھوہے کا انڈا شکر ملاکے کھلانا نہایت نافع اور مجرب ہے ،، نوشادر شکر مین ملاکے گولی بناکے کھلانا بہت مفید ہے ،، بادیان اور اجمود جوش کرکے تھوڑا روغن بادام ملاکے حقنہ کرنا **کیڑے** حوصلہ مین پیدا ہونا علامت اوسکی سر جھکائے رہنا اور لاغر ہوتے جانا ہے اور کہین حقنہ سے پتلے پتلے کیڑے جیسے کہ ہر کہ مین پڑتے ہین نکلنا ع شفتالو کے پتے کچل کر پانی نچوڑ لیوین اوسمین شہد ملاکے پلاوین ،، کمیلہ اور بابرنگ مساوی سفوف کرکے گولیان بناکے کھلاوین۔

فصل ۹

فصل ۹ - امراض جگر اور رودہ اور مقعد مین **ورم جگر** علامت اوسکی تشنگی زیادہ اور ادبھرا ہونا استخوان سینہ کا اور اوسکے چھونے اور دبانے سے ملول و متضرر ہونا ع ملک مغسول اور ریوند چینی اور گل سرخ اور بیخ کاسنی ہموزن جوش کرکے پلانا // آرد عدس مین شکر ملاکے کھلانا اور چھاتی کی بال کترکر صندلین اور جو مصطگی رومی بوزن مساوی پیس کر نیمگرم لگانا // چھاتی پر ایک جونک لگاکے خون ناقص خارج کر ڈالنا زیادہ تر مفید ہے **قولنج** علامت اوسکی فضلہ یعنے پیخال خشک بہ سختی نکلنا اور پیٹ کو درد کے سبب سے رگڑنا اور بیچینی ظاہر کرنا ع تخم میتھی اور تخم سوہ جوش کرکے اوسکے پانی مین شہد ملاکے پلانا // چنبیلی کے پھول خواہ پتے پانی مین ملکر شیر گرم پلانا // تخم میتھی اور گل لیمو کاغذی پانی مین ملکر شیر گرم پلانا // گل بابونہ اوسی طرح پلانا کرم اگر امعا مین ہون علامت اوسکی پیخال مین زیادہ بدبو ہونا اور کبھی کبھی اوسکے ساتھ کیڑے نکلنا اور اکثر لوٹنا چڑیا کا ہے اور اگر مقعد مین ہون تو علامت کھجلانا زیادہ مقعد کا اور کبھی کبھی نکلنا کیڑے کا ہے ع جو ادویہ کرم دو صلہ مین لکھی ہین مفید ہے // کمیلہ تین ماشہ ترید سفید دو ماشہ باد برنگ ڈیڑھ ماشہ سفوف کرکے مقعد پر لگانا مفید ہے **بواسیر** علامت اوسکی پیخال خون آلودہ اور قلیل المقدار بدقت خارج ہونا اور فساد ہضم غذا او ظہور کمزوری ہے ع تخم السی بریان جوش کرکے اوسکے پانی مین تھوڑا روغن السی یا روغن اخروٹ یا روغن نارجیل ملاکے حقنہ کرنا اور مسے پر لگانا // لعاب میتھی مین سفوف اخروٹ سوختہ ملاکر حقنہ کرنا اور لگانا **قروح مقعد مین** ع چربی بط کی لگانا اور روغن گل لگانا مفید ہے -

فصل ۱۰ - امراض مفاصل اور پاؤن مین اگر پاؤن کی گانٹھین پھولی ہوئی ہون اور منجہ سے زور نکر سکے ع اگر لمس گرم ہوئے تو ایک جونک گانٹھہ پر لگاکے خون نکال ڈالین // گیرو اور رسوت اور نشاستہ گندم ہموزن پیسکر شیر گرم لگانا // سورنجان تلخ سرکہ مین گھسکر شیر گرم لگانا // کافور سرکہ مین گھولکر لگانا // عناب اور بنفشہ پلانا اور اگر سردی سے ہو تو روغن اخروٹ یا روغن بادام یا ارنڈی کا تیل شیر گرم لگاکے دھتورہ کا پتہ خواہ بنگلہ پان رکھکر باندھ دیا کرین // تخم ہالون کو سرکہ مین جوش کرکے اوسمین کپڑا ترکرکے باندھنا

رر زعفران کھلانا اور لگانا رر سنا، کی سفوف کرکے شہد مین ملا کے کھلانا اگر پنچون مین ورم ہووے ع پوست خشخاش کو سفوف کرکے سرکہ مین پکاکر لگانا رر اسبغول کوٹ کے پکاکر تھوڑا روغن گل ملا کے لگانا چاہیے اگر ورم تحلیل نہوئے اور ٹوٹ جاوے تو مرہم کافوری لگایا کرین مفید ہے ص روغن کنجد سفید تین تولہ آگ پر رکھکر موم خام ایک تولہ ملاوین جب پگھل جاوے تین ماشہ رال سفید چھہ ماشہ کافور سفوف کرکے ملاوین جب ایک ذات ہوجاوے اوٹھا رکھین۔

فصل ۱۱ - امراض پر و بال مین پرون کا گرنا اگر سوائے ایام کرنیکے پھڑتے ہون اور نہ نکلتے ہون خواہ نکلتے ہون مگر کمزور اور ناقص نکلتے ہون ع اولاً یہہ اجزاء مسہلہ کھلانا چاہیے ص صبر کوٹ کے پانی مین گولیان بناکر کھلاوین خواہ رسوت اور صبر ہموزن کی گولیان کھلاوین خواہ سنای مکی اور گل سرخ ہموزن جوش کرکے پلادین اوسکے بعد پرسیاوشان جلاکر اوسکی خاکستر پانی مین گھول کر لگایا کرین رر شلجم یا برگ کنجد سیاہ جوش کرکے اوسکے پانی سے دھویا کرین اور جب بال جمین تب روغن کنجد سیاہ لگایا کرین **قمل** یعنے جون پڑجانا پرون مین تمام بدن کے علامت چڑیا بیشتر پرنوچا کرتی ہے اور پرونکی جڑ مین دیکھنے سے جون نظر آتی ہین ع ہرتال دو ماشہ زراوند طویل چھہ ماشہ مویز پندرہ عدد پانی مین پیس کر طلا کرنا مفید ہے رر حنظل جوش کرکے اوسکے پانی سے دھونا رر جھاؤ کی لکڑی اور ریتی پانی مین پیس کر اوس سے دھونا رر پارہ سرکہ مین خواہ آب برگ نیب مین حل کرکے لگانا **فائدہ** پودینہ تازہ پیسکر اوسکا پانی نچوڑ کر لگانے سے جون مرجاتی ہین اور جملہ امراض پرونکو مفید ہے **فائدہ** آب دہن دواب کا لگانے سے جملہ طیور کی جون مرجاتی ہین۔

فصل ۱۲ - امراض عامہ مین بردہ ایک مرض ہوتا ہے کہ تمام بدن کے بال کھڑے رہتے ہین اور انگلیان ٹھنڈھی ہوجاتی ہین اور چڑیا غذا نہین کھاتی اور حرکت نہین کرسکتی اور یہہ عارضہ شدت سردی سے ہوتا ہے ع بابونہ جوش کرکے اوسکے پانی سے بدن دھونا چاہیئے خواہ اجمودھ یا اجواین پیس کر شیر گرم تمام بدن پر لگانا

اور دنکو تابش آفتاب مین اور راتکو مکان گرم مین یا آتش خانہ کے قریب رکھنا اور دوائین
اور غذائین گرم کھلانا چاہیے **خارش** علامت اوسکی ظاہر ہے **ع** برگ او رچوب خرزہرہ
یعنی کنیر تر کی اوسکے پانی سے دھونا // چقندر کچل کر اوسکا پانی نچوڑ کر لگانا // میتھی جوش کر کے
اوسکا لعاب شہد ملا کر لگانا اور پھر اوسکو گرم پانی سے دھونا // گھی خواہ مسکہ غذاؤن مین
ملا کر کھلانا مفید ہے **اورام** تمام بدنمین جس جگہہ کہ ہووین **ع** ورم گرم مین گل ارمنی
اور صندل سرخ طلا کرنا یا زعفران سرکہ مین گھسکر لگانا اور ورم سرد مین گل بابونہ اور تخم
سویہ پانی مین پیسکر کے نیمگرم لگانا یا اجواین اور برگ مکوی پیسکر طلا کرنا **سیپ** یہ مرض ایسا
ہوتا ہے کہ چڑیا کے مزاج پر سردی ایسی غالب ہوتی ہے کہ گوشت سینہ اور رانکا تحلیل
ہو جاتا ہے اور روز بروز لاغر کمزور ہوتی جاتی ہے **ع** آرد گندم مین آٹھوان حصہ اوسکا
سفوف زنجبیل ملا کر روغن زرد مین ملکر پانی مین سان کر گولیان بنا کر کھلانا مفید ہی // شبینہ
روٹی مین مسکہ خواہ بالائی ملا کر کھلانا // جو چڑیا کہ غلہ نکھاتی ہووے اوسکو ایک دد
لہسن مقشر کھلانا // پتنگا خواہ دیمک کھلانا // مرچ سیاہ اور زنجبیل کلان بوزن مساوی
گولیان خورد بنا کر کھلانا // بالائی یا مغز بادام شیرین یا چلغوزہ یا چرونجی کھلانا **وحشت**
یہ ایک عارضہ ہوتا ہے کہ ایام گرما مین شدت گرمی سے دانہ کم کھاتا ہے اور حرکات وحشیانہ
کرتا ہے **ع** کشنیز خشک پانی مین پیسکر چھانکر شربت انار شیرین گھولکر پلانا // عرق
گلاب مین آملہ تر کر کے پلانا اور غذا آرد جو سانکر کھلانا **اونگھ** ایک بیماری ہی کہ چڑیا اونگھا
کرتی ہے دانہ کم کھاتی ہے پانی زیادہ پیتی ہے بال پھولے رہتے ہین اور بیچال بسر
کرتی ہے یہ بیماری اگرچہ مہلک ہے مگر یہ دوائین اکثر مفید ہوتی ہین **ع** پودینہ
تازہ یا برگ تلسی یا دونہ مروا پیسکر اوسکا پانی نچوڑ کر پلانا // گلاب پلانا اور مکان سرد
اور ہوای سرد مین رکھنا **زخم** کسی سبب سے ہو **ع** سرد پانی سے دھونا اور تر رکھنا
مفید ہی اور اگر زخم لایق سینے کے ہو تو ریشم سے دوخت کر کے پانی سی تر رکھین اور اگر ریم
آجاوی تو یہہ مرہم لگادین **نسخہ** روغن زرد دو تولہ آگ پر رکھکر رال سفید تین ماشہ اور کافور ایک
ماشہ اور موم خام دو ماشہ ملا کر مرہم بنا وین اور اگر زخم خفیف ہو تو بیچال اوسی مرغ کی لگانی سے

خشک ہو جاتا ہے فائدہ اکثر طیور کو بعض امراض مین خواہ بغرض سُبکی اونکے جسم کے کہ
شکار یا لڑائی خوب سُبکی اور قوت سے کرین جھاڑ یعنی جلاب دیا جاتا ہی ص برگ بنفشہ مکوی
دو دو ماشہ گلقند چار ماشہ لب خیارشنبر چھہ ماشہ پانی مین تر کرکے ملکر چھانکر شیر گرم پلانا //
مصری ایک ماشہ گلقند تین ماشہ پیسکر گولیان بنا کے کھلانا // مغز خیارشنبر تین ماشہ مصبر
ایک ماشہ قند سیاہ دو ماشہ باہم ملا کے کھلانا یا پلانا // نبات سفید بقدر مناسب سفوف
کرکے مونھہ مین ڈالنا اور چند قطرہ آب گرم اوسپر ڈالنا فائدہ چڑیا دانہ خور کو جلاب کے
پانی مین دانہ تر کرکے اور خشک کرکے کھلانا بھی اسہال لاتا ہی فائدہ مخفی نرہے کہ اقسام
طوطون کے بہت ہین مگر طوطا سبز رنگ سرخ منقار بسبب خوش الحانی کی پالے جاتے ہین
اور اگرچہ دال نخود تر کرکے یا آرد گندم یا نخود یا جو کھلانے سے برداشت پاسکتا ہی مگر ہمیشہ غلہ
کھلانے سے بیمار ہو جاتا ہے کیونکہ غذای اصلی اوسکی ہر قسم کے پھل صحرائی اور بستانی ہین
لہذا چاہیے کہ ہر قسم کے پھل پیداوار وقت کے اوسکی خورش کو دیے جایا کرین اسطور پر
غذا پانے سے چاق اور خوش اور خرم رہتا ہے اور زیادہ بولتا ہی اور اگر کم بولتا ہوئے تو
لال مرچ تازہ کھانے کو دیجاوے اور اگر تازہ بہم نہ پہونچے تو خشک مل کر دوسری غذا مین
ملادیجاوی // بادنجان تازہ کھلایا جاوی // بھنگرہ سیاہ ڈنڈی کا اور اگر نہ ملے سبز ڈنڈی کا
دیا جاوی اور ایام زمستان مین دو چار بار مغز بادام شیرین مقشر بھی کھلانا ضرور ہی اور ریزش کی
بیماری اسکو اکثر ہوتی ہی اور اس بیماری مین سُست پڑا رہتا ہی رغبت غذا اور طاقت بولنی
کی نہین رہتی ایسی حالت مین دو تین روز تک ایک ایک حب الشفا کھلانا موجب صحت ہی ورنہ اس
بیماری مین اکثر ضائع ہو جاتا ہے ترکیب حب الشفا کی یہہ ہی تخم دھتورہ نو ماشہ ریوند چینی
چھہ ماشہ زنجبیل تین ماشہ گوند ببول دو ماشہ سفوف کرکے پانی مین سان کر بقدر مونگ کے
گولیان بنا رکھین اور اور اقسام کے طوطے فقط بباعث خوش رنگی کے پالے جاتے ہین غذا
اونکی اکثر پھل پیداوار ہر فصل کے اور دودھ اور خشکہ ہی اور معالجہ سب قسمونکا بقاعدہ بالا ہوتا ہے

واللہ علیم حکیم تمّ الکتاب بعون الملک الوہّاب +
والیہ المرجع والمآب

قطعۂ تاریخ طبعزاد محمد سلیم المتخلص باختر ہمشیرہ زادۂ حکیم احسانعلی

اختر جو تالیف ہوا نسخۂ نادر
صحت کے لگے ہاتھ نئے ہکو غنائم

احباب نے تالیف کی تاریخ جو پوچھی
ہم بولے کہ لو دافع امراض بہائم

خاتمۃ الطبع از جانب مالک مطبع اودہ اخبار

شکر پروردگار کا کہ جوحی لایموت ہے دوام وثبات اوسیکی ذات کو ہے اور فنا و زوال ماسوا اللہ اور جملہ کائنات کو ہے انقلاب روزگار گردش دور دوار کا عجب رنگ پرتاثیر بنایا ہے کسیکو موجود کیا کوئی معدوم ہوا قدرت نیرنگ کے نشیب و فراز کی یہ دنیا نمایش گاہ ہے کہ جسکا تماشائی ہر پیر و جوان بیک نگاہ ہے۔ اس پیر فلک نے کیسے کیسے جوان صاحب کمال کو بیک چشم زدن نیست و نابود کیا باد صرصر فنا سے اونکے چراغ حیات کو ایکدم مین بوجھا دیا نام و نشان اونکا صفحۂ ہستی و دہر سے مٹا دیا ۵ ذرا رحم آیا نہ پیر فلک کو + مٹے نامیو کے نشان کیسے کیسے + اگر ارباب کمالات علمیہ اپنی تصانیف باقیات صالحات چھوڑ جاتی کاہیکو زندہ جاوید کا نام پاتے ہم نہایت حسرت کے ساتھ لکھتے ہین کہ باعث ترقی علوم و فنون مجمع فضائل حکیم محمد احسانعلی مرحوم رئیس قصبۂ نارہ پرگنہ کڑہ ضلع الہ آباد ذیجو لہیر باکمال تھے اس عالم کو چھوڑا اور بقاے ذکر خیر کے لیے بہت کتابین عمدہ عمدہ اپنی تصنیفات سے یادگار چھوڑین کہ جس سے ذکر جمیل ابدالآباد قائم و دائم رہیگا از انجملہ چند کتابین جس کا ذکر ذیل مین کیا جاتا ہے اوس مرحوم کی تصنیفات سے ہین +

طب احسانی۔ اس کتاب کی ہزارہا جلد کئی مرتبہ مطبع نظامی واقع کانپور و دہلی وغیرہ وغیرہ مطابع سے شائع ہوئی ہے +۔

اوراد احسانی۔ وظیفہ مین کیسی مستند مشہور ہے اور ہزارہا جلد چند مرتبہ مطبع نظامی مین طبع ہوئین +۔

معالجات احسانی۔ یہ کتاب دو مرتبہ مطبع منشی نولکشور مین طبع ہوئی۔

مرکبات احسانی - یہ کتاب بھی مثل دیگر طب قرابادین کے ہے او مطبع منشی نول کشور مین طبع ہوئی ہزارہا نسخہ بڑی خواہش سے فروخت ہوئے +-

قرابادین احسانی - مطبع نظامی واقع کانپور مین چند مرتبہ طبع ہوئی +-

مقالات احسانی - یہ تصنیف حضرت کی نہایت نافع تحقیقات مفردات و مرکبات طب مین مرغوب و کارآمد چیز ہے مطبع منشی نول کشور مین طبع ہوئی +-

نکات احسانی - یہہ کتاب عجیب و غریب خیالات مین تصنیف ہوئی ہے - ہر ایک بات مین پہلے مطالب و نکات زبانی اور اوسکے ساتھہ جس موقع پر مناسب معلوم ہوا ہر مسائل و معالجات طب کو بھی شامل کیا ہے +-

تہذیب احسانی - اسم باسمی رسالہ ہے ضروریات معاشرت زندگی مین جوہر انسان کے لیے نہایت مفید و کارآمد ہے اسکے اخیر مین انتخاب اسناد اور سارٹیفکٹ کا بھی درج ہے جس سے ہمارے عالی جناب حکیم صاحب کی تصنیفات و کمالات دنیوی کی برکت اور ناموری کی اشاعت بخوبی ہوئی +

اور اب یہ اوس کامل کا آخری نقش یادگار ہے کتاب لاثانی جسکا نام علاج جسمانی ہے معالجات بہائم و وحوش مین بے مثل و بے نظیر ہو جو حسب الحکم نواب لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی تصنیف ہوئی ایکبار یہ کتاب سودمند عام اس مطبع منشی نول کشور مین چھپی خواہش خریداروں سے دست بدست بکی اب بار ثانی بموجب خواہش طالبین مطبع مذکور واقع لکھنؤ مقام حضرتگنج متصل ڈاکخانہ سرکاری مین بماہ جون ۱۸۷۹ع مطابق ۱۲ رجب المرجب ۱۲۹۶ھ چھپکر طیار ہوئی خداوند تعالے مطبوع و مرغوب عالم فرماوے اور ذکر خیر مصنف ورد زبان اہل عالم رہے

اکسیر القلوب ترجمہ مفرح القلوب مولوی محمد نور کریم مغفور نے حسب ایمای مالک مطبع مفرح القلوب مصنفہ سید محمد اکبر عرف حکیم محمد ارزانی کا ترجمہ اردو مین بہت عمدہ کیا اور اب مکرر طبع ہوا ہے

علاجات مسیحی مصنفہ سید محمد ولی صاحب عرف مسیحا معالجہ امراض وبائی و سوئی ہاضمی تدابیر ترکیبات شربت و سفوف معجون وغیرہ

فرسنامہ رنگین۔ گھوڑونکی علاج مین

مجمع البحرین۔ یہ کتاب لاجواب تصنیف حکیم محمد حیدر خان ساکن جالندہر ملازم سرکار ریاست کپورتھلہ سے یادگار ہی اس کتاب لاجواب مین فن طب ڈاکٹری و یونانی کو باہم متفق کیا ہی اسوقت تک ایسی کتاب نادر دیکھنے مین نہین آئی

مقالات احسانی۔ فن طب مین مثل مخزن کے ادویات کے تاثیرات مین تشریح عمدہ کی گئی ہی تصنیف حکیم محمد احسان علی مرحوم وکیل باندہ

کیمیای عناصری۔ ترجمہ قرابادین قادری حسب ایمای مالک مطبع مولوی حکیم نور کریم مغفور نے قرابادین قادری کا اردو مین ترجمہ کیا۔

علاج المواشی عمدہ عمدہ تدابیر و علاج امراض جانورون کے جسکو جناب مولوی ابو الحسن صاحب نے انگریزی کتاب ڈاکٹر ای ایچ ہیملن صاحب بہادر سے ترجمہ فرمایا

ترجمہ ذخیرہ خوارزم شاہی جسکو عیسی دوران بقراط زمان جالینوس ثانی حکیم اسماعیل بن الحسن محمد احمد الحسنی الجرجانی فی بیچ فارسی زبان کی سنہ ۵[illegible] تصنیف فرمایا اور کلیات و معالجات و تشریحات طب کو نہایت عمدہ طور سی لکھا اور کوئی دقیقہ دقائق فن طب سی فروگذاشت نہین ہوا اس نادر الکتاب کا ترجمہ اردو مین زرخطیر اس مطبع عالی سے صرف ہوکر ڈیڑہ برس کی زمانہ مین جناب حکمت مآب ارسطا طالیس زمان سقراط دوران بڑے حاذق فن طب مین ترجمہ اردو کی مشاق ہمہ دان حکیم ہادی حسن خان صاحب مرادآباد نے فرمایا یہ کتاب دس جلد و حصہ مین ہے

کتب طب زبان فارسی

خلاصۃ التجارب طب تصنیف بہاء الدولہ سے یہ کتاب نہایت نایاب اور اس جامعیت اور تجربہ کی کتاب کم دیکھی اور سنی عمدہ چھاپہ لکھنؤ

ایضاً۔ مطبوعہ جدید

مجربات بوعلی سینا مسمی بہ تحفۃ العاشقین تصنیف بوعلی سینا عورتون کی ساتھہ معاشرت کی مضامین اور ادویات و معالجات اسی قسم کے اس کتاب مین ہین

مجربات اکبری محشی تصنیف حکیم محمد اکبر خان عرف حکیم ارزانی

تکشیف الحکمت حکیم محمد سلیم الدین خان کی تصنیف سے ہے قدردانی شائقان سی مکرر طبع ہوئی

کفایہ منصوری مشہور کتاب معالجہ اور تشریح مین ہے
ضیاء الابصار فن طب مین تصنیف حکیم محمود خان صاحب کی
مجربات رضائی - معالجہ امراض ضعف باہ و مثانہ
و کثرت مجامعت و نسخہای مجرب ہر ایک مرض کی
اسمین بہت لکھے ہین -
دستور العلاج - نہایت صحت کی ساتھہ طبع ہوا ہے
میزان طب مع رسائل دیگر یہ مشہور ابتداء درس کی
کتاب ہی جو کہ قبل اسکے بہ تصحیح و تحشی تمام مطبع محمدی
حاجی محمد حسین مغفور مین طبع ہوئی تھی اوسی منقول
عنہ سی بہ کتابت پاکیزہ طبع ہوئی
طب اکبر - تصنیف حکیم محمد اکبر ارزانی علم طب مین
مستند کتاب ہے -
مطب علوی خان مجربات علوی خان کی کہ ہر
امراض کے لیے منتخب ہے -
تلخیص فصول بقراطی مشہور کتاب علامہ حکیم بقراط
تلخیص و تالیف حکیم مولوی غلام حسنین صاحب
سے ہے جنھون نی شرح اعجاز خسروی تصنیف فرمائی ہے
اور وہ اس مطبع مین سابق ازین طبع ہوئی ہے -
مفرح القلوب فارسی تصنیف حکیم محمد اکبر
عرف محمد ارزانی
عجالہ نافعہ - از تصنیفات حکیم نامی محمد شریف خان
صاحب تصنیف علاج الامراض تقطیع اوسط
اعم العلاج - رسالہ غریب و عجیب رسالہ عجیب حاوی نسخ اکسیر

ادویہ طبیہ تصنیف حکیم امان اللہ فیروز جنگ بن
مہابت خان خانخانان عہد دولت نور الدین محمد
جہانگیر بادشاہ غازی یہ کتاب خاص طریقہ آسان
معالجہ ہر قسم مرض مین مستند و یادگار ہے تقطیع اوسط
طب یوسفی - مشتمل بر رسالہ جات رسالہ نبض
رسالہ قارورہ - رسالہ ستہ ضروریہ - ملحقات یوسفی
رسالہ ماکول و مشروب - قصیدہ در حفظ صحت بدن
رسالہ بحران - مشہور کتاب ہے -
زاد غریب تصنیف حکیم صادق علی خان بن حکیم
محمد شریف خان دہلوی مسافرون کی لیے تدابیر
معالجہ ہر موسم کی ضروری لکھی گئے ہین -
مخزن الادویہ مع تحفۃ المومنین فارسی طب مین
مشہور کتاب ہے -
قرابادین قادری فارسی تصنیف حکیم محمد اکبر
ارزانی مصنف طب اکبر و میزان الطب وغیرہ
سے مشہور کتاب ہے تقطیع اوسط
علاج الابدان - یہ کتاب فن طب مین نایاب ہی
تالیف حضرت حکیم عبد الحق صاحب کی علاج امراض
انسان کا خود انسان سی بہ نقل عبارت کتب معتبرہ
ثابت کیا ہے -
کنز الاسرار تصنیف حکیم ہادی حسن صاحب مراد آبادی مسیح الملک طبیب
نبض الحذاقت - علم طب کی کتاب نادر ہے
موجز - مشہور کتاب متن متین فن طب کی ہے